لاہور اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار
MEMBER APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
Daily SEHAR
مجھے ہے حکم اذاں لاالہ الااللہ
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان
جلد: 19 | منگل 22 ستمبر 2026ء 1448ھ 9 ربیع الثانی 8 اسوج صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ نمبر: 240
www.sehar.pk
dailysehar1@gmail.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

. 238 سب نمازوں کی محافظت کیا کرو اور بالخصوص درمیانی نماز کی، اور اللہ کے حضور سراپا ادب و نیاز بن کر قیام کیا کرو○ 239 پھر اگر تم حالتِ خوف میں ہو تو پیادہ یا سوار (جیسے بھی ہو نماز پڑھ لیا کرو)، پھر جب تم حالتِ امن میں آجاؤ تو انہی طریقوں پر اللہ کی یاد کرو جو اس نے تمہیں سکھائے ہیں جنہیں تم (پہلے) نہیں جانتے تھے○

وزیر داخلہ
اسلام آباد پر دھاوا بولنے کی کوشش کی گئی تو سخت نتائج کا سامنا ہوگا

اس بار ایسا نہیں ہوگا لانگ مارچ آئے، 10 یا 20 روز تک ملک بند رہے، حکومت اس بار مستقل لائحہ عمل بنائیگی، ابھی بھی وقت ہے، بند گلی میں نہ جائیں، ایسے طرز عمل سے اپنا اور اپنے لوگوں کا نقصان نہ کرائیں، سیکورٹی کی صورتحال سب کے سامنے ہے

معیشت پر زیادہ نہیں بولنا چاہتا، عالمی مارکیٹ کے حساب سے پیٹرول کی قیمت بڑھتی ہے، خیبر پختونخواہ میں شہداء کے جنازوں میں صوبائی حکومت کا کوئی رکن شریک نہیں ہوا، یہ بے حسی ہے' محسن نقوی کی پریس کانفرنس

لاہور (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ خیبر پختونخواہ سے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1)

تہران: وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا تہران پہنچنے پر استقبال کیا جارہا ہے

سہیل آفریدی اگر ڈیلیور نہیں کر سکتے تو گھر چلے جائیں: عطا تارڑ

پی ٹی آئی حکومت صرف سوشل میڈیا پر پوسٹیں لگانا جانتی ہے جب کہ ان کی ساری توجہ مائننگ کے ٹھیکوں پر ہے

پی ٹی آئی کو تباہی پھیلانے کی اجازت نہیں دیں گے اور کسی کو اسلام آباد کی طرف نہیں آنے دیں گے

کوہاٹ (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ اگر ڈیلیور نہیں کر سکتے تو گھر چلے جائیں۔ کوہاٹ میں ورکرز سے خطاب کرتے ہوئے عطا تارڑ کا کہنا تھا کہ سی ایم ایچ میں زیرِ علاج زخمی جوانوں کا جذبہ دیدنی ہے، فوج اور پولیس کے جوانوں اور افسران نے بہادری سے آپریشن میں حصہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ بزدل دہشت گرد چھپ کر وار کر رہے ہیں، تاہم سیکیورٹی فورسز کے جوانوں اور (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4)

وزیر اطلاعات کا سی ایم ایچ کا دورہ، زخمیوں سے ملاقات، وزیر اعظم کا جلد صحت یابی کیلئے نیک تمناؤں کا پیغام پہنچایا

کوہاٹ (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2)

نوجوانوں سے ہی پاکستان کی مطلوبہ تبدیلی ممکن ہے' اسپیکر ملک محمد احمد خاں

پاک فوج کے جوان ملک کے تحفظ کیلئے قربانیاں دے رہے، پاکستان کا نوجوان اپنی افواج کیساتھ سیسہ پلائی دیوار کی طرح کھڑا ہے

آج بھی ڈھائی کروڑ بچے اسکولوں سے باہر ہیں اور ہمیں ملک کے ہر بچے کو تعلیم کی سہولت فراہم کرنا ہوگی' قصور میں یوتھ کنونشن سے خطاب

قصور ((راجہ کوکب سے) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں نے کہا ہے کہ جس تبدیلی کے ہم خواہاں ہیں اور جس پاکستان کو ہم دیکھنا چاہتے ہیں، وہ تبدیلی ہمارے نوجوانوں کے ذریعے ہی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3)

خیبر پختونخوا اور بلوچستان
سیکیورٹی فورسز کی زمینی و فضائی کارروائیاں، 41 دہشتگرد ہلاک

کوہاٹ، ہنگو اور ٹل میں 20 ستمبر کو کی گئی زمینی کارروائی کے دوران 9 خوارج ہلاک مارے گئے، افغانستان سے ملحقہ سرحدی علاقے میں دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو بھی نشانہ بنایا گیا

پاکستان کو درپیش دہشت گردی کا خطرہ افغانستان سے جنم لے رہا ہے، پاکستان میں شہریوں کا تحفظ اور سلامتی اولین ترجیح ہے، وزارت اطلاعات

عزمِ استحکام کے تحت انسدادِ دہشت گردی مہم غضب للحق پوری رفتار سے جاری رہے گی، غیر ملکی سرپرستی اور حمایت یافتہ دہشت گردی کا ملک سے مکمل خاتمہ کیا جائے گا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سیکیورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا کے تین شہروں اور سرحدی علاقوں میں زمینی و فضائی کارروائی کرتے ہوئے 37 دہشت گرد جہنم واصل کر دیئے۔ وفاقی وزارت اطلاعات ونشریات کے مطابق پاکستان کے اندر، خصوصاً خیبر پختونخوا کے بے گناہ عوام کے خلاف ہونے والے متعدد دہشت گرد حملوں کے بعد سیکیورٹی فورسز نے کوہاٹ، ہنگو اور ٹل کے علاقوں میں ایک منظم انٹیلی جنس بیسڈ زمینی آپریشن کیا، جس کے بعد دہشت گرد تنظیموں کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6)

خواجہ آصف
اسلام آباد سومنات نہ ہی جنید اکبر محمود غزنوی، وفاق اپنا دفاع کریگا

27 ستمبر کو جس حملے کی یہ بات کر رہے ہیں کیا وہ طالبان کا حملہ ہے؟ کیا پاکستان میں مقیم افغانی اس لشکر کا حصہ ہوں گے؟ وفاق پوری قوت سے اس کا دفاع کریگا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر دفاع خواجہ آصف نے جنید اکبر کے بیان پر ردعمل میں کہا ہے کہ نہ اسلام آباد سومنات ہے اور نہ یہ شخص محمود غزنوی ہے۔ وزیر دفاع خواجہ آصف نے پی ٹی آئی رہنما جنید اکبر کے متنازعہ بیان پر ایکس پر لکھا کہ اسلام آباد پاکستان اسلام کا قلعہ ہے اور وفاق کی علامت ہے، ان کی زبان بتا رہی کہ یہ کتنے پاکستانی ہیں اور یہ اقتدار کے حصول کے لئے کس حد تک جا سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ روز پختونخوا میں جو خون بہہ رہا ہے اس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد: چیف جسٹس آف پاکستان یحییٰ آفریدی این ڈی یو تقریب سے خطاب کررہے ہیں

27 ستمبر کے حوالے سے مشاورت کی گئی ہے، 26 نومبر 2024ء کو تحریک انصاف پر ظلم جبر ہوا، ڈی چوک میں ہم پر گولیاں چلائی گئیں، سہیل آفریدی

لانگ مارچ ہر صورت ہوگا، ہمیں کوئی نہیں روک سکتا، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا

فیصلہ ہوا ہے 27 ستمبر کو پوری طاقت کے ساتھ پُرامن طریقے سے نکلیں گے، ہمارے وزراء کو حراست میں لینے سے تحریک نہیں رکے گی، ہمارا پلان 25 ستمبر کو سامنے آئے گا، ہم ٹی ٹونٹی نہیں ٹیسٹ میچ کھیل رہے، ہم پرامن جائیں گے

پشاور (رپورٹ جہانگیر خان مست خیل پشاور بیورو) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ 27 ستمبر کو ہر صورت اسلام آباد کے لیے نکلیں گے ہمیں کوئی نہیں روک سکتا۔ یہ بات انہوں ں ے وزیر اعلی ہاؤس پشاور میں تحریک انصاف کی پارلیمانی پارٹی کے اجلاس کے بعد میڈیا سے گفتگو میں کہی۔ اجلاس میں مرکزی و خیبر پختونخوا قیادت چیئرمین تحریک انصاف بیرسٹر گوہر، اسد قیصر، عاطف خان، شاہد خٹک سمیت دیگر نے شرکت کی۔ اجلاس کے بعد وزیر اعلی خیبر پختونخوا سہیل آفریدی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11)

اسلام آباد: وفاقی وزیر احسن اقبال اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے

عظمیٰ بخاری کی ویڈیو لنک پر بیان ریکارڈ کرانے کی درخواست منظور

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری کی ویڈیو لنک کے ذریعے بیان ریکارڈ کرانے کی درخواست سماعت کیلئے منظور کرتے ہوئے فلک جاوید سمیت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12)

سکیورٹی فورسز کا پنجگور میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، 4 دہشت گرد جہنم واصل

فتنہ الہندوستان کے جہنم واصل دہشت گردوں کے قبضے سے بڑی مقدار میں جدید اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) بلوچستان میں سکیورٹی فورسز نے فتنہ الہندوستان کے مزید 4 دہشت گرد جہنم واصل کر دیئے۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق سکیورٹی فورسز نے پنجگور کے علاقے اپھان کوہ، پروم میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاعات پر آپریشن کیا۔ آپریشن کے دوران (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23)

کمرہ عدالت سے باہر جانے پر وفاقی سیکرٹری اسٹیبلشمنٹ سے وضاحت طلب

چیف جسٹس نے وفاقی سیکرٹری اسٹیبلشمنٹ سے 23 ستمبر تک وضاحت طلب کر لی

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے عدالتی سماعت کے دوران فون سننے کیلئے کمرہ عدالت سے باہر جانے پر وفاقی سیکرٹری اسٹیبلشمنٹ سے وضاحت طلب کر لی۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7)

وزیر داخلہ محسن نقوی 2 روزہ دورے پر ایران روانہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی 2 روزہ دورے پر ایران روانہ ہو گئے۔ نجی ٹی وی نے ذرائع کے حوالے سے کہا کہ محسن نقوی ایران میں اعلی قیادت سے ملاقاتیں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9)

وزیر اعظم شہباز شریف 25 ستمبر کو اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے خطاب کریں گے

وزیر اعظم تنازعات کے پرامن حل، مکالمے، سفارت کاری اور تحمل کی ضرورت پر زور دیں گیاور عالمی صورتحال پر پاکستانی موقف پیش کریں گے

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم شہباز شریف 21 سے 25 ستمبر تک نیویارک میں جنرل اسمبلی کے اعلی سطح کے اجلاس میں پاکستانی وفد کی قیادت کریں گے اور 25 ستمبر کو اعتماد کی بحالی، (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8)

دو ماہ میں ترسیلات زر 6.4 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں: احسن اقبال کا دعویٰ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10)

مریم نواز
تشدد اور انتشار کا راستہ اپنانے والے پاک سرزمین کی ترقی و خوشحالی کے دشمن ہیں

وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کا قیام امن کیلئے سرحدوں کی حفاظت پر مامور افواج پاکستان کے افسروں اور اہلکاروں کے جذبے اور قربانیوں کو سلام

وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے صوبہ بھر میں امن وامان کیلئے ہمہ وقت سرگرم عمل پولیس اوراور دیگر سیکیورٹی فورسز کے جوانوں کو بھی سراہا

امن سے ہی خوشحالی کے پھول کھلتے ہیں، خوشیاں ہر سو پھیلتی ہیں، پنجاب حکومت امن، برداشت اور بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ کیلئے پرعزم ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ تشدد اور انتشار کا راستہ اپنانے والے پاک سرزمین کی ترقی اور خوشحالی کے دشمن ہیں۔ امن کے عالمی دن کے حوالے سے اپنے پیغام میں وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے قیام امن کے لئے سرحدوں کی حفاظت پر مامور افواج پاکستان کے افسروں اور اہلکاروں کے جذبے اور قربانیوں کو سلام پیش کیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے صوبہ بھر میں امن وامان کے لئے ہمہ وقت سرگرم عمل پولیس اوراور دیگر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13)

اسلام آباد: سربراہ جے یو آئی ف مولانا فضل الرحمٰن پریس کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

وزیر اعظم جنرل اسمبلی میں کشمیر، فلسطین کے مسائل اٹھائیں گے، عاصم افتخار

وزیر اعظم کا یہ دورہ ایسے وقت میں ہو رہا ہے جب نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کا اعلیٰ سطحی اجلاس شروع ہو چکا ہے

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب سفیر عاصم افتخار احمد نے کہا ہے کہ وزیر اعظم شہباز شریف اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے اپنے خطاب میں کشمیر اور فلسطین کے مسائل کو اجاگر کریں گے۔ نیویارک میں وزیر اعظم کے دورے کے حوالے سے میڈیا بریفنگ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22)

پی ٹی آئی کیخلاف کریک ڈاؤن تیز، سابق رکن اسمبلی سمیت درجنوں کارکن زیر حراست

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پی ٹی آئی کے خلاف کریک ڈاؤن تیز کرتے ہوئے پولیس نے سابق رکن قومی اسمبلی اورنگزیب خان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24)

روم: وفاقی وزیر رانا تنویر حسین سیمینار سے خطاب کررہے ہیں

ہنگو میں شہید ہونے والے فوجی افسروں اور جوانوں کی نمازِ جنازہ ادا

وزیر داخلہ محسن نقوی، گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی، کور کمانڈر پشاور، شہداء کے لواحقین اور سینئر سول و عسکری حکام شریک

پشاور (بیورو رپورٹ) ہنگو میں خوارج سے فائرنگ کے تبادلے میں شہید ہونے والے پاک فوج کے شہداء کی نمازِ جنازہ پشاور میں ادا کر دی گئی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق نماز جنازہ میں وزیر داخلہ محسن نقوی، گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی، کور کمانڈر پشاور، (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21)

عالمی برادری مذاکرات سے تنازعات حل کرنے کی راہ اختیار کرے، بلاول بھٹو

پاکستان نے ایران اور امریکہ کے درمیان مذاکرات کی راہ ہموار کر کے امن کے عزم کا عملی مظاہرہ کیا، پیغام

اسلام آباد (اے ایف بی) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ عالمی برادری جنگ کے بجائے مذاکرات کے ذریعے تنازعات کے حل کی راہ اختیار کرے، پاکستان نے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15)

انڈر 19 کرکٹرز کا چیئرمین پی سی بی محسن نقوی سے اظہارِ تشکر

پہلی مرتبہ سینٹرل کنٹریکٹس کا اجرا نوجوان کھلاڑیوں کیلئے حوصلہ افزا ہے

اچھی کارکردگی کا صلہ ملنے سے کرکٹرز کا اعتماد بڑھے گا' ہیڈ کوچ شاہد انور و کھلاڑیوں کا بیان

لاہور (سپورٹس رپورٹر) پاکستان انڈر 19 کے ہیڈ کوچ شاہد انور اور کھلاڑیوں نے چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی سے اظہارِ تشکر کیا ہے۔ شاہد انور نے کہا کہ انگلینڈ میں شاندار کارکردگی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14)

پاکستان بین الاقوامی امن وسلامتی اور اقوام متحدہ کو مرکز بنا کر موثر و جامع کثیر الجہتی نظام کیلئے پختہ عزم کا اعادہ کرتا ہے، محمد اسحاق ڈار

اسلام آباد (سی ایم لنکس) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان بین الاقوامی امن و سلامتی اور (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19)

یورپی یونین اور پاکستان کے درمیان 6 کروڑ 50 لاکھ یورو کے مالی معاونت کے معاہدوں پر دستخط

گلوبل گیٹ وے سرمایہ کاری، قانون کی حکمرانی، کاروباری ماحول، توانائی اور ماحولیاتی استحکام کو فروغ ملے گا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) حکومتِ پاکستان اور یورپی یونین نے مجموعی طور پر 6 کروڑ 50 لاکھ یورو، تقریباً 20 ارب 64 کروڑ روپے، کی مالی معاونت کے تین معاہدوں پر دستخط کیے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16)

اسلام آباد کو کنٹینرز سے بھر دیا گیا، باغی تو آپ خود بنا رہے ہیں، فضل االرحمان

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) جمیعت علما اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ ملک پر قرضوں کا دباؤ اور مہنگائی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20)

27 ستمبر احتجاج، سلمان اکرم راجہ نے چھ رکنی کمیٹی تشکیل دیدی

لاہور (کورٹ رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ علیمہ بی بی، نورین بی بی اور عظمی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18)

روانڈا-پاکستان بزنس اینڈ انویسٹمنٹ فورم 23 سے 25 ستمبر تک کیگالی میں منعقد ہوگا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اور افریقی ممالک کے درمیان تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے اہم اقدامات جاری (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17)

قصور: سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان کھڈیاں خاص ضلع قصور میں منعقدہ یوتھ کنونشن سے خطاب کر رہے ہیں

وفاقی سطح پر متعلقہ لوگوں سے رابطے جاری ہیں، کشیدگی کم کرنے کی ضرورت ہے، بیرسٹر گوہر

وفاقی سطح پر متعلقہ لوگوں سے رابطے جاری ہیں اور گزشتہ ہونے والے واقعات سے متعلق اپنا پیغام ان تک پہنچا دیا ہے، چیئرمین پی ٹی آئی

پشاور (بیورو رپورٹ) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ وفاقی سطح پر متعلقہ لوگوں سے رابطے جاری ہیں، گرفتاریاں صورتحال کو مزید سنگین کر دیں گی، اب وقت ہے کہ حالات کو مزید بگڑنے سے روکا جائے، کشیدگی کم کرنے کی ضرورت ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ گزشتہ رات سے وفاقی سطح پر متعلقہ لوگوں سے رابطے جاری ہیں اور گزشتہ ہونے والے واقعات سے متعلق اپنا پیغام ان تک پہنچا دیا ہے۔ چیئرمین پی ٹی آئی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25)

پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان 6 کروڑ 50 لاکھ یورو کے معاہدوں پر دستخط

منصوبے کے تحت ٹیکس نظام اور طویل مدتی مالیاتی منصوبہ بندی بہتر بنائی جائے گی، حکام

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان 6 کروڑ 50 لاکھ یورو کے معاہدوں پر دستخط ہوگئے، جن کے تحت ملک میں 3 اہم ترقیاتی پروگرام شروع کیے جائیں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26)

ٹیک برآمدات میں 21 فیصد اضافہ، نصف سے زائد امریکا کو جارہی ہیں، شزہ فاطمہ خواجہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزہ فاطمہ خواجہ نے کہا ہے کہ پاکستان کے آئی ٹی و (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27)

آبنائے ہرمز، باب المندب بند ہونے سے تیل مہنگا ہوا، مہنگائی سے پوری دنیا پریشان ہے: رانا ثنا اللہ

دنیا پاکستان کو ایسے ملک کے طور پر دیکھتی ہے جو اپنی اور دوسروں کی حفاظت کرنا جانتا ہے

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) وزیر اعظم کے مشیر رانا ثناء اللہ نے کہا کہ آبنائے ہرمز اور باب المندب بند ہونے سے تیل مہنگا ہوا، مہنگائی کی وجہ سے پوری دنیا پریشان ہے۔ وزیر اعظم (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30)

پائیدار امن کے لیے مکالمہ، برداشت، باہمی احترام اور قانون کی حکمرانی ضروری ہے، اعظم نذیر تارڑ

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ پائیدار امن کے لیے مکالمہ، برداشت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28)

پھولنگر: سابق وزیر اعظم و صدر پی پی پی وسطی پنجاب راجہ پرویز اشرف پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے

بجلی کے نان پروٹیکٹڈ گھریلو صارفین کو ریلیف دینے کی تجویز

جس ماہ 200 یونٹ سے زیادہ بجلی استعمال ہوگی اضافی نرخ بھی اسی ماہ لئے جائینگے

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاور ڈویژن نے بجلی کے نان پروٹیکٹڈ گھریلو صارفین کو ریلیف دینے کی تجویز پر غور شروع کر دیا۔ ذرائع کے مطابق پاور ڈویژن نے پروٹیکٹڈ فارمولے پر نظرثانی کا فیصلہ کر لیا، جس ماہ 200 یونٹ سے زیادہ بجلی استعمال (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33)

مریم نواز کا ہنگو میں 8 دہشت گرد ہلاک کرنے پر سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ہنگو میں 8 دہشت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32)

پاکستان میں ڈیجیٹل ادائیگی کا فروغ، ایچ بی ایل اور یونین پے کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط

شنگھائی (مانیٹرنگ ڈیسک) حبیب بینک لمیٹڈ (ایچ بی ایل) اور یونین پے انٹرنیشنل کے درمیان شنگھائی میں ایک اسٹریٹجک (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36)

فورسز نے بلوچستان سے انسانی اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنا دی

ایران اور یورپ جانے کی کوشش کرنیوالے 58 غیر قانونی مقیم افغان باشندوں کو بلوچستان سے حراست میں لے لیا گیا

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کے راستے ایران اور یورپ جانے کی کوشش کرنیوالے 58 غیر قانونی مقیم افغان باشندوں کو بلوچستان سے حراست میں لے لیا گیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق فورسز نے بلوچستان کے علاقے دشت میرانی میں انسانی اسمگلنگ کی کوشش ناکام بناتے ہوئے خواتین اور (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37)

روبینہ خالد سے ساجد حسین طوری، شاہ ذوالقرنین کی ملاقات، محنت کش طبقے کے مسائل پر تبادلہ خیال

بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام مستحق اور کم آمدن والے خاندانوں کو سماجی تحفظ فراہم کرنے کے لئے اہم کردار ادا کر رہا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرپرسن بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد سے سابق وفاقی وزیر برائے اوورسیز پاکستانیز ساجد حسین طوری اور پاکستان پیپلز پارٹی لیبر ونگ خیبر پختونخوا کے صدر شاہ ذوالقرنین نے بی آئی ایس پی ہیڈ کوارٹرز میں ملاقات کی۔ ترجمان بی آئی ایس پی کے مطابق (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31)

احتجاج سیاسی جماعتوں کا جمہوری حق ہے تاہم احتجاج پرامن ہونا چاہیے، کاروبار زندگی متاثر نہیں ہونا چاہیے' راجہ پرویز اشرف

لاہور (سٹاف رپورٹر) سابق وزیر اعظم اور پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے صدر راجہ پرویز اشرف نے کہا ہے کہ جمہوریت میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29)

نئے انتظامی یونٹس کا قیام ملک کی بقا کیلئے ناگزیر ہے، مصطفی کمال

چاروں صوبائی حکومتوں نے عوام کو بنیادی سہولیات سے محروم رکھا، تعلیم، صحت اور روزگار کے علاوہ پانی بجلی گیس تک فراہم نہیں، وزیر صحت

کراچی (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر مصطفیٰ کمال نے کہا کہ اٹھارہویں آئینی ترمیم کے بعد تمام اختیارات اور وسائل چار وزرائے اعلیٰ کے پاس آ گئے۔ وفاقی وزیر مصطفیٰ کمال نے کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ترمیم کے بعد پاکستان کے چار صوبے نہیں رہے بلکہ وہ چار آزاد ریاستیں بن گئیں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38)

لانگ مارچ، اسلام آباد کے سرکاری تعلیمی ادارے 22 ستمبر سے بند کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد میں اضافی پولیس نفری کے لیے رہائش کا انتظام سرکاری اسکولوں میں کیا جارہا ہے، ذرائع

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد میں لانگ مارچ کے معاملے پر شہر کے سرکاری تعلیمی ادارے 22 ستمبر سے بند کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق اسلام آباد کے 24 سرکاری (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39)

احسن اقبال ایئرپورٹ پر عام مسافروں کی قطار میں لگ گئے، محسن نقوی نے سراہا

چند روز قبل وزیر داخلہ کی ہوائی جہاز میں عام مسافروں کے ہمراہ سفر کی تصویر وائرل ہوئی تھی

لاہور (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال عام مسافروں کے ساتھ ایئرپورٹ پر قطار میں کھڑے ہوکر اپنی باری کا انتظار کرتے نظر آئے جس پر وزیر داخلہ محسن نقوی نے انہیں سراہا ہے۔ سوشل میڈیا پر وائرل ویڈیو میں احسن اقبال کو بغیر سرکاری پروٹوکول کے عام مسافروں کے ساتھ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34)

روکنے میں ناکامی، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی لاہور سے اسلام آباد پہنچ گئے

سہیل آفریدی بانی پی ٹی آئی کی بہنوں کو گرفتاری سے بچانے کیلئے رات گئے لاہور پہنچے تھے، رپورٹ

لاہور (سٹاف رپورٹر) بانی پی ٹی آئی کی بہنوں کی گرفتاری رکوانے میں ناکامی کے بعد وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی لاہور سے اسلام آباد پہنچ گئے۔ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35)

کراچی: امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن سکھر میں پریس کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

کراچی: وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال منعقدہ اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

Shehar Shehar Nagar Nagar

شہر شہر، نگر نگر

شورکوٹ: ایم پی اے کرنل غضنفر عباس قریشی کا اے سی آفس شورکوٹ کا دورہ کیا، اسسٹنٹ کمشنر شورکوٹ ظفر احمد سے ملاقات

شورکوٹ کی خوبصورتی اور ترقیاتی منصوبوں پر کام تیز کیا جائے گا، کرنل غضنفر عباس قریشی

شورکوٹ (محمد آصف ندیم) ایم پی اے کرنل غضنفر عباس قریشی نے اے سی آفس شورکوٹ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے اسسٹنٹ کمشنر شورکوٹ ظفر احمد سے ملاقات کی۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر ظفر احمد نے ایم پی اے کرنل غضنفر عباس قریشی کو تحصیل چوک میں جاری ترقیاتی کاموں اور شہر کے ماسٹر پلان کی تیاری کے حوالے سے بریفنگ دی اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر ظفر احمد نے بتایا کہ تحصیل شورکوٹ میں مختلف ترقیاتی منصوبے زیر غور ہیں، جن میں شہر کے سیوریج نظام کی بہتری، ٹی ایچ کیو ہسپتال شورکوٹ میں ڈائیلاسز سنٹر کا قیام اور شہر کی خوبصورتی کے لیے مختلف منصوبے شامل ہیں ایم پی اے کرنل غضنفر عباس قریشی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 5)

پنجاب سمیت تمام صوبوں سندھ، بلوچستان، خیبر پختون خوا میں انتظامی بنیادوں پر صوبے بننے چاہئیں، پیر قاری غیاث القمر حسین

پاکپتن (نامہ نگار) معروف روحانی شخصیت پیر قاری غیاث القمر حسین سجادہ نشین آستانہ عالیہ الوردی شریف نے کہا ہے پنجاب سمیت تمام صوبوں سندھ، بلوچستان، خیبر پختون خواہ میں انتظامی بنیادوں پر صوبے بننے چاہیں، چھوٹے صوبوں سے عوام کے مسائل ان کی دہلیز پر حل ہونگے، بہاولپور، راجن پور، رحیم یار خاں کے رہائشی 1 دن کا سفر کر کے لاہور اور اسلام آباد پہنچتے ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے واحد فوڈ ویلی پاکپتن میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر چیمبر آف کامرس کے ایگزیکٹو ممبر اظہر محمود اجی خاں، نوجوان قانون دان شاہد امین ایڈووکیٹ توشے والا، سابق چیئرمین یونین کونسل و صدر حافظ پٹرولیم سروس حافظ خادم حسین، ڈاکٹر محمد امین، محمد خالد، وزیر احمد ٹھیکیدار و دیگر بھی موجود تھے، انہوں نے کہا کہ پاک فوج کے جوانوں نے ملک کی خاطر اپنی جانیں نچھاور کی، جنگ ہو، دہشت گردی ہو، (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 6)

رائے احسان علی کھرل کی رہائش گاہ پر پارٹی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی 38 ویں سالگرہ کا کیک کاٹنے کی تقریب منعقد

بچیکی (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی کے زیر اہتمام دیرینہ کارکن رائے احسان علی کھرل کی رہائش گاہ پر پارٹی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی 38 ویں سالگرہ کا کیک کاٹنے کی تقریب منعقد ہوئی، تقریب میں پارٹی عہدیداران اور کارکنان کی شرکت، تفصیلات کے مطابق کوٹ رحمت میں دیرینہ پارٹی کارکن رائے احسان علی کھرل ایڈووکیٹ کی رہائش گاہ پر ہونے والی تقریب میں رائے نور احمد کھرل، مبارک علی منہاس، میاں ظفر رائے مہدی خاں کھرل، رائے افراز احسان کھرل اور راجہ شہزاد سمیت پارٹی کارکنان نے شرکت کی۔ تقریب کے شرکاء نے بلاول بھٹو زرداری کی سالگرہ کا کیک کاٹا اور ان کی درازیٔ عمر، ملکی ترقی، خوشحالی اور سلامتی کے لیے خصوصی دعا کی۔ اس موقع پر مقررین نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت اور کارکنان نے ملکی ترقی اور جمہوریت کے استحکام کے لیے بے شمار قربانیاں دی ہیں۔ بلاول بھٹو زرداری نے میدانِ سیاست میں مختصر عرصے کے دوران اپنی سیاسی صلاحیتوں کا (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 8)

چائے سرائے بچیکی کے زیر اہتمام معروف شاعر ملک شہزاد علوی کے ساتھ ایک شام کا انعقاد

بچیکی (نامہ نگار) چائے سرائے بچیکی کے زیر اہتمام معروف شاعر ملک شہزاد علوی کے ساتھ ایک شام کا انعقاد، اہل ادب کی بڑی تعداد ملک شہزاد علوی کے خوبصورت کلام سے خوب لطف اندوز ہوئی تفصیلات کے مطابق چائے سرائے بچیکی کے زیر اہتمام معروف شاعر ملک شہزاد علوی کے ساتھ ایک شام کا انعقاد کیا گیا جس میں شہزادہ فہیم نثار، محمد اسلم قمر، راشد محمود اعلیٰ، ملک عمران اعوان، رانا محمد زاہد، جاوید معاویہ، حکیم خالد طیبی اور ساجد حسین قادری سمیت اہم ادب نے شرکت کی، اس موقع پر ملک شہزاد علوی نے اردو اور پنجابی زبان میں اپنا خوبصورت کلام سنا کر حاضرین سے خوب داد حاصل کی، پروگرام کے منتظمین شہزادہ فہیم نثار، راشد محمود اعلیٰ، ساجد حسین قادری اور دیگر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بچیکی شہر میں ادبی سرگرمیوں کا آغاز تازہ ہوا کا جھونکا ہے، جس میں مزید بہتری لائی جائے گی۔

رسول اللہ ﷺ کے اسوہ حسنہ پر عمل پیرا ہوئے بغیر دونوں جہانوں میں کامیابی ناممکن ہے، مولانا قاری محمد سلمان عثمانی

چنیوٹ (بیورو پورٹ) رسول اللہ ﷺ کے اسوہ حسنہ پر عمل پیرا ہوئے بغیر دونوں جہانوں میں کامیابی ناممکن ہے۔ عشق مصطفیٰ کا تقاضا ہے کہ آپ ﷺ کا ذکر ہر سانس کے ساتھ کیا جائے۔ معاشرے سے نفرتوں کا خاتمہ اور اتحاد آپ کے پیغام رحمت سے کیا جا سکتا ہے، ان خیالات کا اظہار مرکز ختم نبوت جامعہ عثمانیہ ختم نبوت چناب نگر کے ناظم مولانا قاری محمد سلمان عثمانی نے کیا، انہوں نے کہا کہ اتحاد امت وقت کی اہم ضرورت ہم اس کیلئے علماء کیساتھ ساتھ معاشرے کے ہر فرد کو کردار ادا کرنا ہوگا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات مبارکہ ہمارے لیئے عملی نمونہ ہے۔ مسائل کے حل کیلئے حکمران نظام مصطفیٰ کو عملی طور پر نافذ کریں اور عوام اپنی زندگیوں میں اس اپنائیں۔ آپ ﷺ باعث تخلیق کائنات اور تمام جہانوں کے لیے رحمت (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 25)

رینالہ خورد کے نواحی گاؤں چک 7 ون آر میں آل پنجاب فٹبال فلڈ لائٹ ٹورنامنٹ کا انعقاد

رینالہ خورد (نامہ نگار) رینالہ خورد کے نواحی گاؤں چک 7 ون آر میں آل پنجاب فٹبال فلڈ لائٹ ٹورنامنٹ کا انعقاد ہوا، جس میں پنجاب بھر سے 32 سے زائد ٹیموں نے شرکت کی۔ فائنل میں چک 5 ون اے ایل کے طارق شاہین فٹبال کلب نے حریف ٹیم کو 2-1 سے شکست دے کر ٹائٹل اپنے نام کر لیا۔ فاتح ٹیم کے رانا اصغر علی نے دونوں گول کیے اور مین آف دی میچ قرار پائے، جبکہ گول کیپر عاقب کو بہترین گول کیپر کا اعزاز دیا گیا۔ کوچ ڈاکٹر وحید خان اور جنرل سیکرٹری رانا ناصر نے کامیابی کو پوری ٹیم اور گاؤں کی محنت، اتحاد اور جذبے کا نتیجہ قرار دیتے ہوئے کھلاڑیوں اور سپورٹرز کو مبارکباد دی۔

ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کی ہدایت پر شہر کے پارکس کی دیکھ بھال اور صفائی کے اقدامات تیز

اوکاڑہ (بیورو پورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کی ہدایت پر شہر کے پارکس کی دیکھ بھال اور صفائی کے اقدامات تیز، ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر وسیم جاوید کی زیر نگرانی شہریوں کو بہترین تفریحی سہولیات اور پاک صاف ماحول کی فراہمی کے لیے شہر بھر کے پارکس اور رہائشی علاقوں کی صفائی ستھرائی اور دیکھ بھال کا کام تیز کر دیا گیا ہے۔ اس سلسلہ میں ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر وسیم جاوید خود فیلڈ میں موجود ہیں اور صفائی کے تمام عمل کی نگرانی کر رہے ہیں۔ حکومتی احکامات پر عملدرآمد (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 22)

پاک آرمی کے سپاہی حمزہ میو شہید کی نمازِ جنازہ ان کے آبائی گاؤں کوٹ میوات (کانوں ملیاں) میں مکمل فوجی اعزاز کے ساتھ ادا کر دی گئی

کوٹ رادھا کشن (نامہ نگار) پاک آرمی کے سپاہی حمزہ میو شہید کی نمازِ جنازہ ان کے آبائی گاؤں کوٹ میوات (کانوں ملیاں) میں مکمل فوجی اعزاز کے ساتھ ادا کر دی گئی ہے سپاہی حمزہ میو گزشتہ روز ھنگو میں قافلے پر حملے میں کیپٹن اور لیفٹیننٹ سمیت چھ جوان شہید ھو گئے تھے۔ اس افسوس ناک اور باوقار موقع پر علاقہ بھر کی فضا سوگوار رہی۔ نمازِ جنازہ اور تدفین فوجی سلامی: پاک فوج کے چاق و چوبند دستے نے شہید کے جسدِ خاکی کو سلامی دی اور انہیں فوجی اعزاز کے ساتھ سپردِ خاک کیا گیا شرکاء: نمازِ جنازہ میں پاک فوج کے افسران و جوانوں، شہید کے لواحقین، عزیز و اقارب اور اہل علاقہ کی ایک بہت بڑی تعداد نے شرکت کی شرکاء نے شہید کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی اور وطنِ عزیز کی دفاع کے لیے ان کی اس عظیم (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 1)

میاں حبیب الرحمٰن قضائے الٰہی سے وفات پا گئے

کاموکے (تحصیل رپورٹر) سینئر قانون دان میاں خلیل الرحمٰن ایڈووکیٹ، میاں عزیز الرحمٰن ایڈووکیٹ، ڈاکٹر عتیق الرحمٰن اور میاں عبید الرحمٰن کے بھائی، جبکہ عبد الرحمٰن بٹالوی کے صاحبزادے میاں حبیب الرحمٰن قضائے الٰہی سے وفات پا گئے۔ مرحوم کی نمازِ جنازہ صوفیاں والے قبرستان میں ادا کی گئی۔ نمازِ جنازہ حضرت مولانا خطیب قاری حنیف (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 4)

نامعلوم افراد نے دوشیزہ کو اغواء کرلیا

کاموکے (تحصیل رپورٹر) نامعلوم افراد نے دوشیزہ کو اغواء کرلیا۔ بتایا گیا ہے کہ واہنڈو کے محمد طیب کی سترہ سالہ بیٹی اپنی والدہ کے ہمراہ بازار میں خریداری کیلئے گئی۔ جہاں سے نامعلوم افراد نے لڑکی کو اغواء کرلیا۔ واہنڈو پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے۔

چوری کی مختلف وارداتوں میں شہری قیمتی چیزوں سے محروم

کاموکے (تحصیل رپورٹر) چوری کی مختلف وارداتوں میں شہری قیمتی چیزوں سے محروم ہوگئے۔ گذشتہ روز بغداد ٹاؤن کا محمد عبداللہ اپنی اپلائیڈ فار موٹر سائیکل سٹیشن والی مسجد کے باہر کھڑی کرکے اندر نماز پڑھنے چلا گیا تو نامعلوم چور اُسکی غیر موجودگی میں موٹر سائیکل چوری کرکے لے گئے۔ شیر گڑھ کے علی رضا کی بجلی کی موٹر چوری (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 7)

طالبات میں قانونی شعور اجاگر کرنے کے لیے ایک قانونی آگاہی سیمینار منعقد کیا گیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) گورنمنٹ علامہ اقبال گریجویٹ کالج برائے خواتین، سیالکوٹ کی انسدادِ ہراسانی کمیٹی کے زیر اہتمام طالبات میں قانونی شعور اجاگر کرنے کے لیے ایک قانونی آگاہی سیمینار منعقد کیا گیا۔ سیمینار کا مقصد طالبات کو پاکستان میں ہونے والے اہم جرائم، قانونی خلاف ورزیوں، متعلقہ قوانین اور ان کی سزاؤں سے آگاہ کرنا تھا۔ سیمینار کے دوران مختلف قانونی موضوعات پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ کمیٹی کی رکن اور اسسٹنٹ پروفیسر محترمہ توصیف زہرا نے طالبات کو قانونی آگاہی فراہم کی اور مختلف قوانین کے حوالے سے اہم معلومات پیش کیں۔ سنگین جرائم اور سزائیں: کمیٹی کی رکن اور اسسٹنٹ پروفیسر سحرا اقبال نے سنگین جرائم، ان کی نوعیت اور متعلقہ قانونی دفعات و سزاؤں کے بارے میں تفصیلی آگاہی دی۔ کمیٹی کی انچارج اور اسسٹنٹ پروفیسر سلمٰی خورشید نے سائبر جرائم کے حوالے سے گفتگو کی اور طالبات کو آن لائن جرائم، ان سے بچاؤ اور قانونی تحفظ کے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر9)

بحالی صوبہ بہاولپور کور کمیٹی کا اہم اجلاس، تحریک کو مزید فعال بنانے کا فیصلہ

(بہاولپور سے) بیورو چیف جنوبی پنجاب رانا محمد اشرف: بحالی صوبہ بہاولپور کور کمیٹی کا اہم اجلاس، تحریک کو مزید فعال بنانے کا فیصلہ بہاولپور: بحالی صوبہ بہاولپور کور کمیٹی کا اہم اجلاس زیر صدارت ڈاکٹر شازیہ نورین زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں تحریک کو مزید فعال بنانے، تنظیمی سرگرمیوں اور عوامی رابطہ مہم کو وسعت دینے سے متعلق اہم فیصلے کیے گئے۔ اجلاس میں شرکاء نے بحالی صوبہ بہاولپور کور کمیٹی کی تحریک کے آئندہ لائحہ عمل پر تفصیلی غور کیا اور تحریک کو مؤثر انداز میں منظم کرنے کے لیے مختلف تجاویز پیش کیں۔ اجلاس میں اکرم انصاری، ملک ارشد، عامر حسین غوری، عبدالمجید، محمد خلیق عدنان حسین غوری، ڈاکٹر محمد اکرم، حافظ محمد عبدالرحمٰن، حبیب رضا اور نسرین انور سمیت دیگر عہدیداران و کارکنان نے شرکت کی۔ اجلاس کے شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بحالی صوبہ بہاولپور تحریک کو مزید متحرک اور منظم کیا جائے گا اور آئندہ دنوں میں عوامی رابطہ مہم کو مزید وسعت دی جائے گی۔ اجلاس میں مطالبہ کیا گیا کہ صوبہ بہاولپور کو فوری طور پر بحال کیا جائے اور خطے کے عوام کی دیرینہ آئینی و انتظامی خواہش کو عملی جامہ پہنایا جائے۔ مقررین (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 3)

پولیس افسران واہلکاران کے لیے رویوں میں مثبت تبدیلی، پیشہ ورانہ طرزِ عمل اور عوام سے بہتر روابط کے موضوع پر خصوصی لیکچر کا انعقاد

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) طیب سعید شہید پولیس لائنز اوکاڑہ میں ٹریفک پولیس افسران و اہلکاران کے لیے رویوں میں مثبت تبدیلی، پیشہ ورانہ طرزِ عمل اور عوام سے بہتر روابط کے موضوع پر خصوصی لیکچر کا انعقاد کیا گیا۔ پولیس ٹریننگ کالج لاہور سے قاری عبدالوحید نے ویڈیو لنک کے ذریعے ٹریفک پولیس افسران و اہلکاران کو خصوصی لیکچر دیا۔ لیکچر کے دوران ٹریفک پولیس اہلکاروں کے رویوں میں مثبت تبدیلی، پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں بہتری اور فرائض کی انجام دہی کے دوران عوام کے ساتھ مؤثر، شائستہ اور ذمہ دارانہ طرزِ عمل اختیار کرنے پر خصوصی توجہ دی گئی۔ قاری عبدالوحید نے ٹریفک پولیس کے اہلکاروں پر زور (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 11)

حضرت عبدالقادر جیلانی رحمتہ اللہ علیہ کے سالانہ عرس مبارک کی تین روزہ تقریبات آج چک 42 فتح میں خواتین کی عظیم الشان محفل سے شروع ہوگئی

ہارون آباد (رپورٹ بابر بھائی) حضرت عبدالقادر جیلانی رحمتہ اللہ علیہ کے سالانہ عرس مبارک کی تین روزہ تقریبات آج چک 42 فتح میں خواتین کی عظیم الشان محفل سے شروع ہوگئی ہیں حضرت غوث پاک سرکار کے پوتے سید قاسم علی القادری گیلانی جیلانی خصوصی شرکت کریں گے پاکستان پیپلز پارٹی کے ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی رانا محمد انتظار کی میزبانی میں عظیم الشان فقید المثال سالانہ عرس مبارک کی تقریبات طے شدہ پروگرام کے مطابق مورخہ 22 ستمبر صبح 9 بجے خواتین کے محفل میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے آغاز ہوگا جس میں بذریعہ قرعہ اندازی عمرہ کا ٹکٹ اور تحائف دیئے جائیں گے شام 4 بجے مزارات پر چادر پوشی اور دعا رات کو محفل سماع ہوگی جس میں خان وسیم خان پاک پتن شریف اور محبوب احمد میاں وہموا آف کراچی جمشید صابری برادران آف کراچی قوالی پیش کریں گے مورخہ 23 ستمبر بدھ محفل میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پیر سید احمد کمال شاہ آف ہارون آباد علامہ حافظ محمد فاروق خان سعیدی آف ملتان شریف (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر10)

ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی کا حاجی عبدالقیوم ہسپتال اور ساہیوال ٹیچنگ ہسپتال کا دورہ

ساہیوال (تحصیل رپورٹر) کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل کی ہدایت پر ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی نے حاجی عبدالقیوم ہسپتال کا دورہ کیا اور ہسپتال میں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، صفائی ستھرائی اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن نے ہسپتال کے مختلف سیکشنز اور وارڈز کا معائنہ کیا جبکہ زیر علاج مریضوں اور ان کے لواحقین سے ہسپتال میں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کے بارے میں بھی دریافت کیا۔ اس موقع پر ایم ایس حاجی عبدالقیوم ہسپتال نے ہسپتال میں مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات اور دیگر انتظامات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی نے ہدایت کی کہ تمام ڈیوٹی ڈاکٹرز اور طبی عملہ اپنی ذمہ داریاں (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 2)

اہم ٹیلی فون نمبرز

ریسکیو ایمبولینس	1122
پولیس ہیلپ لائن	15
ایدھی کنٹرول	115
فائر بریگیڈ	16
بم ڈسپوزل	99212111
موٹروے پولیس	130
پنجاب ہائی وے پولیس	1124

ریلوے اور پی آئی اے

ریلوے انکوائری	117
ریزرویشن	99201772
ریلوے پولیس	1333
فلائٹ انکوائری	114
پی آئی اے ریزرویشن	111-786-786

شکایات سیل اور سنٹرز

وزیر اعلیٰ شکایات سیل	99204907-08
گورنر ہاؤس	99200087
چیف سیکرٹری مانیٹرنگ سیل	99213103
پولیس شکایات	99202881
واپڈا شکایات سنٹر	111-000-118
سوئی گیس شکایات سنٹر	99211022-9

ہسپتال اور بلڈ بینک

سروسز ہسپتال	99203402-22
میو ہسپتال	99211100-9
شیخ زید ہسپتال	35865831
جنرل ہسپتال	99264091-8
گنگارام ہسپتال	99200572-9
یو بی ایچ ہسپتال	35763573-5
اتفاق ہسپتال	35881981-05
سی ایم ایچ	66996168-72
شوکت خانم	35945100
جناح ہسپتال	111-809-809
چلڈرن ہسپتال	99230901-3
فاطمید بلڈ بینک	35863950
ایدھی بلڈ بینک	35417440

چیچہ وطنی: شاہین بلدیاتی ورکرز فیڈریشن چیچہ وطنی کے وفد کی ممبر صوبائی اسمبلی چوہدری محمد حنیف جٹ کی وفات پر انکے بیٹے اسد حنیف جٹ سے اظہار تعزیت اور فاتحہ خوانی کی

بلدیاتی ورکرز اینڈ سٹاف فیڈریشن کے وفد نے ممبر صوبائی اسمبلی چوہدری محمد حنیف جٹ مرحوم کے ایصالِ ثواب کے لیے قل خوانی کا اہتمام کیا

چیچہ وطنی سے ہمارے کرائم رپورٹر عمران ندیم شاہ۔ شاہین بلدیاتی ورکرز اینڈ سٹاف فیڈریشن کے وفد نے ممبر صوبائی اسمبلی چوہدری محمد حنیف جٹ مرحوم کے ایصالِ ثواب کے لیے قل خوانی کا اہتمام کیا انہوں نے چوہدری اسد حنیف جٹ سے انکے والد محترم کی اچانک وفات پر گہرے دکھ اور رنج کا اظہار کیا اور مرحوم کی بلندی

معروف روحانی بزرگ پیرالحاج حکیم حاجی محمد اقبال چشتی صابری کا چوتھا سالانہ عرس مبارک انتہائی عقیدت واحترام سے منایا گیا

پاکپتن (نامہ نگار) معروف روحانی بزرگ پیرالحاج حکیم حاجی محمد اقبال چشتی صابری کا چوتھا سالانہ عرس مبارک انتہائی عقیدت واحترام سے منایا گیا سجادہ نشین صاحبزادہ پیر حکیم قاری ظہور احمد الخیری چشتی صابری نے رسومات ادا کیں تفصیلات کے مطابق معروف روحانی بزرگ پیر طریقت رہبر شریعت پیرالحاج حکیم حاجی محمد اقبال چشتی صابری کا چوتھا سالانہ عرس مبارک انتہائی عقیدت و احترام سے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 12)

ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کی ہدایت پر پٹرولیم مصنوعات کے ناپ تول کی چیکنگ کا عمل جاری

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ +ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کی ہدایت پر پٹرولیم مصنوعات کے ناپ تول کی چیکنگ کا عمل جاری، ڈسٹرکٹ آفیسر انڈسٹریز خالد جاوید بھٹی کی زیر نگرانی عوام الناس کو پٹرولیم مصنوعات کی درست مقدار اور قیمتوں پر فراہمی یقینی بنانے کے لیے انڈسٹریز، پرائسز، ویٹ اینڈ میئرز ڈیپارٹمنٹ متحرک ہے۔ اس سلسلہ میں ڈسٹرکٹ آفیسر انڈسٹریز خالد جاوید بھٹی کی زیر نگرانی ٹیم نے شہر کے مختلف پٹرول پمپس کا کی چیکنگ کی اور ناپ تول کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر پٹرول پمپس کے ڈسپنسنگ یونٹس اور نوزلز کو معیاری پیمانوں کے ذریعے چیک کیا گیا تاکہ صارفین کو پیانے میں کسی قسم کی کمی یا ہیر پھیر کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ خلد جاوید بھٹی نے ہدایت کی کہ مقررہ قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلا امتیاز قانونی کارروائی کی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 13)

ڈسٹرکٹ آفیسر پٹرولنگ ہائی وے پولیس اسرار حسین اویسی کی زیر نگرانی ضلع پاکپتن کی پٹرولنگ پوسٹ اپنے اپنے بیٹ ایریا میں ٹریفک قوانین کی پاسداری کے لیے کوشاں

پاکپتن (نامہ نگار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق، آئی جی پنجاب پولیس، ایڈیشنل آئی جی پنجاب ہائی وے پٹرولنگ پولیس فیصل علی راجہ کے احکامات پر ریجنل آفیسر پٹرولنگ پنجاب ہائی وے پٹرول پولیس ایس پی غازی عمر فاروق کی ہدایت پر اور ڈسٹرکٹ افیسر پٹرولنگ ہائی وے پولیس اسرار حسین اویسی کی زیر نگرانی ضلع پاکپتن کی پٹرولنگ پوسٹ اپنے اپنے بیٹ ایریا میں ٹریفک قوانین کی پاسداری کے لیے کوشاں ہے، جس میں بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل سوار، بغیر ڈرائیونگ لائسنس ڈرائیور، سیٹ بیلٹ استعمال نہ کرنے والے اور لوڈر وہیکلز، ایل پی جی وہیکلز کم عمر ڈرائیوران کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کی جا رہی ہے، مختلف چوکوں سکولوں بس سٹینڈز اہم شہراؤں پر ٹریفک قوانین مہم چلائی جا رہی ہے، پٹرولنگ پولیس کا عوام الناس کا ہائی ویز پر محفوظ سفر بنانا اولین ترجیح ہے۔

چیئرمین نشان حیدر پارٹی پاکستان سید سجاد حسین کاظمی کے زیر صدارت اہم آن لائن کانفرنس

اوکاڑہ (بیورو پورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے جاری) مہر منور ساجد نعیم شاہین جلال الدین عثمان غنی سعید احمد جوئیہ فیروز وارث بلال اکرم جوپو دیگر رہنماؤں کی شرکت کانفرنس کا ایجنڈا فارم 64 کے حوالے سے آئندہ کی حکمت عملی اور لائحہ عمل طے کرنا تھا اوکاڑہ آن لائن کانفرنس میں مرکزی وصوبائی قیادت سمیت پارٹی کے تمام رہنماؤں نے بھرپور شرکت کی۔ کانفرنس کے دوران فارم 64 کی اہمیت، قانونی پہلوؤں اور تنظیمی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیئرمین سید سجاد حسین کاظمی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نشان حیدر پارٹی ملک میں آئین وقانون کی بالادستی اور عوامی حقوق کے تحفظ کے لیے اپنا جدوجہد جاری رکھے گی۔ انہوں نے تمام رہنماؤں کو ہدایت کی کہ وہ فارم 64 کے حوالے سے اپنی تیاریاں مکمل رکھیں۔ کانفرنس کے اختتام پر ملک کی سلامتی واستحکام اور پارٹی کی کامیابی کے لیے خصوصی دعا کرائی گئی۔

ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق کی زیر صدارت ضلع بھر کے سپیشل پرائس مجسٹریٹس کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس منٹگمری ہال میں منعقد

پتوکی میں پینے کے صاف پانی کی عدم دستیابی کے باعث شہری شدید مشکلات کا شکار، عوام بوند بوند کو ترس گئے

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی میں پینے کے صاف پانی کی عدم دستیابی کے باعث شہری شدید مشکلات کا شکار، عوام بوند بوند کو ترس گئے تفصیلات کے مطابق پتوکی شہر اور گردونواح میں پینے کے صاف پانی کی فراہمی ایک سنگین مسئلہ بن گئی ہے۔ شہریوں کے مطابق متعدد علاقوں میں صاف پانی میسر نہ ہونے کے باعث لوگ مہنگے داموں پینے کا پانی خریدنے پر مجبور ہیں، جبکہ کئی مقامات پر زیرِ زمین پانی بھی صحت کے لیے موزوں نہیں رہائشیوں کا کہنا ہے کہ بعض علاقوں میں پانی کی فراہمی کا نظام ناقص اور پرانی لائنوں پر مشتمل ہے، جس کے باعث گندے پانی کی آمیزش کا خدشہ رہتا ہے۔ شہریوں نے شکایت کی کہ متعلقہ اداروں کی جانب سے پانی کے معیار کو جانچنے اور فراہمی کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے مؤثر اقدامات نظر نہیں آ رہے۔ عوامی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر قصور، اسسٹنٹ کمشنر پتوکی اور متعلقہ بلدیاتی حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 14)

تھانہ کینٹ پولیس نے سید پور روڈ پر ون ویلنگ اور خطرناک کرتب دکھانے والے 2 ملزمان گرفتار کر کے موٹر سائیکلیں قبضے میں لے لیں

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ون ویلنگ کھیل نہیں موت ہے، تھانہ کینٹ پولیس نے سید پور روڈ پر ون ویلنگ اور خطرناک کرتب دکھانے والے 2 ملزمان گرفتار کر کے موٹر سائیکلیں قبضے میں لے لیں، الگ الگ مقدمات درج کر لئے ہیں۔ ''سڑکیں کرتب دکھانے کی جگہ نہیں؛ اپنی اور دوسروں کی زندگیاں خطرے میں ڈالنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی ہوگی۔ والدین اپنے بچوں پر نظر رکھیں، آپ کی بروقت توجہ کسی سانحے کو روک سکتی ہے۔'' ڈی پی او سیالکوٹ کیپٹن (ر) دوست محمد نے کہا ہے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 15)

اوکاڑہ ستھرا پنجاب ایجنسی کے تحت صفائی آپریشن کا جائزہ، ایم ڈی احمد سلیم چشتی کا مختلف علاقوں کا دورہ

اوکاڑہ (بیورو پورٹ +ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن ستھرا پنجاب کے تحت وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق کے احکامات کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کی زیر ہدایت ستھرا پنجاب ایجنسی اوکاڑہ کے مینجنگ ڈائریکٹر احمد سلیم چشتی نے مختلف شہری اور دیہی علاقوں کا دورہ کیا اس موقع پر ڈسٹرکٹ مینیجر علی رضا، سارکو پروجیکٹ مینیجر محمد رضوان ظفر، تحصیل مینیجر نعمان راشد سمیت دیگر فیلڈ افسران بھی موجود تھے مینجنگ ڈائریکٹر احمد سلیم (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 16)

کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل کا زیر تعمیر اندرون جنرل بس سٹینڈ کا دورہ۔تعمیراتی کام کا جائزہ لیا

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل نے زیر تعمیر اندرون جنرل بس سٹینڈ کا دورہ کیا اور جاری ترقیاتی کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر میونسپل کارپوریشن کے افسران نے منصوبے پر جاری کام، پیش رفت اور آئندہ کے لائحہ عمل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ کمشنر ڈاکٹر آصف طفیل نے ہدایت کی کہ ترقیاتی کاموں کی رفتار کو مزید تیز کیا جائے اور منصوبے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 17)

رکشہ اور گدھا گاڑی کے درمیان شدید تصادم کے نتیجے میں رکشہ ڈرائیور سمیت چار افراد زخمی

چنیوٹ (بیورو پورٹ) جھنگ روڈ پر وینساں والا کے قریب ایک افسوسناک ٹریفک حادثہ پیش آیا ہے جہاں رکشہ اور گدھا گاڑی کے درمیان شدید تصادم کے نتیجے میں رکشہ ڈرائیور سمیت چار افراد زخمی ہو گئے۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی امدادی ٹیم نے فوری رسپانس کرتے ہوئے جائے وقوعہ پر پہنچ کر امدادی کارروائیاں شروع کیں۔ ریسکیو حکام کے مطابق حادثے میں زخمی ہونے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 24)

22 سالہ نوجوان زبیر چند گھنٹوں میں لاہور سے ٹریس

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ایس ایچ او تھانہ بڈیانہ عرفان ڈھلوں کی بروقت کارروائی، گھر سے ناراض ہو کر جانے والا 22 سالہ نوجوان زبیر چند گھنٹوں میں لاہور سے ٹریس کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق سکنہ جودھالہ کے رہائشی مسمی ناصر محمود ولد محمد صادق نے تھانہ بڈیانہ میں درخواست دی کہ اس کا بیٹا 22 سالہ زبیر گھر سے ناراض ہو کر کہیں چلا (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر23)

اوکاڑہ سمیت ملک بھر میں مہنگائی کا طوفان، عام آدمی پس کر رہ گیا

اوکاڑہ (شکیل احمد آصم) پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے کے باعث ملک بھر کی طرح اوکاڑہ میں بھی مہنگائی کی شرح میں ہوشربا اضافہ ہو گیا ہے، جس نے عام آدمی کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے۔ تفصیلات کے مطابق پٹرول کی قیمتوں میں اضافے کے ساتھ ہی اشیائے خورد و نوش، آٹا، فروٹ، سبزیوں سمیت بنیادی ضروریات زندگی کی ہر چیز کی قیمت آسمان سے باتیں کرنے لگی ہے۔ ذرائع کے مطابق اوکاڑہ اور اس کے گرد و نواح میں کچھ دکاندار حضرات نے سرکاری ریٹ لسٹ کو نظر انداز کرتے ہوئے مصنوعی مہنگائی بھی پیدا کر رکھی ہے، جس سے عوام دوہری اذیت میں مبتلا ہیں۔ آٹے اور دیگر بنیادی اشیاء کی قیمتوں میں مسلسل اضافے کے بعد تندوروں پر روٹی کی قیمت 20 روپے اور نان 25 روپے تک پہنچ گئی ہے جو عوامی سطح پر شدید تشویش کا باعث ہے۔ مہنگائی کی اس لہر نے خاص طور پر دیہاڑی دار اور متوسط طبقے کے کچن بجٹ کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے قیمتوں کا کوئی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر21)

ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق کی زیر صدارت ضلع بھر کے سپیشل پرائس مجسٹریٹس کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس منٹگمری ہال میں منعقد

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق کی زیر صدارت ضلع بھر کے سپیشل پرائس مجسٹریٹس کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس منٹگمری ہال میں منعقد ہوا جس میں قیمتوں کی نگرانی، مقررہ نرخوں کی خلاف ورزیوں اور ان کے خلاف کی جانے والی کارروائیوں کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ گزشتہ چار روز کے دوران ضلع بھر میں 6611 انسپکشنز کی گئیں جس دوران مقررہ نرخوں کی خلاف ورزی پر مجموعی طور پر ایک لاکھ 32 ہزار روپے جرمانہ جبکہ 2 ایف آئی آرز (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 20)

اوکاڑہ: ڈی ایس پی ٹریفک سربالی خان نے پیرا انفورسمنٹ کے انسپکٹر کے ہمراہ گول چوک کا دورہ کیا

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) اوکاڑہ: ڈی ایس پی ٹریفک سربالی خان نے پیرا انفورسمنٹ کے انسپکٹر کے ہمراہ گول چوک کا دورہ کیا اور بڑھتی ہوئی ٹریفک کے پیشِ نظر ٹریفک کی روانی کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے دکانداروں کو ہدایت کی کہ موٹر سائیکلیں اپنی دکانوں کی مقررہ حدود کے اندر کھڑی کریں تاکہ سڑکوں اور بازار میں ٹریفک کی روانی متاثر نہ ہو۔ ڈی ایس پی ٹریفک سربالی خان نے کہا کہ بازاروں میں ٹریفک کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے تجاوزات اور بے ہنگم پارکنگ کی حوصلہ شکنی ضروری (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 19)

توجہ برائے نمائندگان، نیوز ایجنٹ

MEMBER APNS
ABC CERTIFIED
روزنامہ سحر

نہ ملنے یا لیٹ ملنے کی صورت میں ہمارے فارورڈنگ ایجنٹ شعیب چودھری سے رابطہ کریں

0331-4667648
0321-4618852

"کرائم فری پنجاب" کے تحت ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن " کرائم فری پنجاب " کے تحت ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ڈاکٹر نوید عاطف کی ہدایت پر چنیوٹ پولیس نے گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 13 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ مجرمان اشتہاریوں کیخلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 04 اشتہاریوں کو گرفتار کرلیا گیا۔ منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 3 منشیات فروش ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ گیس ریفلنگ، غفلت تیز رفتاری سے گاڑی چلانے پر، بجلی چوری پر 6 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا۔ پولیس پوسٹ ایپ کے ذریعے چیکنگ کے دوران 407 مشکوک افراد، 382 مشکوک گاڑیوں کی چیکنگ کی گئی ۔ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر 390 سے زائد گاڑیوں کے چالان کئے گئے، 5 لاکھ روپے سے زائد جرمانے کئے گئے۔ اس حوالے سے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ڈاکٹر نوید عاطف کا کہنا تھا کہ شہریوں کی جان و مال کی حفاظت یقینی بنانے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 18)

ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے اپنے دفتر میں اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں سے ملاقات کی

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے اپنے دفتر میں اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں سے ملاقات کی اور ان کے مسائل و شکایات کو براہِ راست سنا۔ شہریوں نے مختلف نوعیت کے مسائل اور درخواستیں پیش کیں، جن پر ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ محکموں کے افسران کو مسائل کے فوری حل اور شہریوں کو ریلیف کی فراہمی کے لیے ضروری اقدامات کرنے کے احکامات جاری کیے۔ ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے افسران کو ہدایت کی کہ شہریوں کی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر نمٹایا جائے اور مسائل کے حل میں کسی قسم کی تاخیر یا غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوام کو بہترین سروسز کی فراہمی اور ان کے مسائل کے بروقت ازالے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کر رہی ہے۔

مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یاسمین اعوان

مذہبی رواداری، اتحاد و اتفاق کا فروغ وقت کی اہم ضرورت ہے، سردار محمد یوسف

سابق رکن قومی اسمبلی حلقہ این اے 137 دیپالپور، سابق وفاقی پارلیمانی سیکرٹری حاجی راؤ محمد اجمل خاں کی اسلام آباد میں وفاقی وزیر برائے مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی سردار محمد یوسف سے اہم ملاقات

دیپالپور: سابق وفاقی پارلیمانی سیکرٹری حاجی راؤ محمد اجمل خاں کی وفاقی وزیر برائے مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی سردار محمد یوسف سے اہم ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

دیپال پور (امام دین+نامہ نگار) سابق رکن قومی اسمبلی حلقہ این اے 137 دیپالپور، سابق وفاقی پارلیمانی سیکرٹری حاجی راؤ محمد اجمل خاں کی اسلام آباد میں وفاقی وزیر برائے مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی سردار محمد یوسف سے اہم ملاقات ہوئی۔ ملاقات خوشگوار اور دوستانہ ماحول میں ہوئی جس میں ملک کی مجموعی صورتحال، مذہبی ہم آہنگی، بین المذاہب رواداری، قومی یکجہتی اور باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا تفصیلات کے مطابق سابق ایم این اے حلقہ این اے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 27)

ایس ایچ او تھانہ سٹی پسرور کرائم فائٹر سرمد فیاض کی بڑی کارروائی۔

400 لیٹر دیسی شراب برآمد فروخت کرنے والا ملزم گرفتار

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) ایس ایچ او تھانہ سٹی پسرور کرائم فائٹر سرمد فیاض کی بڑی کارروائی۔ 400 لیٹر دیسی شراب برآمد فروخت کرنے والا ملزم گرفتار، تقریباً 400 لیٹر دیسی شراب اور شراب کشید کرنے والی بھٹی کا مکمل سامان برآمد۔ تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ کیپٹن ریٹائرڈ دوست محمد کی ہدایات پر ڈی ایس پی پسرور سرکل رانا جمیل قیصر کی ہدایات پر ایس ایچ او تھانہ سٹی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 28)

ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن

سیالکوٹ کا مطالبے کی منظوری تک

ہڑتال جاری رکھنے کا فیصلہ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ کا مطالبے کی منظوری تک ہڑتال جاری رکھنے کا فیصلہ۔ تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر سعید احمد بھلی، سیکرٹری چوہدری شہباز شمس نے کہا ہے کہ پولیس اور انتظامیہ کی جانب سے وکلاء پر جھوٹے، بے بنیاد مقدمات، ان کے گھروں پر غیر قانونی چھاپوں کیخلاف ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ کے وکلاء نے غیر معینہ مدت (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 26)

محمد کاشف عرف کاکا انتقال کر گئے، نماز جنازہ میں شہریوں کی بڑی تعداد کی شرکت

پرائس انسپکشنز کا سلسلہ جاری رہے گا: خالد جاوید بھٹی

ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کی ہدایت پر ضلع بھر میں پٹرولیم مصنوعات کی ناپ تول اور مقررہ قیمتوں پر فروخت کی چیکنگ کا سلسلہ جاری ہے، ڈسٹرکٹ آفیسر انڈسٹریز کی مرکزی پریس کلب (رجسٹرڈ) شیر گڑھ کے صحافیوں سے خصوصی گفتگو

شیر گڑھ (عمران زاہد کھوکھر سے) ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کی ہدایت پر ضلع بھر میں پٹرولیم مصنوعات کی ناپ تول اور مقررہ قیمتوں پر فروخت کی چیکنگ کا سلسلہ جاری ہے۔ ڈسٹرکٹ آفیسر انڈسٹریز خالد جاوید بھٹی کی زیر نگرانی انڈسٹریز، پرائسز، ویٹ اینڈ میئرز ڈیپارٹمنٹ کی ٹیمیں عوام کو پٹرولیم مصنوعات کی درست مقدار اور مقررہ قیمت پر فراہمی یقینی بنانے کے لیے متحرک ہیں۔ اس سلسلے میں ڈسٹرکٹ آفیسر انڈسٹریز خالد جاوید بھٹی کی زیر نگرانی ٹیم نے شہر کے مختلف پٹرول پمپس کا اچانک معائنہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 29)

جنرل کونسلر ذوالفقار علی جاوید کھوکھر کی والدہ کے انتقال پر صحافیوں کا اظہار تعزیت

شیر گڑھ (نامہ نگار) مرکزی پریس کلب (رجسٹرڈ) شیر گڑھ کے تعزیتی اجلاس کی صدارت ضلعی چیئرمین ڈسٹرکٹ یونین آف جرنلسٹس اوکاڑہ و صدر مرکزی پریس کلب (رجسٹرڈ) شیر گڑھ عمران زاہد کھوکھر نے کی۔ اجلاس میں صحافیوں اور عہدیداران نے جنرل کونسلر ذوالفقار علی جاوید کھوکھر کی والدہ محترمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کے اہلِ خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔ اس موقع پر مرحومہ کی روح کے ایصالِ ثواب اور درجاتِ بلندی کے لیے خصوصی طور پر قرآن خوانی کا اہتمام کیا گیا، جبکہ صحافیوں اور عہدیداران نے اجتماعی دعا بھی کی۔ دعا کے دوران اللہ تعالیٰ سے مرحومہ کی مغفرت، درجاتِ بلندی اور لواحقین کو صبرِ جمیل عطا فرمانے کی دعا کی گئی۔ اجلاس میں کہا گیا کہ ماں کا سایہ اٹھ جانا اہلِ خانہ کے لیے ناقابلِ تلافی صدمہ ہے، اس غم کی گھڑی میں مرکزی پریس کلب (رجسٹرڈ) شیر گڑھ کی صحافتی برادری سوگوار خاندان کے غم میں برابر کی شریک ہے۔ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق دے۔ آمین۔

ماجد رضا بھٹہ پاکستان سپورٹس گڈز مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین منتخب

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ماجد رضا بھٹہ پاکستان سپورٹس گڈز مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین منتخب۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان سپورٹس گڈز مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے انتخابات میں ماجد رضا بھٹہ چیئرمین، شیخ خالد سینئر وائس چیئرمین، احمد خان وائس چیئرمین منتخب۔ منتخب ہونے والے عہدیداران کا اتحاد فونڈر گروپ کے چیئرمین ریاض الدین شیخ، خواجہ مسعود اختر و دیگر صنعتکاروں نے مبارکباد دیتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

ترقیاتی منصوبوں میں معیار، شفافیت اور رفتار کو یقینی بنایا جائے اور مقررہ اہداف کے مطابق منصوبوں کی بروقت تکمیل پر خصوصی توجہ دی جائے۔ سید محمد عباس شاہ

بہاولنگر (بیورو رپورٹ) ترقیاتی منصوبوں میں معیار، شفافیت اور رفتار کو یقینی بنایا جائے اور مقررہ اہداف کے مطابق منصوبوں کی بروقت تکمیل پر خصوصی توجہ دی جائے۔ سید محمد عباس شاہ۔ ڈپٹی کمشنر سید محمد عباس شاہ کی زیر صدارت ضلع میں جاری ترقیاتی منصوبوں، محکمانہ کارکردگی اور مختلف حکومتی اقدامات پر پیش رفت کا جائزہ لینے کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوئے۔ اجلاسوں میں متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی اور اپنے محکموں کی کارکردگی، جاری منصوبوں اور آئندہ کے لائحہ عمل کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ بلڈنگ سیکٹر اور ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ کمیٹی (DDC) بہاولنگر کے اجلاس میں ضلع میں جاری اور مجوزہ ترقیاتی منصوبوں، تعمیراتی کاموں اور منصوبوں پر پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ متعلقہ افسران نے ترقیاتی منصوبوں کی موجودہ صورتحال، تکمیل کی رفتار اور درپیش مسائل سے ڈپٹی کمشنر کو آگاہ کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر سید محمد عباس شاہ نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ترقیاتی منصوبوں میں معیار، شفافیت اور رفتار (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 30)

ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اینڈ فنانس کا الیکٹرک بس ٹرمینل کا دورہ

ساہیوال (تحصیل رپورٹر) کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل کی ہدایت پر ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اینڈ فنانس شفیق احمد ڈوگر نے الیکٹرک بس ٹرمینل اور چارجنگ پوائنٹس کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ ٹیکنیکل عمران خان بھی ان کے ہمراہ تھے۔ دورے کے دوران ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اینڈ فنانس نے الیکٹرک بسوں، چارجنگ پوائنٹس اور گاڑیوں کے مختلف حصوں کا تفصیلی معائنہ کیا۔ ٹرمینل کے چارجنگ پوائنٹس اور انتظامات کے حوالے سے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 31)

جڑانوالہ: اسامہ ہیلتھ کیئر کلینک میں مبینہ عطائی پریکٹس، محکمہ صحت سے کارروائی کا مطالبہ

جڑانوالہ (تحصیل رپورٹر) جڑانوالہ: اسامہ ہیلتھ کیئر کلینک میں مبینہ عطائی پریکٹس، محکمہ صحت سے کارروائی کا مطالبہ ثانیہ جاوید نامی خاتون مبینہ طور پر خود کو سرجن ڈاکٹر ظاہر کر کے مریضوں کی زندگیاں ضائع کر رہی ہے چند ماہ قبل بھی اس عطائی ڈاکٹر نے انسانی جان ضائع کی تھی جس پر محکمہ نے اس کا کلینک سیل کر دیا تھا جس کے باوجود یہ اپنا کلینک غیر قانونی طور پر کھول کر پھر انسانی جانوں سے کھیل رہی ہے چک نمبر 101، علی پور بنگلہ میں قائم اسامہ ہیلتھ کیئر کلینک کے حوالے سے شہریوں کی جانب سے سنگین شکایات سامنے آئی ہیں۔ مقامی افراد کا الزام ہے کہ کلینک میں ثانیہ جاوید نامی خاتون مبینہ طور پر خود کو سرجن ڈاکٹر ظاہر کر کے مریضوں کا علاج کر رہی ہیں، جبکہ ان کی طبی اہلیت اور رجسٹریشن سے متعلق سوالات اٹھائے جا رہے ہیں۔ شہریوں کے مطابق مبینہ طور پر اپریشن کے دوران ایک خاتون کی طبیعت انتہائی خراب ہوئی اور وہ جانبر نہ ہو سکیں۔ بتایا گیا ہے کہ متاثرہ خاتون چک نمبر 105 گبیانوالہ سے تعلق رکھتی تھیں۔ تاہم مذکورہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 32)

پاکستان کو اس وقت موسمیاتی اور ماحولیاتی تبدیلیوں کے چیلنجوں کا سامنا ہے، محترمہ رخشندہ تسنیم

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) رائزنگ پاکستان فورم کی صدر محترمہ رخشندہ تسنیم نے کہا ہے کہ پاکستان کو اس وقت موسمیاتی اور ماحولیاتی تبدیلیوں کے چیلنجوں کا سامنا ہے۔ آئے دن موسمیاتی تبدیلیوں کی بگڑتی ہوئی صورتحال کے باعث نہ صرف انسانوں بلکہ تمام تر جاندار مخلوقات کی زندگیوں اور صحت کو خطرات کا سامنا ہے۔ جس سے تنہا حکومت نہیں نمٹ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 33)

گوہدپور کے علاقے میں پیزا شاپ کے ورکرز کے ساتھ واردات کا معمہ حل، ملزمان گرفتار، مالِ مسروقہ برآمد

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں نکا سے) گوہدپور کے علاقے میں پیزا شاپ کے ورکرز کے ساتھ واردات کا معمہ حل، ملزمان گرفتار، مالِ مسروقہ برآمد، تھانہ مراد پور پولیس نے پیزا شاپ کے ورکرز کو ان کی رہائش گاہ پر اسلحہ کے زور پر لوٹنے کی واردات کا سراغ لگا کر تین رکنی گینگ کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق 8 ستمبر 2026ء کے روز گوہدپور میں موجود پیزا شاپ کے ورکرز اپنے رہائشی ہاسٹل میں موجود تھے کہ نامعلوم مسلح ملزمان نے انہیں یرغمال بنا کر نقدی اور موبائل فونز چھین لیے اور فرار ہو گئے۔ واقعے کا مقدمہ تھانہ مراد پور میں درج کیا گیا۔ ڈی پی او سیالکوٹ کیپٹن (ر) دوست محمد نے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 34)

ڈپٹی کمشنر سید محمد عباس شاہ ترقیاتی منصوبوں، محکمانہ کارکردگی اور مختلف حکومتی اقدامات پر پیش رفت کا جائزہ لینے کے حوالے سے اہم اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

سابق ایم این اے اوکاڑہ اور ضلعی صدر پاکستان پیپلز پارٹی اوکاڑہ چوہدری سجاد الحسن نے ایوانِ صدر میں صدر مملکت آصف علی زرداری سے خصوصی ملاقات کی

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) سابق ایم این اے اوکاڑہ اور ضلعی صدر پاکستان پیپلز پارٹی اوکاڑہ چوہدری سجاد الحسن نے ایوانِ صدر میں صدر مملکت آصف علی زرداری سے خصوصی ملاقات کی۔ ملاقات میں اوکاڑہ کی مجموعی صورتحال، عوام کو درپیش مسائل اور علاقے کی تعمیر وترقی سے متعلق مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر چوہدری سجاد الحسن نے اوکاڑہ کے عوام کو درپیش مختلف مسائل اور بنیادی ضروریات کے حوالے سے صدر مملکت کو آگاہ کیا اور علاقے میں ترقیاتی منصوبوں، عوامی سہولیات کی فراہمی اور دیگر اہم امور پر گفتگو کی۔ ملاقات کے دوران اوکاڑہ کے مختلف مسائل کو اجاگر کرتے ہوئے ان کے مؤثر، عملی اور پائیدار حل کے حوالے سے بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے اوکاڑہ سے متعلق امور پر گفتگو کرتے ہوئے عوامی مسائل کے حل اور علاقے کی ترقی سے متعلق معاملات کو اہم قرار دیا۔

گوہدپور کے علاقے میں پیزا شاپ کے ورکرز کے ساتھ واردات کا معمہ حل، ملزمان گرفتار، مالِ مسروقہ برآمد

سول ہسپتال وزیر آباد میں کنٹین اور پارکنگ کے ٹھیکوں کے لیے ٹینڈرز مقررہ قوانین وضوابط کے مطابق شفاف انداز میں اوپن کیے گئے

وزیر آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر مہر عبدالصمد) سول ہسپتال وزیر آباد میں کنٹین اور پارکنگ کے ٹھیکوں کے لیے ٹینڈرز مقررہ قوانین وضوابط کے مطابق شفاف انداز میں اوپن کیے گئے۔ کنٹین کے ٹینڈر میں دلچسپی رکھنے والی 9 مختلف کمپنیوں اور ٹھیکیداروں نے اپنے کاغذات اور سی ڈی آر جمع کروائے، جبکہ پارکنگ کے ٹینڈر کے لیے ایک کمپنی نے حصہ لیا۔ تفصیلات کے مطابق سول ہسپتال وزیر آباد کی کنٹین اور پارکنگ کے ٹھیکوں کے لیے اخبارات میں اشتہارات شائع ہونے کے بعد مقررہ طریقہ کار کے تحت ٹینڈرنگ کا عمل شروع کیا گیا۔ ایم ایس سول ہسپتال وزیر آباد ڈاکٹر غلام مرتضیٰ کی زیر نگرانی تمام متعلقہ کمپنیوں اور ٹھیکیداروں کی موجودگی میں ٹینڈرز اوپن کیے گئے، جبکہ میڈیا نمائندگان بھی اس موقع پر موجود تھے۔ کنٹین کے ٹینڈر میں 9 کمپنیوں نے حصہ لیا، جن کے جمع کروائے گئے کاغذات اور سی ڈی آر کا جائزہ لیا جائے گا۔ ٹینڈر کے عمل میں زیادہ ریٹ دینے والی ابتدائی تین کمپنیوں کے تمام دستاویزات کی مکمل جانچ پڑتال کے بعد قواعد وضوابط کے مطابق حتمی فیصلہ کیا جائے گا۔ پارکنگ کے ٹینڈر میں ایک کمپنی سامنے آنے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 35)

معصوم شہریوں اور پولیس اہلکاروں کو نشانہ بنانا بزدلی اور سفاکیت کی مثال ہے، سیٹھ حافظ عبدالرحمان

کاموکے (تحصیل رپورٹر) امیر مرکزی جمعیت اہلحدیث سیٹھ حافظ عبدالرحمان اور حمزہ رحمان نے کہا ہے کہ معصوم شہریوں اور پولیس اہلکاروں کو نشانہ بنانا بزدلی اور سفاکیت کی مثال ہے 'دہشت گرد خون بہا کر پاکستانیوں کے حوصلے پست نہیں کر سکتے' حملے میں جاں بحق افراد کا خون رائیگاں نہیں جائیگا اور دہشت گردوں کو قانون کے مطابق انجام تک پہنچایا جائے۔ انہوں نے دھماکے میں زخمی ہونیوالوں کی فوری مدد کی جائے جمعہ کے مقدس روز انسانی جانوں سے کھیلنے والے کسی رورعایت کے مستحق نہیں 'دہشت گرد کا کوئی مذہب نہیں ہوتا' ملکر اس عفریت کو ختم کرنا ہو گا۔ حکومت اور قانون (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 36)

بچوں اور نوجوانوں میں فلیور والے ویپ اور پوڈز کے بڑھتے ہوئے رجحان نے والدین اور شہری حلقوں کو تشویش میں مبتلا کر دیا

وزیر آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر مہر عبدالصمد) بچوں اور نوجوانوں میں فلیور والے ویپ اور پوڈز کے بڑھتے ہوئے رجحان نے والدین اور شہری حلقوں میں تشویش پیدا کر دی۔ مختلف فلیورز اور پرکشش انداز میں دستیاب ویپ اور پوڈز کم عمر افراد کو اپنی جانب متوجہ کر رہے ہیں، جس کے باعث نوجوان نسل کو نکوٹین کے استعمال سے دور رکھنے کے لیے مؤثر اقدامات کی ضرورت پر زور دیا جا رہا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ تعلیمی اداروں، سرکاری دفاتر، پبلک ٹرانسپورٹ اور تمام عوامی پارکس کو ویپ اور سگریٹ نوشی سے مکمل طور پر پاک رکھنے کے لیے مقررہ پابندیوں پر سختی سے عملدرآمد ہونا چاہیے۔ پارکس کے اندر قائم کیفے اور ٹک شاپس پر بھی ویپ اور سگریٹ نوشی کی روک تھام کے لیے مؤثر نگرانی ضروری ہے۔ والدین اور شہری حلقوں کے مطابق کم عمر بچوں اور نوجوانوں کو نکوٹین کی عادت سے محفوظ رکھنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ متعلقہ اداروں کو چاہیے کہ عوامی مقامات پر ویپ اور سگریٹ نوشی کے خلاف قوانین پر عملدرآمد کے ساتھ ساتھ کم عمر افراد (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 37)



ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد کی زیر صدارت ڈی پی او کمپلیکس میں کرائم میٹنگ کا انعقاد کیا گیا

گجرات سید طارق حسین+زیڈ اے بھٹی) ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد کی زیر صدارت کرائم میٹنگ۔ تفصیلات کے مطابق ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد کی زیر صدارت (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 39)

GUJRAT POLICE

ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد کی زیر صدارت کرائم میٹنگ کے مناظر

محمد کاشف عرف کاکا انتقال کر گئے، نماز جنازہ میں شہریوں کی بڑی تعداد کی شرکت

شورکوٹ (محمد آصف ندیم) محمد شریف نمک فروش مرحوم کے پوتے، محمد سرور کے بیٹے، محمد اکرم عرف باو؟ کے بھتیجے، یٰسین طلحہ ٹیلر، محمد شاہد نوید اور محمد آصف نوید جنرل سٹور مین بازار شورکوٹ سٹی والے کے بھائی محمد کاشف عرف کاکا طویل عرصہ سے گردوں کے عارضے میں مبتلا تھے، جو گزشتہ روز بقضائے الٰہی انتقال کر گئے مرحوم کی نماز جنازہ عثمانیہ پارک شورکوٹ سٹی میں ادا کی گئی، جس میں صحافی برادری، تاجر برادری، وکلاء، سیاسی وسماجی شخصیات اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی بعد ازاں مرحوم کو ان کے آبائی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔

بہن کے مبینہ غیرت کے نام پر قتل کا معاملہ، پولیس کی رات بھر مؤثر کارروائیاں، مرکزی ملزم سمیت دو نامزد ملزمان گرفتار

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں نکا سے) تھانہ اگوکی کے علاقے میں بہن کے مبینہ غیرت کے نام پر قتل کا معاملہ، پولیس کی رات بھر مؤثر کارروائیاں، مرکزی ملزم سمیت دو نامزد ملزمان گرفتار، ڈی پی او سیالکوٹ کے فوری نوٹس اور مسلسل نگرانی میں ڈی ایس پی صدر سرکل کی سربراہی میں تشکیل دی گئی پولیس ٹیموں کی اہم کامیابی، گزشتہ شب تھانہ اگوکی کے علاقے مظفر پورہ میں 24 سالہ رسول فاطمہ کو اس کے بھائی ذکی عباس نے اڑھائی ماہ قبل گھر سے چلے جانے کی رنجش پر مبینہ طور پر غیرت کے نام پر فائرنگ کر کے قتل کر دیا تھا۔ پولیس کی مدعیت میں درج ہونے والے مقدمے میں مقتولہ کے بھائی ذکی عباس سمیت خاندان کے دیگر افراد کو نامزد کیا گیا۔ ڈی پی او سیالکوٹ کیپٹن (ر) دوست محمد نے واقعے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ڈی ایس پی صدر سرکل رانا طارق ندیم کی نگرانی میں خصوصی پولیس ٹیمیں تشکیل دیتے ہوئے ضروری تکنیکی وسائل فراہم کیے اور ملزمان کی جلد از جلد گرفتاری یقینی بنانے کے احکامات جاری کیے۔ ڈی پی او کی مسلسل رہنمائی اور فالو اپ کے تحت ایس ایچ او تھانہ اگوکی انسپکٹر بلال سلیم و دیگر پولیس ٹیموں نے رات بھر مؤثر ناکہ بندی، سرچ آپریشنز اور چھاپہ مار کارروائیوں کے دوران جدید ٹیکنالوجی، ہیومن انٹیلی جنس اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے مرکزی ملزم ذکی عباس اور شریک ملزم غلام عباس (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 46)

کھاریاں بار انتخابات 2027/2028: میدان سج گیا اتحاد والائنس گروپ نے اپنے پتے شو کر دیے

کھاریاں (راجہ سلطانی) کھاریاں بار انتخابات 2027/2028: میدان سج گیا اتحاد والائنس گروپ نے اپنے پتے شو کر دیے چوہدری محمد طارق امرہ ایڈووکیٹ صدر، چوہدری زاہد عالم ایڈووکیٹ جنرل سیکرٹری کے امیدوار نامزد اتحاد والائنس گروپ کے زیرِ اہتمام شاندار ظہرانہ، کھاریاں بار کے وکلاء کی بھرپور شرکت۔ سالانہ انتخابات 2027/2028 کے لیے چوہدری محمد طارق امرہ ایڈووکیٹ کو امیدوار برائے صدر جبکہ چوہدری زاہد عالم ایڈووکیٹ کو امیدوار برائے جنرل سیکرٹری باضابطہ طور پر میدان میں اتارنے کا اعلان کر دیا گیا میدواروں کے اعلان کے ساتھ ہی کھاریاں بار میں انتخابی سرگرمیوں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 38)

مخدوم سید انصر علی کاظمی ڈسٹرکٹ لاہور کے پولیٹیکل افیئر چیئرمین مقرر

مرکزی قیادت کی جانب سے مبارکباد اور نیک تمناؤں کا اظہار

ننکانہ صاحب (محمد عرفان رفیع تحصیل بیورو چیف) تفصیلات کے مطابق قومی امن کمیٹی بین المذاہب ہم آہنگی و انسانی حقوق پاکستان کی جانب سے لاہور، پنجاب کی معروف رئیل اسٹیٹ شخصیت مخدوم سید انصر علی کاظمی کو ڈسٹرکٹ لاہور کا پولیٹیکل افیئر چیئرمین مقرر کر دیا گیا ہے۔ اس موقع پر مخدوم سید انصر علی کاظمی نے اپنی تقرری پر مرکزی جنرل سیکرٹری جناب محمد اشرف جعفری اور سینٹرل کوآرڈینیٹر علامہ سید شاہد عباس نقوی کا خصوصی شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے مجھے اس اہم عہدے کے لیے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 40)

سیالکوٹ میں پولیس مقابلہ 45 سالہ ریکارڈ یافتہ ملزم ہلاک

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سیالکوٹ میں پولیس مقابلہ 45 سالہ ریکارڈ یافتہ ملزم ہلاک۔ تفصیلات کے مطابق سیالکوٹ روڈ کھوئی سٹاپ سے ابدالی روڈ نزد ممتاز ٹاؤن میں مبینہ پولیس مقابلہ۔ دوران ریڈ ملزمان کی پولیس پر فائرنگ مبینہ پولیس مقابلہ میں تحصیل پسرور کے علاقہ بنی سلہریاں کا رہائشی 45 سالہ شاہ زمان ولد بشیر احمد اپنے ہی ساتھیوں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 41)

بلاول بھٹو زرداری کی سالگرہ پر شورکوٹ بار میں کیک کاٹنے کی تقریب، وکلاء، کارکنان اور معززین کی شرکت

شورکوٹ (محمد آصف ندیم) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی 38ویں سالگرہ کے موقع پر شورکوٹ بار میں کیک کاٹنے کی تقریب منعقد ہوئی، جس کا اہتمام امیدوار برائے صوبائی اسمبلی ملک محمد آصف یعقوب ایڈووکیٹ ہائیکورٹ نے کیا تقریب میں وکلاء، پیپلز پارٹی کے کارکنان، اور معززین نے شرکت کی اس موقع پر شرکاء نے بلاول بھٹو زرداری کی صحت، سلامتی اور درازی؟ عمر کے لیے خصوصی دعا کی جبکہ کیک کاٹ کر سالگرہ کی خوشی منائی گئی شرکاء نے پاکستان پیپلز پارٹی کے روایتی نعرے روٹی، کپڑا اور مکان کا بھی اعادہ کیا تقریب میں چوہدری شہباز علی تگہ، معیز شفقت ایڈووکیٹ، غلام مصطفیٰ لنگاہ ایڈووکیٹ، خرم گیلانی ایڈووکیٹ، خان عابد علی رجبانہ سیال، پیر سید صاحب سلطان ایڈووکیٹ، پیر سید کمال سلطان ایڈووکیٹ، رانا تنویر ایڈووکیٹ، عنصر عباس سیال، صابر ہاشمی، جمشید رحمانی سمیت دیگر وکلاء، کارکنان اور معززین نے شرکت کی اس موقع پر شرکاء نے بلاول بھٹو زرداری کو (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 49)

پاکستان تحریک انصاف نے ایک بار پھر احتجاج اور انتشار کی سیاست کو ہوا دینے کی کوشش کی، صوبائی وزیر بلدیات پنجاب میاں ذیشان رفیق

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) صوبائی وزیر بلدیات پنجاب میاں ذیشان رفیق نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف نے ایک بار پھر احتجاج اور انتشار کی سیاست کو ہوا دینے کی کوشش کی، تاہم لاہور، سیالکوٹ اور وزیر آباد میں ہونے والے ناکام احتجاجی مظاہروں نے واضح کر دیا ہے کہ عوام نے اس طرزِ سیاست کو مسترد کر دیا ہے۔ خیبر پختونخوا کے وزیر اعلیٰ کی جانب سے دی جانے والی احتجاجی کال پر عوام کی عدم پذیرائی اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ عوام اب انتشار کے بجائے ترقی، استحکام اور خدمت کی سیاست کو ترجیح دیتے ہیں۔ ڈسکہ میں میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے صوبائی وزیر بلدیات نے کہا کہ تاریخ گواہ ہے کہ جب عوام کسی سیاسی قیادت کے ساتھ کھڑے ہوں تو بڑے سے بڑا چیلنج بھی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 47)

سپورٹس کمپلیکس ایف ڈی اے سٹی کی ممبرشپ کے لیے مزید 37 امیدواروں کو منتخب کر لیا گیا

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) سپورٹس کمپلیکس ایف ڈی اے سٹی کی ممبرشپ کے لیے مزید 37 امیدواروں کو منتخب کر لیا گیا ہے، جس کے بعد سپورٹس کمپلیکس کے مجموعی ممبران کی تعداد 376 ہو گئی ہے۔ ممبرشپ میں مسلسل اضافے سے واضح ہوتا ہے کہ شہری کھیلوں، جسمانی صحت اور مثبت وصحت مند سرگرمیوں میں گہری دلچسپی رکھتے ہیں، جو ایک صحت مند اور فعال معاشرے کی تشکیل کے لیے خوش آئند امر ہے۔ چیئرمین مینجمنٹ کمیٹی/کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ کی جانب سے ڈائریکٹر جنرل فیصل آباد ڈویلپمنٹ اتھارٹی (ایف ڈی اے) محمد آصف چوہدری نے ایف ڈی اے کمپلیکس کے کمیٹی روم میں نئے ممبرشپ امیدواروں کے انٹرویو سیشن کی صدارت کی۔ اس موقع پر امیدواروں کے کوائف، اہلیت اور ممبر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 45)

امتحان انٹرمیڈیٹ پارٹ سیکنڈ وکمپوزٹ (اول) سالانہ 2026ء کے نتائج کا اعلان ان شاء اللہ 23 ستمبر بدھ ہو گا

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد کے زیر اہتمام ہونے والے امتحان انٹرمیڈیٹ پارٹ سیکنڈ وکمپوزٹ (اول) سالانہ 2026ء کے نتائج کا اعلان ان شاء اللہ 23 ستمبر بدھ 10 بجے دن جبکہ پوزیشن ہولڈرز طلباء و طالبات کے ناموں کا اعلان چیئرمین بورڈ 22 ستمبر منگل ایجوکیشن بورڈ میں سہ پہر 3:30 بجے منعقدہ پریس کانفرنس کے دوران کریں گے۔ پوزیشن ہولڈر طلبا وطالبات کے اعزاز میں تقریب تقسیم انعامات 23 ستمبر کو 9:30 بجے دن تعلیمی بورڈ فیصل آباد کے آڈیٹوریم میں منعقد ہو گی جس میں پوزیشن ہولڈرز طلباء وطالبات، ان کے سربراہان ادارہ جات، اساتذہ کرام و والدین کے علاوہ شعبہ تعلیم سے وابستہ اہم شخصیات سمیت سیکرٹری بورڈ پروفیسر ڈاکٹر سلیم تقی شاہ اور کنٹرولر امتحانات پروفیسر رانا عتیق الرحمٰن بھی شریک ہوں گے۔ تقریب کی صدارت (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 43)

نائب تحصیلدار ڈسکہ محمود جاوید باگڑی کی معطلی کے احکامات جاری

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) کمشنر گوجرانوالہ محمد علی نے ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق کی سفارش پر نائب تحصیلدار ڈسکہ محمود جاوید باگڑی کی معطلی کے احکامات جاری کر دیے ہیں۔ نائب تحصیلدار ڈسکہ پر سول کورٹ کے فیصلے کی خلاف ورزی کا الزام ہے۔ نائب تحصیلدار نے مبینہ طور پر عدالتی فیصلے کے برخلاف دو رجسٹریوں کا اندراج کیا۔ ڈپٹی کمشنر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 42)

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق کمشنر کمپلیکس میں سٹیٹ آف دی آرٹ "ڈویژنل ریونیو کورٹ" کا افتتاح کر دیا گیا

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق کمشنر کمپلیکس میں سٹیٹ آف دی آرٹ ''ڈویژنل ریونیو کورٹ'' کا افتتاح کر دیا گیا جس کی بدولت درخواست گزار سائلین کو ریونیو کیسز کی سماعت کے ساتھ بیٹھنے کے لئے بھی پرسکون ماحول میسر آئے گا۔ کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ نے ڈیڑھ ماہ کی مختصر مدت میں قائم ڈویژنل ریونیو کورٹ کمپلیکس کا افتتاح کیا۔ چاروں اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ، ایڈیشنل کمشنرز، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز ریونیو، سینئر لاء آفیسر، صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن، جنرل سیکرٹری ڈسٹرکٹ بار، چوہدری عبدالسلام ایڈووکیٹ ودیگر وکلاء بھی موجود تھے۔ کمشنر نے عدالت کے مختلف شعبے دیکھے اور گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ڈویژنل سطح پر بڑی عدالت کمشنر آفس کی ہے جہاں ڈپٹی کمشنرز کے ریونیو امور سے متعلقہ فیصلوں پر اپیل کے علاوہ کچھ ابتدائی کیسز بھی شروع ہوتے ہیں لیکن کمشنر آفس میں باقاعدہ کورٹ کمپلیکس نہ ہونے کے باعث ڈویژن کے دور دراز علاقوں سے آئے ہوئے درخواست گزاروں اور وکلا کو پریشانی کا سامنا اور انتظار (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 50)

حکومت نے عوامی خدمت کی نئی مثال رقم کرتے ہوئے پاکستان کو معاشی استحکام کی راہ پر گامزن کر دیا، چوہدری لیاقت

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما چوہدری لیاقت اتفاق فاؤنڈری والا نے کہا ہے کہ حکومت نے عوامی خدمت کی نئی مثال رقم کرتے ہوئے پاکستان کو معاشی استحکام کی راہ پر گامزن کر دیا ہے۔ ملکی سلامتی، خودمختاری اور قومی مفادات کے تحفظ کے لیے تاریخی معاہدے کیے گئے ہیں، جبکہ وفاق اور پنجاب کی سطح پر عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں کا دائرہ وسیع کیا جا رہا ہے، ترقیاتی منصوبوں کے جال بچھائے جا رہے ہیں اور عوام کو مختلف شعبوں میں بھرپور ریلیف فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں۔ (ن) لیگ کی حکومت نے ہمیشہ مشکل حالات میں ملک کو بحرانوں سے نکالنے کے لیے ذمہ دارانہ اور معاشی فیصلے کیے ہیں، موجودہ حکومت بھی وزیر اعظم محمد شہباز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں معیشت کی بحالی، سرمائے کاری کے فروغ، روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور عوامی مسائل کے حل کے لیے سنجیدگی سے اقدامات کر رہی ہے۔ ملکی معیشت کو مضبوط بنانا موجودہ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، معاشی استحکام کے بغیر نہ روزگار کے مواقع میں خاطر خواہ اضافہ ممکن ہے اور نہ ہی عوام کو مستقل بنیادوں پر ریلیف فراہم کیا جا سکتا ہے۔ حکومت نے معاشی نظم وضبط، سرمائے کاری کے فروغ، کاروباری سرگرمیوں میں اضافے اور مختلف شعبوں میں اصلاحات پر توجہ رکھی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 48)



پاکپتن۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وی ان ائی جی پنجاب، ایڈیشنل ائی جی پنجاب ہائیوے پٹرولنگ فیصل علی رجہ کے احکامات ریجنل افیسر پٹرولنگ پنجاب ہائی وے پولیس غازی عمر فاروق کی ہدایت، ڈسٹرکٹ افیسر پٹرولنگ ہائی وے اسرار حسین اویسی کی زیر نگرانی پٹرولنگ پوسٹ اپنے بیٹ ایریا میں ٹریفک قوانین کی پاسداری کیلئے کوشاں

پرانی غلہ منڈی وزیر آباد کی حالت بہتر بنانے اور بازار کو خوبصورت بنانے کے لیے ٹف ٹائلز بچھانے کا فیصلہ کر لیا گیا

وزیر آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر مہر عبدالصمد) پرانی غلہ منڈی وزیر آباد کی حالت بہتر بنانے اور بازار کو خوبصورت بنانے کے لیے ٹف ٹائلز بچھانے کا فیصلہ کر لیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نوید احمد اور اسسٹنٹ کمشنر جواد حسین پیرزادہ کی ہدایات پر سی او بلدیہ شہزاد گوندل نے متعلقہ افسران کو غلہ منڈی کا لیول درست کرنے، صفائی و تجاوزات کے خاتمے اور ٹف ٹائلز بچھانے کا عمل فوری شروع کرنے کی ہدایات جاری کر دی ہیں۔ ذرائع کے مطابق انفورسمنٹ انسپکٹر داؤد چیمہ کی زیر نگرانی مین بازار بیوٹیفکیشن اے پی سی محمد رمضان بھی منصوبے کے انتظامی امور میں معاونت کریں گے۔ اس سلسلے میں غلہ منڈی کے دکانداروں کے صدر چوہدری اعتزاز چیمہ سے داؤد چیمہ اور محمد رمضان نے ملاقات کی، جس میں غلہ منڈی کے مختلف حصوں کو خالی کروانے اور تعمیراتی کام کے لیے جگہ فراہم کرنے کے حوالے سے معاملات طے کیے گئے۔ بلدیہ حکام کے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 44)

پرانی غلہ منڈی وزیر آباد کی حالت بہتر بنانے اور بازار کو خوبصورت بنانے کے لیے ٹف ٹائلز بچھانے کا کا کام جاری

حدیثِ مبارکہ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہٗ سے روائیت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مومن نہ تو طعنہ دینے والا ہوتا ہے 'نہ لعنت کرنے والا 'نہ فحش گو اور نہ زبان دراز۔..................(جامع ترمذی)

مجھے ہے حکم اذان لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

خیبر پختونخوا میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں، 37 دہشت گرد ہلاک

حالیہ دہشت گردی کے تناظر میں سیکیورٹی فورسز کے کوہاٹ، ہنگو اور تھل میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز، بھاری اسلحہ و گولہ بارود تباہ کر دیا گیا۔ فورسز کی کارروائیوں میں 37 دہشت گرد مارے گئے۔ خیبر پختونخوا میں حالیہ دہشتگرد حملوں کے تناظر میں سیکیورٹی فورسز نے کوہاٹ، ہنگو اور تھل کے علاقوں میں انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیاں کی ہیں، جس میں دہشتگرد تنظیموں کے ٹھکانوں اور محفوظ پناہ گاہوں کو نشانہ بنایا گیا ہے۔ صوبے میں سکیورٹی فورسز نے ایک انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں 9 خوارج ہلاک کر دیا جب کہ افغانستان سرحدی علاقے میں 3 دہشتگرد ٹھکانے تباہ کر دیے گئے۔ 20 ستمبر کو سیکیورٹی فورسز نے کوہاٹ اور ہنگو اضلاع میں دہشتگردوں کے ایک گروہ کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ گراؤنڈ آپریشن کیا۔ اس کارروائی کے دوران مؤثر اور درست انگیجمنٹ کے نتیجے میں بھارتی پراکسی فتن؟ الخوارج سے تعلق رکھنے والے 9 خوارج ہلاک ہو گئے۔ قابلِ اعتماد انٹیلی جنس اطلاعات کی بنیاد پر افغانستان کے ساتھ سرحدی علاقے میں فتنہ الخوارج اور اس سے منسلک دہشتگرد گروہوں کے کیمپوں اور ٹھکانوں کو بھی درستگی کے ساتھ نشانہ بنایا گیا۔ اس کارروائی کے دوران 3 اہداف کو تباہ کیا گیا، جن میں خودکش بمباروں کی تربیت کا مرکز بھی شامل تھا۔ اس کارروائی میں 28 دہشتگرد، متعدد خودکش بمباروں سمیت ہلاک ہوئے۔ سکیورٹی فورسز کی اس کارروائی میں دہشتگردوں کے مراکز اور ٹھکانوں میں ذخیرہ کیا گیا بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی تباہ کر دیا گیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق پاکستان نے ہمیشہ خطے میں امن و استحکام کے قیام کے لیے کوششیں کی ہیں، تاہم شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح ہے۔ افغانستان میں دہشتگردی کے مراکز کا موجود رہنا پاکستان کے لیے باعث تشویش ہے اور پاکستان کو درپیش دہشتگردی کا خطرہ افغانستان سے لاحق ہے۔ فورسز کی حالیہ کارروائیوں میں دہشتگردوں کے مراکز کو ہی درست طور پر نشانہ بنایا گیا ہے اور زیادہ سے زیادہ احتیاطی تدابیر اختیار کرتے ہوئے اس بات کو یقینی بنایا گیا کہ کوئی شہری یا غیر متعلقہ نقصان نہ ہو۔ سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے 'عزمِ استحکام' کے وژن کے تحت جاری انسدادِ دہشتگردی مہم 'غضبٌ للحق' بھرپور انداز میں جاری رہے گی تاکہ ملک سے غیر ملکی سرپرستی اور حمایت یافتہ دہشتگردی کے ناسور کا خاتمہ کیا جا سکے۔ جبکہ بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائی میں فتن؟ الہندوستان کے 4 دہشت گرد ہلاک ہو گئے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق بلوچستان میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت سیکیورٹی فورسز کی دہشت گردوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں۔ اس سلسلے میں پنجگور میں ایک کارروائی کے دوران فتنہ الہندوستان کے 4 دہشت گرد ہلاک ہو گئے۔ ذرائع نے بتایا کہ سیکیورٹی فورسز نے پنجگور کے علاقے اپھان کوہ، پروم میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاعات پر آپریشن کیا۔ اس دوران سیکیورٹی فورسز اور علاقے میں موجود دہشت گردوں کے درمیان شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا، جس کے نتیجے میں سیکیورٹی فورسز کی فائرنگ سے 4 دہشت گرد ہلاک ہو گئے۔

دماغی پنجرہ

ام ماریہ حق (دہلی)

انسان کے لیے سب سے مضبوط قید خانہ وہ نہیں جس کی دیواریں اینٹوں اور پتھروں سے بنی ہوں، بلکہ وہ ہے جو خاموشی سے اس کے اپنے ذہن کے اندر تعمیر ہو جائے۔ ایسا قید خانہ جس کی نہ کوئی نظر آنے والی دیوار ہوتی ہے، نہ لوہے کی سلاخیں، نہ پہرے دار؛ پھر بھی انسان اس سے باہر نکلنے کی ہمت نہیں کر پاتا۔ اسے ہم دماغی پنجرہ کہہ سکتے ہیں۔ دماغی پنجرہ دراصل وہ کیفیت ہے جہاں انسان کے پاس سوچنے کی صلاحیت تو موجود ہوتی ہے، مگر وہ آزادانہ سوچنے سے خوفزدہ ہونے لگتا ہے۔ اسے وہی سچ دکھائی دیتا ہے جو اسے برسوں سے بتایا گیا ہو، وہی راستہ درست محسوس ہوتا ہے جس پر ہجوم چل رہا ہو، اور ہر مختلف خیال اسے بغاوت، خطرے یا گمراہی کی علامت دکھائی دینے لگتا ہے۔

یہ پنجرہ ایک دن میں تعمیر نہیں ہوتا۔ کبھی خاندان کا کوئی جملہ اس کی پہلی اینٹ بنتا ہے، کبھی معاشرے کا کوئی خوف، کبھی ناکامی کا ایک تلخ تجربہ اور کبھی لوگوں کی بیجا تنقید اس کی دیوار بلند کر دیتی ہے۔

کوئی کہتا ہے: "یہ تم سے نہیں ہوگا۔"

" کوئی کہتا ہے: "لوگ کیا کہیں گے؟"

ہم بار بار یہ سن کر آخر کار اسے اپنی حقیقت سمجھ لیتے ہیں

اور ہم دوسروں کی زبان کے خوف سے اپنی خواہشوں، خوابوں اور صلاحیتوں کے دروازے بند کر لیتے ہیں۔ پھر ایک وقت آتا ہے جب ہمیں احساس بھی نہیں ہوتا کہ ہم نے اپنی زندگی کے فیصلے کب اپنے ہاتھوں سے نکال کر معاشرے کے حوالے کر دیے۔ سب سے عجیب بات یہ ہے کہ دماغی پنجرے کی سلاخیں دکھائی نہیں دیتیں۔ انسان بظاہر آزاد ہوتا ہے؛ وہ چلتا پھرتا ہے، اپنی مرضی سے بات کرتا ہے، فیصلے کرتا ہے، مگر اندر کہیں ایک خوف اسے مسلسل روکے رکھتا ہے۔ وہ نئے سوال سے گھبراتا ہے، مختلف راستوں سے ڈرتا ہے اور اپنے ہی بنائے ہوئے یقینی سے باہر نکلنے کو خطرہ سمجھتا ہے۔ کبھی کبھی ہماری اپنی سوچ بھی ہمارے خلاف کھڑی ہو جاتی ہے۔ ہم ماضی کے کسی واقعے کو مستقبل کا فیصلہ بنا لیتے ہیں۔ ایک ناکامی کو اپنی پوری زندگی کی شکست سمجھ لیتے ہیں۔ کسی کی رائے کو اپنی حقیقت مان لیتے ہیں اور اپنے بارے میں وہی سوچنے لگتے ہیں جو دوسروں نے ہمارے لیے طے کر دیا ہوتا ہے۔ یوں انسان دنیا سے نہیں، اپنے ہی خیالات سے شکست کھانے لگتا ہے۔

مگر ہر پنجرے کی طرح دماغی پنجرے کا بھی ایک دروازہ ہوتا ہے، اور اس دروازے تک پہنچنے کا پہلا راستہ سوال ہے۔ سوال کرنا ہمیشہ بغاوت نہیں ہوتا، کبھی کبھی سوال کرنا حقیقت تک پہنچنے کی پہلی سیڑھی ہوتی ہے اسی لیے۔۔۔۔۔۔

اپنے یقینی سے سوال کیجیے۔

اپنے خوف سے سوال کیجیے۔

اپنی سوچ سے سوال کیجیے۔

ان روایتوں سے سوال کیجیے جنہیں آپ نے شاید کبھی سمجھا ہی نہیں، صرف اس لیے سچ مان لیا کہ سب انہیں سچ کہتے آئے ہیں۔ ضروری نہیں کہ ہر سوال کا جواب فوراً مل جائے۔ بعض اوقات ایک سچا سوال ہی ذہن کی مضبوط دیوار میں پہلی دراڑ ڈال دیتا ہے۔ اور جہاں دراڑ پیدا ہو جائے، وہاں روشنی کے داخل ہونے کا امکان بھی پیدا ہو جاتا ہے۔

لیکن آزاد ذہن کا مطلب یہ بھی نہیں کہ انسان ہر بات سے اختلاف کرے یا ہر روایت کو محض روایت ہونے کی وجہ سے رد کر دے۔ حقیقی آزادی تو یہ ہے کہ انسان سمجھے، پرکھے، غور کرے اور پھر اپنی عقل و شعور سے فیصلہ کرے۔

آزاد ذہن وہ ہے جو اختلاف سن سکے، سوال برداشت کر سکے، اپنی رائے پر نظرِ ثانی کر سکے اور یہ تسلیم کرنے کا حوصلہ رکھے کہ ممکن ہے جو کچھ وہ آج درست سمجھ رہا ہے، کل اسے زیادہ گہری سمجھ کے بعد بدلنا پڑ سکتا ہے۔ کیونکہ ذہنی آزادی کا سفر دوسروں کو غلط ثابت کرنے سے نہیں، اپنے اندر کی قید کو پہچاننے سے شروع ہوتا ہے۔

پنجرہ باہر ہو تو دروازہ کوئی اور کھول سکتا ہے، مگر جب پنجرہ ذہن کے اندر تعمیر ہو جائے تو اس کی چابی بھی ہمیں خود ہی تلاش کرنی پڑتی ہے۔ اس لیے آج خود سے ایک دیانت دارانہ حساب لیجیے۔ کاغذ پر لکھیں: کون سا خوف آپ کو روک رہا ہے؟ کون سا یقین آپ نے بغیر پرکھے قبول کر رکھا ہے؟ کون سی خواہش صرف اس لیے دفن ہے کہ آپ کو لوگوں کے فیصلے کا ڈر ہے؟ پھر ہر جواب کے سامنے ایک چھوٹا سا عملی قدم طے کیجیے—ایک سوال پوچھیے، ایک کتاب پڑھیے، ایک گفتگو کیجیے، یا وہ پہلا قدم اٹھائیے جسے آپ مدت سے ٹالتے آئے ہیں۔ یاد رکھیے، آزادی ہمیشہ شور کے ساتھ نہیں آتی، کبھی وہ خاموشی میں لیے گئے ایک سچے فیصلے سے جنم لے سکتی ہے۔ آپ کو اپنے ذہن کی ہر سلاخ ایک ہی دن میں نہیں توڑنی، مگر پہلی سلاخ کو پہچاننا اور اسے توڑنا آپ کے اختیار میں ہے۔

شاید آزادی کا پہلا قدم یہی ہے کہ ہم ایک لمحے کے لیے رکیں، اپنے اندر جھانکیں اور خود سے پوچھیں: کیا میں واقعی آزاد ہوں؟ یا صرف اپنے ہی خیالات کے پنجرے میں قید ہوں؟

اور اگر جواب آپ کو بے چین کر دے تو اسے دبایئے نہیں۔ ممکن ہے یہی بے چینی دروازے کے دوسری طرف سے آنے والی روشنی کی پہلی کرن ہو۔ فیصلہ آج کیجیے اپنی زندگی کا اگلا قدم خوف کے کہنے پر نہیں، شعور کے کہنے پر اٹھائیں۔ کیونکہ پنجرہ چاہے کتنا ہی پرانا ہو، جس دن انسان اپنی قید کو پہچان لیتا ہے، اسی دن آزادی کا سفر شروع ہو جاتا ہے۔

ادب پہلا قرینہ ہے محبت کے قرینوں میں!

ظفر اقبال ظفر

انسانی قدروں سے غافل معاشرے میں درد کے ہاتھ اُٹھا کر کئی بار یہ دُعا مانگی ہے کہ اے خالق کائنات یا حالات بدل دے یا خیالات بدل دے، اس دنیا اور میرے مزاج کا تضاد مجھے سکون سے جینے بھی نہیں دیتا۔ دنیا اپنے ہم مزاج لوگوں کو ہی راس آتی ہے اور مجھے فکر انسانی کی لت لگی ہے۔ جسمانی طور پر زندہ، ضمیر کے اعتبار سے مردہ لوگ، اچھائی برائی کے ملے جلے مردہ، نیم مردہ لوگوں کی بھیڑ جو مال و دولت کے بتوں کی پجاری جن کا عقیدہ ہے کہ پیسا ہو چاہے جیسا ہو۔

میں یہ شرک نہیں کر سکتا، میں گنہگار ہو سکتا ہوں مگر منافق نہیں، میں نے اپنے ایمان کو ابہام زدہ دین پیش کرنے والی مذہبی جماعتوں کے کم علم نمائندوں کے ہاتھ کا کھلونا نہیں بننے دیا، نہ ضمیر کی مسجد کا امام فرقہ و جماعت پرست بننے دیئے۔ یار صاف صاف کہوں تو سچ یہ ہے کہ میں نے خدا کے ساتھ مخلص اور خدا کے بندوں کے ساتھ منافق لوگوں سے کبھی اظہار یکجہتی نہیں کیا۔ بکھرے ہوئے حقائق میں رب تلاش کرنے کی ذہنی و قلبی تھاوٹ اُتارنے کے لیے خدا نے کتابوں کے جہان سے وابستہ کر دیا۔ میں نے ادب کو احساس کی دعوت دینے والا پایا اور کچھ ہی کتابیں پڑھنے کے بعد پختہ فیصلہ کر لیا کہ آئندہ میرا مسلک بس یہی ہوگا کہ، زندہ رہنے کے لیے لکھو، اور لکھنے کے لیے زندہ رہو۔

میں بھی اس ذہنی بیمار بنانے والے حالات و معاشرے میں جینے پر مجبور ہوں مگر ہم حالات کی بجائے خیالات بدل کر جینا آسان بنا سکتے ہیں۔ اس کے لیے ادب کا لنگر قلم سے بانٹنے کو کاغذ کے دسترخوان پر لفظوں کے برتن میں لزیز خیال پیش کیے جائیں، جو زہن کے معدے میں پہنچتے ہی بیمار رُوح پر شفا بخش اثرات ڈالے، لفظوں کے ذائقے اور منظر کشی کے مزے میں قاری کو مدہوش کر کے خود غرضی کا آپریشن کرنے والے لکھاری معالج ہی تو ہوتے ہیں۔ ہم سسٹم کے گٹر میں اتر کر ناپاک ہونے کی بجائے باہر بیٹھے لوگوں کا حصہ رہتے ہوئے نظام کی بدبو کا علاج نہیں کر سکتے تو کم از کم اپنے حصے کی خوشبو پھیلانے کی کوشش تو کی جائے۔ سیاست، مذہب، قومیت، کی بنیاد پر بھٹکے ہوئے لوگوں کی وجہ سے پھیلی نفرتوں کی آگ پر ادب کا ٹھنڈا پانی ڈالا جائے اور نفرت کے مریضوں کو محبت کی دوا دی جائے اس کے لیے ادب کا وسیع مزاج اپنانا لازم ہے، کیونکہ ادب -سیاسی، مذہبی، قوم پرستی کی جنگ لڑنے والوں سے ہتھیار چھین کر انہیں امن و سلامتی کے پھول پیش کرنا سکھاتا ہے، سب کو فقط انسان سمجھ کر سینے سے لگاتا ہے۔

ظفریاب ہیں وہ لوگ جنہوں نے قلم و کتاب کا قد بلند کرنے کے ساتھ ساتھ ادبی محفلوں کے بجھے ہوئے آتش دان بھی روشن کیے۔ ادب کی درسگاہیں، عالم نہیں عارف بناتی ہیں کیونکہ ہر عالم عارف نہیں ہوتا، مگر ہر عارف عالم ہوتا ہے۔ فرقہ پرست اپنے نظریے کی عینک لگا کر دیکھتے ہیں اور ادب سب کو خدا کی تخلیق مان کر کھلی آنکھوں سے قبول کرتا ہے جب خدا نے انسانی اعضاء دیتے وقت کسی کے ساتھ ناانصافی نہیں کی تو ہم افضل و کمتر کیوں سمجھیں، ہمارا فرض احترام آدمیت ہی رہے گا، حالانکہ اس احساس نے زمانے بھر کے انسانوں کا درد میرے سینے میں بھر دیا اور حالات و معاملات کی تکلیف دہ صورتحال نے احساس انسانیت میں بہت خاموش اور سنجیدہ کر دیا ہے، اسے قبول کرنا چاہیے کہ قدرتی سنجیدگی میں رہنا پیغمبرانہ صفت ہے، یہ خدا کی سکھائی ہوئی صفت ہے اس کو پریشانی یا دُکھی کیفیت سے وابستہ نہیں کیا جا سکتا۔

عظمت غربت کے گھواروں میں پیدا ہوتی ہے، اللہ نے کہا بعض لوگوں کو امیر کر دوں تو کافر ہو جائیں اور بعض کو غریب کر دوں تو کافر ہو جائیں۔ غریب کی شرافت بزدلی دیکھائی دیتی ہے تو بزدل امیر کی طاقت بھی تو اس کا پیسہ ہے۔ دولت کی چکی کے گرد گھومنے والے گدھے کی بجائے انسانی قدروں کی راہوں پر سیدھا سیدھا چلنا خدا سے ملاتا ہے۔

کوئی قدرت کی پلیٹ میں رحمت کے پھول آپ کو پیش کرے تو اس کے ہاتھ چومنے کی خواہش مچلتی ہے۔ کمزور انسانوں کے مدد کے تناظر میں خدا نے فرمایا کہ تم میں سے کون ہیں جو خدا کو قرض حسنہ دیں؟ آپ کسی مجبور ضرورت مند کو بڑی راز داری کے ساتھ اس کی عزت نفس مجروع کیے بغیر کچھ آسانیوں کا سامان سونپتے ہوئے اس کے ہاتھ ان جملوں سے چوم لیں کہ، مجھے اجر کمانے کا موقع دینے پر آپ کا دل سے شکریہ۔۔۔ اور پھر خاموش ہو جائیں۔۔ اس کے لرزتے ہونٹوں اور چمکتی آنکھوں سے ٹپکتے ہوئے آنسوؤں میں جو دُعا نکلے اسے فقط الفاظوں کا مجموعہ مت سمجھیں یہ قدرت کی طرف سے انعام کا اعلان ہیں جو خدا کے فرشتے زبان انسان سے کرتے ہیں۔

خدا نے اپنے حقوق معاف کرنے کا اعلان کیا ہے مگر اپنے بندوں کے حقوق نہیں۔ قیامت کے دن اگر کوئی انسان آپ کے خلاف خدا کی عدالت میں کھڑا نہ ہوا تو خدا آپ کو بخش دے گا۔ آپ خدا تک پہنچنا چاہتے ہیں تو آسمان کو سیڑھیاں مت لگایئے بلکہ اس کے کسی مجبور ضرورت مند انسان کے دل کا دروازہ کھولیے اور مل لیجیے۔

پروفیسر ملک احمد شیر کھارا — علم و تدریس کا روشن استعارہ

RAJA NOOR ILAHI ATIF
VOICE OF THALL
noorilahi727@gmail.com
0345-1060499

تعلیم کسی بھی معاشرے کی تعمیر و ترقی میں بنیادی کردار ادا کرتی ہے، جبکہ ایک اچھا استاد صرف کتابی علم منتقل نہیں کرتا بلکہ اپنے شاگردوں کی شخصیت، کردار اور مستقبل کی تعمیر میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے۔ ایسے اساتذہ کرام کسی بھی معاشرے کا قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں جن کی خدمات کا اعتراف ان کی زندگی میں بھی کیا جائے تو یہ دراصل علم، استاد اور تعلیم کے احترام کا اظہار ہوتا ہے۔

پروفیسر ملک احمد شیر کھارا پنجاب کے ممتاز ماہرین تعلیم میں ایک نمایاں مقام رکھتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں بے شمار صلاحیتوں سے نوازا ہے، جنہیں انہوں نے اپنی عملی زندگی میں بروئے کار لا کر شعبہ تعلیم میں ایک منفرد مقام حاصل کیا۔ محکمہ تعلیم پنجاب سے طویل وابستگی کے دوران انہوں نے نہ صرف تدریسی فرائض احسن انداز میں انجام دیے بلکہ ہزاروں طلبہ کی علمی و فکری تربیت بھی کی۔

پروفیسر ملک احمد شیر کھارا کے شاگرد آج ملک و ملت کے مختلف شعبوں میں اپنی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ کسی استاد کے لیے اس سے بڑھ کر اعزاز اور کیا ہو سکتا ہے کہ اس کے پڑھائے ہوئے طلبہ مختلف میدانوں میں کامیابیاں حاصل کرتے ہوئے معاشرے کی تعمیر میں اپنا کردار ادا کریں۔ بلاشبہ یہ ان کی علمی محنت، خلوص اور تدریسی خدمات کا عملی ثمر ہے۔

پروفیسر ملک احمد شیر کھارا کا تعلق ضلع خوشاب کی معروف بستی نکڑو شہید سے ہے۔ وہ علاقے کی ایک معزز اور معروف زمیندار کھارا فیملی کے قابلِ فخر چشم و چراغ ہیں۔ اپنی خاندانی روایات کے ساتھ ساتھ انہوں نے اپنی ذاتی صلاحیتوں، محنت اور کردار کے ذریعے بھی عزت و احترام حاصل کیا۔ ان کی شخصیت میں ملنساری، خوش گفتاری، شائستگی، وقار اور خلوص جیسی خوبیاں نمایاں ہیں، یہی اوصاف انہیں اپنے حلقہ احباب اور شاگردوں میں ہر دلعزیز بناتے ہیں۔

یہ امر بھی قابلِ ذکر ہے کہ پروفیسر ملک احمد شیر کھارا ضلع خوشاب کے معروف ماہرین تعلیم پروفیسر ملک محمد یوسف کھارا اور ایس ایس ملک حسن شیر کھارا کے بڑے بھائی ہیں۔ یوں دیکھا جائے تو کھارا خاندان نے شعبہ تعلیم کے میدان میں ایک قابلِ قدر روایت قائم کی ہے۔ ایک ہی خاندان کے متعدد افراد کا تعلیم جیسے مقدس شعبے سے وابستہ ہونا اس خاندان کی علمی وابستگی اور معاشرتی خدمت کا واضح ثبوت ہے۔

ضلع خوشاب جیسے خطے میں تعلیم کے فروغ کے لیے جن خاندانوں اور شخصیات نے طویل عرصے تک اپنی خدمات پیش کی ہیں، ان میں کھارا خاندان کا کردار بھی قابلِ ذکر ہے۔ نسلوں کی فکری تربیت اور تعلیم کے ذریعے معاشرے کو بہتر بنانے والے افراد دراصل خاموشی سے قوم کا مستقبل سنوارتے ہیں۔ ان کی خدمات کا اثر صرف ایک ادارے یا ایک نسل تک محدود نہیں رہتا بلکہ ان کے شاگرد آگے چل کر اپنی صلاحیتوں کے ذریعے پورے معاشرے میں مثبت کردار ادا کرتے ہیں۔

پروفیسر ملک احمد شیر کھارا کی شخصیت اسی علمی روایت کی ایک خوبصورت مثال ہے۔ ان کی زندگی ہمیں یہ پیغام دیتی ہے کہ علم کی خدمت دراصل انسانیت کی خدمت ہے۔ استاد اپنے شاگردوں کو جو علم، تربیت اور شعور دیتا ہے، وہ وقت گزرنے کے ساتھ معاشرے میں مختلف صورتوں میں سامنے آتا رہتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ایک مخلص استاد کی خدمات کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔

عوامی، ساجی اور تعلیمی حلقوں کی جانب سے پروفیسر ملک احمد شیر کھارا اور ان کے خاندان کی شعبہ تعلیم کے لیے خدمات کو قدر و منزلت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ ایسے محسن اساتذہ اور علمی شخصیات ہمارے معاشرے کے لیے باعثِ فخر ہیں اور نئی نسل کو ان کی علمی و اخلاقی خدمات سے روشناس کرانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

آخر میں بارگاہِ الٰہی میں دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ پروفیسر ملک احمد شیر کھارا کو صحت، سلامتی، عزت، خوشیوں اور مزید کامیابیوں سے نوازے، ان کی علمی و تدریسی خدمات کو شرفِ قبولیت بخشے اور ان سے وابستہ تمام رشتوں کو ہمیشہ شاد و آباد رکھے۔

www.sehar.pk dailysehar1@gmail.com
MEMBER APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
مجھے ہے حکم اذان لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

افتخار احمد چوہان

پہلوانوں کے شہر سے

I❤GUJRANWALA

مسلم لیگ (ن) حقیقی معنوں میں عوامی جماعت ہے

عوام اور ن لیگی قیادت کا دکھ سانجھا ہے، معظم رؤف مغل

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) مسلم لیگ ن کے سٹی نائب صدر و ٹکٹ ہولڈر پی پی 60 معظم رؤف مغل نے کہا ہے کہ مسلم لیگ)ن (حقیقی معنوں میں عوامی جماعت ہے، عوام اور ن لیگی قیادت کا دکھ سانجھا ہے مسلم لیگ ن نے ہمیشہ عوامی مسائل کو اپنی سیاست کا محور بنایا ہے، یہی وجہ ہے کہ عوام اور ن لیگی قیادت کے دکھ اور مسائل ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں مسلم لیگ ن کی قیادت نے مشکل حالات میں بھی عوام کے ساتھ کھڑے ہو کر ان کے مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کیے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے سیاسی و سماجی راہنما افضل چوہان کے بھائی کی وفات پر اہل خانہ سے اظہار تعزیت کے بعد گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ عوام کی خدمت، ملکی ترقی اور خوشحالی مسلم لیگ ن کی سیاسی جدوجہد کا بنیادی مقصد ہے پارٹی قیادت عوام کی مشکلات سے بخوبی آگاہ ہے

مریضوں کو بروقت معیاری اور باعزت طبی سہولیات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے — ڈپٹی کمشنر

ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے گوجرانوالہ ٹیچنگ ہسپتال کا اچانک دورہ کیا، طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی، صفائی، عملہ کی حاضری اور دیگر انتظامی امور کا جائزہ لیا، انہوں نے مریضوں کو دستیاب علاج معالجہ، ادویات اور دیگر ضروری سہولیات کے بارے میں ہسپتال انتظامیہ سے بریفنگ بھی لی۔ انہوں نے ہسپتال کے مختلف حصوں میں صفائی کی صورتحال کا معائنہ بھی کیا

انہوں نے ہسپتال کے مختلف حصوں میں صفائی کی صورتحال کا معائنہ بھی کیا اور انتظامیہ کو ہدایت کی کہ مریضوں اور ان کے لواحقین کیلیے صاف، محفوظ اور سازگار ماحول برقرار رکھا جائے، انہوں نے مریضوں کو دستیاب علاج معالجہ، ادویات اور دیگر ضروری سہولیات کے بارے میں ہسپتال انتظامیہ سے بریفنگ بھی لی

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے گوجرانوالہ ٹیچنگ ہسپتال کا اچانک دورہ کیا اور ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کرتے ہوئے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی، صفائی، عملہ کی حاضری اور دیگر انتظامی امور کا جائزہ لیا۔ انہوں نے مریضوں کو دستیاب علاج معالجہ، ادویات اور دیگر ضروری سہولیات کے بارے میں ہسپتال انتظامیہ سے بریفنگ بھی لی۔ انہوں نے ہسپتال کے مختلف حصوں میں صفائی کی صورتحال کا معائنہ بھی کیا اور انتظامیہ کو ہدایت کی کہ مریضوں اور ان کے لواحقین کیلیے صاف، محفوظ اور سازگار ماحول برقرار رکھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری ہسپتالوں میں آنیوالے مریضوں کو بروقت، معیاری اور باعزت طبی سہولیات کی فراہمی وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ویژن کیمطابق ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

☆☆☆☆☆

گوجرانوالہ/ ڈپٹی کمشنر نوید احمد پنجاب یونیورسٹی گوجرانوالہ کیمپس اور قائداعظم ڈویژنل سکول و کالج میں جاری میڈیکل و ڈینٹل کالجز میں داخلوں کے لئے ایم ڈی کیٹ امتحان کے انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں

صفائی کی ناقص صورتحال ڈی سی برہم — سی ای او ویسٹ منیجمنٹ کمپنی سے جواب طلب

پیرافورس کو بھی موثر کردار ادا کرنے کی ہدایت

ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے علی الصبح ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت فتو منڈ روڈ، شوکت کالونی، عمران کالونی، سکول والا بازار، آرائے بازار، کچا ایمن آباد روڈ، مشرقی بائی پاس، نہر اپر چناب اور کچا فتو منڈ چوک و جناح روڈ کا دورہ کیا

مشرقی بائی پاس اور نہر اپر چناب کیا طراف صفائی اور تجاوزات کی صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نے فیروزوالا پل کے قریب تجاوزات کیخاتمے کیلیے پیرافورس کو فوری اور مؤثر کارروائی کی ہدایت کی

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے علی الصبح ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت فتو منڈ روڈ، شوکت کالونی، عمران کالونی، سکول والا بازار، آرائے بازار، کچا ایمن آباد روڈ، مشرقی بائی پاس، نہر اپر چناب اور کچا فتو منڈ چوک و جناح روڈ کا دورہ کیا اور صفائی، تجاوزات، سیوریج اور سڑکوں کی بحالی کے کاموں کا موقع پر جائزہ لیا۔ فتو منڈ روڈ، شوکت کالونی، عمران کالونی، سکول والا بازار اور آرائے بازار کے دورے کے دوران مختلف گلیوں میں صفائی کی ناقص صورتحال پر ڈپٹی کمشنر نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے سی ای او گوجرانوالہ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی سے جواب طلب کر لیا۔ انہوں نے پوری یونین کونسل میں جامع صفائی اور ڈیپ کلیننگ آپریشن یقینی بنانے جبکہ غفلت کے ذمہ داران کے خلاف ضابطے کے مطابق کارروائی کی ہدایت کی۔ کچا ایمن آباد روڈ کے دورے کیدوران ڈپٹی کمشنر نے مختلف مقامات پر جاری صفائی سرگرمیوں کا معائنہ کیا اور ستھرا پنجاب حکام کو صفائی آپریشن مزید مؤثر، عملہ کی حاضری یقینی بنانے اور صفائی کے معیار کو برقرار رکھنے کی ہدایات جاری کیں۔ مشرقی بائی پاس اور نہر اپر چناب کیا طراف صفائی اور تجاوزات کی صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نے فیروزوالا پل کیقریب تجاوزات کیخاتمے کیلیے پیرافورس کو فوری اور مؤثر کارروائی کی ہدایت کی۔ انہوں نے شہری علاقوں سے بھینسوں کے باڑوں کے انخلا اور سڑکوں کو تجاوزات سے پاک رکھنے کیحوالے سے پیرافورس حکام سے روزانہ پیش رفت رپورٹ طلب کر لی۔ کچا فتو منڈ چوک اور جناح روڈ کے دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے سیوریج لائن کی تعمیر کے بعد سڑک کی بحالی کے کام کا جائزہ لیا۔ کام میں سست روی پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے واسا حکام کو تعمیراتی کام جلد مکمل کر کے سڑک کی بروقت بحالی یقینی بنانے کے احکامات جاری کئے۔ انہوں نے چوک اور ملحقہ علاقوں میں صفائی ستھرائی کی صورتحال کا بھی جائزہ لیا اور دکانداروں کو نئے نصب کئے گئے مانومنٹ کے گرد صفائی برقرار رکھنے کی ہدایت کی۔ ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے کہا کہ صفائی، تجاوزات کے خاتمہ اور شہری سہولیات کی بہتری میں غفلت یا سست روی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، تمام متعلقہ ادارے فیلڈ میں مؤثر اور نتیجہ خیز اقدامات یقینی بنائیں۔

☆☆☆☆☆

اہل علاقہ کی تائید پر حاجی اشرف سندھو کا یوسی 18 سے بلدیاتی الیکشن لڑنے اعلان

پاکستان میں مسلم لیگ ن ترقی و خوشحالی کا نشان بن چکی ہے، زبیر احمد جنجوعہ

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) اہل علاقہ کی تائید پر حاجی اشرف سندھو کا یوسی 18 سے بلدیاتی الیکشن لڑنے اعلان، مسلم لیگ ن پاکستان میں ترقیاتی منصوبوں میں اپنا کوئی ثانی نہیں رکھتی، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے گوجرانوالہ میں شروع کیے گئے میگا منصوبے آئندہ سال میں ہمارے شہر کا نقشہ بدل دیں گے، سابق وفاقی وزیر عثمان ابراہیم، ممبر قومی اسمبلی شاہد عثمان ابراہیم کی قیادت میں ہم بلدیاتی انتخابات میں بھرپور حصہ لیں گے اور اپنی روایات کو مدنظر رکھتے ہوئے علاقہ ترقی و خوشحالی کیلئے اپنا کردار ادا کریں گے، ان خیالات کا اظہار سابق چیئرمین زبیر احمد جنجوعہ، امیدوار جنرل کونسلر حاجی اشرف سندھو، چوہدری زاہد نعیم سندھو، سعید بھٹی، حاجی ارشد محمود انصاری، شیخ آصف، شیخ اصغر، شیخ قاسم، شہباز بٹ، عمران مغل، حاجی اسلم سندھو، امتیاز علی بٹ، طارق محمود بٹ، اکرام وڑائچ، قاری عبدالواحید ساجد، حاجی منظور بھٹی، شہباز بھٹی، نفیس گوندلوی، نیاز مہر، مختار مہر، شہزاد مہر، احسان اللہ مہر نے یوسی 18 میں بلدیاتی انتخابات کی میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کیا، انہوں نے کہا کہ حافظ آباد روڈ پر مین گیس پائپ لائن اور سیوریج کی بحالی کیلئے نیو مین سیوریج لائن کے منصوبوں پر وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز، ایم این اے شاہد عثمان ابراہیم، ڈپٹی کمشنر نوید احمد، چیئرمین واسا عمر فاروق ڈار، ایم ڈی واسا، ڈی جی سوئی نادرن گیس کے ممنون ہیں، پاکستان میں مسلم لیگ ن ترقی و خوشحالی کا نشان بن چکی ہے

سائلین کو بلاوجہ دفاتر کے چکر لگوانے کی بجائے ان کے مسائل فوری حل شکایات کا بروقت ازالہ کیا جائے، ڈی سی

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے احکامات کی روشنی میں اوپن ڈور پالیسی کے تحت روزانہ کی بنیاد پر عوامی مسائل کی سماعت کی اور اپنے دفتر میں آئے سائلین کے مسائل سنے اور موقع پر ہی متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے فوری دادرسی کے احکامات دیئے۔ انہوں نے اسسٹنٹ کمشنرز اور صوبائی محکموں کے سربراہان کو سختی سے ہدایت کی کہ سائلین کو بلاوجہ دفاتر کے چکر نہ لگوائے جائیں اور قانون کے مطابق فوری نوعیت کے مسائل حل کرتے ہوئے شکایات کا بروقت ازالہ کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ شہریوں کے مسائل کا حل ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے اور اس ضمن میں کسی قسم کی غفلت یا تاخیر برداشت نہیں کی جائیگی۔ انہوں نے تمام متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ عوامی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے اور عوام دوست اقدامات کو مزید مؤثر بنایا جائے۔

پولیس مقابلے، تین ریکارڈ یافتہ ملزمان زخمی حالت میں گرفتار، منشیات برآمد

پرامن اور محفوظ معاشرے کی تشکیل کے لیے جرائم پیشہ عناصر اور منشیات فروشوں کی بیخ کنی ناگزیر، سی پی او

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) شہر کے مختلف علاقوں میں پولیس مقابلے و کارروائیاں، 3 ریکارڈ یافتہ ملزمان زخمی حالت میں گرفتار، سی پی او کا فوری نوٹس، رپورٹ طلب کر لی، پولیس ذرائع کے مطابق تھانہ سول لائن پولیس کارروائی کے دوران منشیات، راہزنی و چوری اور موٹر سائیکل چوری کے 19 مقدمات میں ریکارڈ یافتہ ملزم عثمان عرف کاکا پولیس ناکہ سے فرار ہوتے ہوئے زخمی حالت میں گرفتار ہوا جس کے قبضہ سے چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد کر لی گئی۔ تھانہ دھلے پولیس کارروائی میں راہزنی و موٹر سائیکل چوری کے متعدد مقدمات میں ریکارڈ یافتہ اور منشیات فروشی میں ملوث ملزم خرم شہزاد دوران پولیس ریڈ گرفتاری سے بچنے کے لیے فرار ہونے کی کوشش میں زخمی حالت میں گرفتار ہوا جس کے قبضہ سے منشیات برآمد ہوئی تھانہ تتلے عالی پولیس کارروائی میں شہری کو تشدد کر کے شدید زخمی کرنے کے مقدمہ میں ملوث و مطلوب ملزم امجد دوران پولیس ریڈ گرفتاری سے بچنے کیلئے فرار ہوتے ہوئے زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا۔

فوڈ پوائنٹس کی چیکنگ کا سلسلہ جاری، 20 مراکز کو لاکھوں روپے جرمانے

کارروائیوں کے دوران 20 لیٹر مضر صحت گھی و تیل، 12 لیٹر ممنوعہ اشیا اور 10 کلو گوشت تلف کر دیا گیا

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر نوید احمد کی ہدایات پر ملاوٹ اور غیر معیاری اشیائے خورد و نوش کیخلاف پنجاب فوڈ اتھارٹی کی کارروائیاں جاری ہیں۔ فوڈ سیفٹی ٹیموں نے مختلف علاقوں میں 126 فوڈ پوائنٹس کی چیکنگ کرتے ہوئے ناقص و غیر معیاری اشیائے خورد و نوش کی موجودگی اور فوڈ سیفٹی قوانین کی خلاف ورزی پر 20 فوڈ پوائنٹس کو مجموعی طور پر 2 لاکھ 90 ہزار 500 روپے جرمانہ عائد کیا۔ کارروائیوں کے دوران 20 لیٹر مضر صحت گھی و تیل، 12 لیٹر ممنوعہ اشیا اور 10 کلو گوشت تلف کیا گیا جبکہ زائد المیعاد اشیا خورد و نوش بھی تلف کر دی گئیں۔ فوڈ سیفٹی ٹیموں نے ملک شاپس، بیکریوں، ہوٹلز اور گوشت کی دکانوں کی بھی چیکنگ کی۔ پنجاب فوڈ اتھارٹی کی جانب سے 40 دودھ بردار گاڑیوں کی چیکنگ کے دوران 6 ہزار 740 لیٹر دودھ کا معائنہ کیا گیا، ناقص دودھ کی فروخت پر ایک دودھ بردار گاڑی کو 4 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ مختلف فوڈ پوائنٹس کو فوڈ سیفٹی قوانین کی خلاف ورزی پر 5 ہزار سے 35 ہزار روپے تک جرمانے بھی کیے گئے۔

☆☆☆☆☆

بعدالت جناب اُجالا امبر صاحبہ سول جج فیملی کورٹ فیروزوالہ

دعویٰ: تنسیخ نکاح بربنائے خلع، بعنوان: عائشہ تنویر بنام محمد عدیل

اشتہار بنام: محمد عدیل سکنہ محلّہ شہزاد ٹاؤن مرید کے بنام مدعاعلیہ۔ بنام مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 02-10-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..FW

بعدالت جناب اشفاق احمد جسرا صاحب گارڈین جج فیروزوالہ

درخواست حصول سرٹیفکیٹ گارڈین، بعنوان: جمیرہ مختار بنام عوام الناس وغیرہ

اشتہار بنام: سیرت دختر نادر خان سکنہ شاہدرہ لاہور بنام مدعاعلیہ۔ بنام مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 22-09-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..FW

بعدالت جناب اشفاق احمد جسرا صاحب گارڈین جج فیروزوالہ

درخواست زیر دفعہ 7 گارڈین، بعنوان: ناظم علی بنام عوام الناس وغیرہ

ناظم علی ولد عزیز احمد قوم میر عالم ساکن محلّہ رانا ٹاؤن سکیم نمبر3 فیروز والہ ضلع شیخوپورہ بنام عوام الناس وغیرہ۔ ہرگاہ سائل نے درخواست متذکرہ بالا عدالت ہذا میں دائر کی ہے عوام الناس میں سے کسی کو کوئی عذر بابت درخواست ہو تو تاریخ مقرر 05-10-2026 کو بوقت 8 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر اپنا عذر پیش کریں بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا اور کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..FW

بعدالت جناب میڈم ارم فاطمہ صاحبہ گارڈین جج سرگودھا

درخواست جانشینی سرٹیفکیٹ

فاخرہ بی بی بنام عوام الناس

فاخرہ بی بی بیوہ مہر ظفر اقبال حال سکنہ روال بسراء تحصیل شاہپور ضلع سرگودھا حال چیمہ کالونی سرگودھا

اشتہار بنام: عوام الناس

عوام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ بتقرر 23-09-2026 وقت 08:00 بجے کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں ورنہ آپ کے خلاف حسب ضابطہ کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔

آج ہمارے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Asif

بعدالت جناب ریونیو آفیسر حلقہ چک نمبر72 گ ب/ بعدالت جناب جاوید اقبال گجر صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر /اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول اراضی ریکارڈ سنٹر تحصیل جڑانوالہ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد شکور ولد محمد علی چک نمبر 72 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ متوفی کے وارثان میں محمد علی والد، رحمت بی بی والدہ پہلے فوت شدگان، زبیدہ بیگم بیوہ، ندیم شکور، وسیم شکور پسران زندہ وارثان ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہوکر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کرسکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کردیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

بعدالت جناب سردار عمر حسن خان صاحب سول جج درجہ اول / فیملی کورٹ ساہیوال

نمبر مقدمہ سال 2026

نوعیت مقدمہ: دعویٰ استقرار حق

بعنوان مقدمہ: روحا نجل بنام عوام الناس وغیرہ

اخبار اشتہار بنام: صوبہ پنجاب، ڈسٹرکٹ اکاؤنٹ افیسر (AG Office) ساہیوال، تحصیلدار حلقہ محال تحصیل ساہیوال، ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر موٹر وہیکل برانچ ضلع ساہیوال، منیجر نیشنل بینک آف پاکستان ڈسٹرکٹ کورٹ برانچ ساہیوال

ہرگاہ مقدمہ مندرجہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقرر 06-10-2026 کو اصالتاً وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر حسب ضابطہ کارروائی یک طرفہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا، آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Khizar

عاق نامہ

مظہر حلفاً بیان کرتا ہے کہ مظہر نے اپنے پسر حقیقی مسمی محمد اکرم کو نافرمانی، گستاخی بدتمیزی کی بناء پر اپنی منقولہ و غیر منقولہ جائیداد سے ہمیشہ ہمیش کے لیے عاق کردیا ہے۔ مظہر آئندہ اپنے پسر محمد اکرم کے کسی قول و فعل کا ذمہ دار نہ ہوگا۔ مظہر سے آئندہ مسمی اکرم کی بابت کسی قسم کی پوچھ گچھ نہ کی جائے۔ تمام سرکاری و نیم سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں۔ مظہر اس بابت ہر طرح سے ذمہ دار ہے۔

مظہر کا بیان بالا سچا اور درست ہے اور مظہر نے کوئی امر پوشیدہ یا مخفی نہ رکھا ہے۔

العبد

اللہ دتہ مظہر مذکور

Cr..Raja Kokab

بعدالت جناب نازش نواز کیانی صاحبہ فیملی جج / گارڈین پسرور

درخواست برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ: شازیہ دختر محمد حسین زوجہ شہزاد احمد ساکن رنگور تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ بنام عوام الناس: اشتہار بنام عوام الناس

: ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائلہ \ سائل نے درخواست تقرری جانشینی عدالت ہذا میں دائر کی ہے جس 22-09-2026 تاریخ پیشی مقرر ہوئی ہے۔ لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو نسبت درخواست کوئی عذر ہو تو وہ تاریخ مقررہ پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Shan

بعدالت جناب حبیب یونس صاحبہ سول جج درجہ اول ماڈل ٹاؤن کورٹس لاہور

دعوی: استقرار حق

عنوان مسمات نسرین وغیرہ بنام ہاؤس بلڈنگ فنانس کارپوریشن وغیرہ

اشتہار بنام: ہاؤس بلڈنگ فنانس کارپوریشن ایچ بی ایف سی بذریعہ برانچ منیجر جوہر ٹاؤن لاہور 2 جمیل اختر ولد منشی خان 3 شہناز بی بی 4 فہد جمیل 5 فواد جمیل 6 نازش بخت تاج خاں 7 بینش جمیل پسران جمیل اختر ساکن مکان نمبر 571 سی سیکٹر ڈی ون بلاک 3 گرین ٹاؤن لاہور

بنام مدعاعلیہم

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ/ مدعاعلیہم تعمیل سمن سگیر یزاں ہیاں کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر 25-9-2026 کو بوقت 8 بجے صبح حاضر عدالت آویں ورنہ کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی۔ دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..Yousaf

بعدالت جناب اشفاق احمد جسرا صاحب گارڈین جج فیروزوالہ

درخواست اجازت فروختگی جائیداد، بعنوان: مریم شہزادی وغیرہ بنام عوام الناس وغیرہ

مریم شہزادی بیوہ محمد احمد قوم انصاری امامیہ کالونی فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ بنام عوام الناس وغیرہ۔ ہرگاہ سائل نے درخواست متذکرہ بالا عدالت ہذا میں دائر کی ہے عوام الناس میں سے کسی کو کوئی عذر بابت درخواست ہو تو تاریخ مقرر 22-09-2026 کو بوقت 8 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر اپنا عذر پیش کریں بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا اور کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..FW

بعدالت جناب ذکاء الحسن اعوان صاحب جج فیملی کورٹ سرگودھا

دعوی تنسیخ نکاح بربنائے خلع

ستارہ بی بی وغیرہ بنام عبدالرشید

اشتہار بنام: عبدالرشید ولد عبدالعزیز سکنہ گاؤں اولکھ بونگہ تحصیل پتوکی ضلع قصور

مدعاعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ بتقرر 22-09-2026 وقت 08:00 بجے کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں ورنہ آپ کے خلاف حسب ضابطہ کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔

آج ہمارے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Asif

بعدالت جناب ریونیو آفیسر حلقہ چک نمبر74 گ ب/ بعدالت جناب جاوید اقبال گجر صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر /اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول اراضی ریکارڈ سنٹر تحصیل جڑانوالہ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ سلامت علی ولد خیر دین چک نمبر 74 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ متوفی کے وارثان میں خیر دین والد، بیرو بی بی والدہ، صغراں بی بی زوجہ پہلے فوت شدگان، منور سلطانہ بعد میں فوت شد، سخاوت علی، لیاقت علی، رفاقت علی، شفاقت علی، ریاست علی پسران، فرزانہ بی بی، رخسانہ بی بی، کوثر پروین دختران زندہ وارثان ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہوکر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کرسکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کردیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

بھائی چارے کے فروغ کے حوالے سے بھی خیالات کا تبادلہ کیا گیا ملاقات کے دوران وفاقی وزیر سردار محمد یوسف نے مذہبی امور اور بین المذاہب ہم آہنگی کے حوالے سے حکومتی اقدامات اور ترجیحات پر بھی گفتگو کی اس موقع پر اس امر پر زور دیا گیا کہ معاشرے میں مذہبی رواداری، برداشت، باہمی احترام اور اتحاد و اتفاق کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے مختلف مذاہب اور مکاتبِ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد کے درمیان باہمی احترام اور ہم آہنگی قومی استحکام اور معاشرتی امن کے لئے بنیادی اہمیت رکھتی ہے انہوں نے وفاقی وزیر سردار محمد یوسف سے ملاقات پر خوشگوار جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان سے ملاقات باعثِ مسرت ہے انہوں نے کہا کہ قومی سطح پر اہم ذمہ داریاں انجام دینے والی شخصیات کے ساتھ ملاقاتیں باہمی رابطے اور مختلف امور پر تبادلہ خیال کا مؤثر ذریعہ ہوتی ہیں انہوں نے سردار محمد یوسف کی مذہبی امور اور بین المذاہب ہم آہنگی کے شعبے میں ذمہ داریوں کے حوالے سے نیک خواہشات کا اظہار بھی کیا ملاقات میں ملک میں مذہبی ہم آہنگی کے فروغ، مختلف مذاہب کے پیروکاروں کے درمیان احترام اور برداشت کے جذبے کو مزید مضبوط بنانے اور قومی سطح پر اتحاد و یکجہتی کے لیے مثبت کردار ادا کرنے کی ضرورت پر بھی گفتگو ہوئی شرکاء نے اس بات پر اتفاق کیا کہ معاشرے میں امن واستحکام کے قیام کے لیے تمام طبقات کو باہمی احترام اور برداشت کے اصولوں کو فروغ دینا ہوگا اسلام آباد میں وفاقی وزیر سے ان کی ملاقات کو اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی قرار دیا جا رہا ہے، جس میں قومی وملکی امور کے ساتھ ساتھ باہمی روابط اور عوامی معاملات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات کے دوران دونوں شخصیات نے باہمی احترام اور خوشگوار تعلقات کا اظہار کرتے ہوئے مستقبل میں بھی مثبت رابطوں اور قومی وعوامی معاملات کے حوالے سے باہمی مشاورت جاری رکھنے کی خواہش کا اظہار کیا ملاقات کے اختتام پر راؤ محمد اجمل خاں نے وفاقی وزیر سردار محمد یوسف کا ملاقات کے لیے وقت دینے پر شکریہ ادا کیا، جبکہ دونوں رہنماؤں نے ایک دوسرے کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا اسلام آباد میں ہونے والی اس ملاقات کو سیاسی وسماجی حلقوں میں بھی اہم قرار دیا جا رہا ہے، تاہم ملاقات کے حوالے سے کسی مخصوص سیاسی یا حکومتی فیصلے کا اعلان سامنے نہیں آیا۔

بقیہ سحر 28

پسرور کرائم فائٹر سرمد فیاض کی زیر نگرانی پولیس ٹیم نے دورانِ گشت محلہ باجوہ کالونی میں کارروائی کرتے ہوئے شراب کشید وفروخت کرنے والے ملزم محمد اشرف ولد حسن محمد، سکنہ بھلر گاؤں تحصیل پسرور، کو گرفتار کر لیا۔ پولیس نے ملزم کے قبضہ سے تقریباً 400 لیٹر دیسی شراب، دو عدد پلاسٹک ڈرم، دو عدد پلاسٹک گیلن اور 20 پلاسٹک بوتلیں برآمد کر لیں۔ کارروائی کے دوران شراب کشید کرنے والی بھٹی کا مکمل سامان بھی قبضہ میں لے لیا گیا، جس میں گیس سلنڈر اور دیگر متعلقہ سامان شامل ہے۔ پولیس نے ملزم محمد اشرف کے خلاف تھانہ سٹی پسرور میں مقدمہ درج کر کے مزید قانونی کارروائی شروع کر دی ہے۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ کیپٹن (ر) دوست محمد نے کہا کہ منشیات اور شراب کا غیر قانونی دھندا کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔ اور مزید یہ کہا کہ پولیس نسلِ نو کے تحفظ اور معاشرے کو منشیات ونشہ آور اشیاء سے پاک کرنے کے لیے پُرعزم ہے۔

بقیہ سحر 29

کیا اور ناپ تول کے نظام کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر پٹرول پمپس کے ڈسپنسنگ یونٹس اور نوزلز کو معیاری پیمانوں کے ذریعے چیک کیا گیا تاکہ صارفین کو مقدار میں کسی قسم کی کمی یا ہیر پھیر کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ خالد جاوید بھٹی نے مرکزی پریس کلب (رجسٹرڈ) شیر گڑھ کے صحافیوں سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مقررہ قوانین اور سرکاری نرخوں کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ضلع بھر میں ناپ تول کے نظام کو شفاف بنانے اور عوام کے حقوق کے تحفظ کے لیے سرپرائز انسپکشنز کا سلسلہ جاری رہے گا، کسی کو بھی عوام کے استحصال کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

بقیہ سحر 30

کو یقینی بنایا جائے اور مقررہ اہداف کے مطابق منصوبوں کی بروقت تکمیل پر خصوصی توجہ دی جائے۔ ایک اور اجلاس میں ضلع کونسل بہاولنگر کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران ضلع کونسل کے تحت جاری سرگرمیوں، ترقیاتی کاموں اور دیگر امور پر متعلقہ افسران نے تفصیلی بریفنگ پیش کی۔ اجلاس میں FOAS-E، Biz-E اور KPIs کے حوالے سے بھی تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں متعلقہ نظام کے تحت جاری پیش رفت، کارکردگی کے اعشاریوں (KPIs) اور محکمانہ امور کو مؤثر انداز میں آگے بڑھانے کے حوالے سے مختلف امور پر روشنی ڈالی گئی۔ ڈپٹی کمشنر سید محمد عباس شاہ نے افسران کو ہدایت کی کہ حکومتی اقدامات اور ڈیجیٹل نظام کے مؤثر استعمال کو یقینی بنایا جائے، کارکردگی کے مقررہ اہداف پر خصوصی توجہ دی جائے اور عوام کو سرکاری خدمات کی فراہمی میں مزید بہتری لائی جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے اس امر پر زور دیا کہ تمام محکمے باہمی رابطے اور مربوط حکمت عملی کے تحت کام کریں تاکہ ضلع میں جاری ترقیاتی اور انتظامی سرگرمیوں کے ثمرات عوام تک مؤثر انداز میں

بعدالت جناب طارق فاروق شاہ
صاحب سول جج/فیملی کورٹ فیصل آباد

دعویٰ

عنوان: محمد عمر بنام مسکان فاطمہ

مسکان فاطمہ دختر محمد کلیم پرمانینٹ سکنہ مکان نمبر P.462 گلی نمبر 2 گوبند پورہ فیصل آباد حال مقیم ساکن سرگودھا روڈ نیئر جامیہ چشتیاں چوک گلی نمبر 2 مکان نمبر P-688 پلانٹ والی گلی ہجویری ٹاؤن فیصل آباد ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں رسپانڈنٹ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا ممکن نہیں لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار رسپانڈنٹ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 23-09-2026 کو بوقت صبح 8 بجے اصالتاً یا وکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..FSD

از دفتر جناب ایڈمنسٹریٹر صاحب
یونین کونسل نمبر 3 بنگہ حیات تحصیل و ضلع پاکپتن

ہرگاہ مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد امتیاز ولد نظام دین سکنہ اڈا بارا ماسی 7 مرلہ سکیم نانک پور تحصیل وضلع پاکپتن نے درخواست گزاری ہے اس کے بچوں کے پیدائش سرٹیفکیٹ میں میرا محمد امتیاز کا شناختی کارڈ نمبر درج نہ ہوسکا ہے شناختی کارڈ نمبر 3640248401207 اندراج یونین کونسل نمبر 3 بنگہ حیات پاکپتن میں کروانا قانونی امر ہے، لہٰذا شناختی کارڈ نمبر درج کیا جائے

Cr..Waqar Farid

پہنچائے جاسکیں۔

بقیہ سحر 31

متعلقہ منیجر نے انہیں تفصیلی بریفنگ دی۔ شفیق احمد ڈوگر نے ہدایت کی کہ تمام الیکٹرک بسوں کو چارجنگ کے بعد روٹ پر روانہ کرنے سے قبل مکمل طور پر چیک کیا جائے اور گاڑیوں کے تمام اہم حصوں، خصوصاً چارجنگ سسٹم کی کارکردگی کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ مسافروں کے محفوظ سفر کے لیے حفاظتی اقدامات پر خصوصی توجہ دی جائے اور بسوں کو روانہ کرنے سے قبل تمام ضروری حفاظتی امور کی مکمل جانچ کی جائے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ الیکٹرک بس ٹرمینل اور چارجنگ پوائنٹس پر صفائی، نظم وضبط اور حفاظتی انتظامات کو ہر صورت یقینی بنایا جائے تاکہ شہریوں کو محفوظ اور بہتر سفری سہولیات فراہم کی جاسکیں۔

بقیہ سحر 32

خاتون کی ہلاکت کی اصل وجہ اور اس کا کلینک میں کیے گئے علاج سے متعلق تحقیقات کے بعد ہی واضح ہو سکے گا۔ اہل علاقہ نے محکمہ صحت کے حکام اور متعلقہ ڈرگ وہیلتھ اتھارٹیز سے مطالبہ کیا ہے کہ اسامہ ہیلتھ کیئر کلینک کی قانونی حیثیت، وہاں موجود طبی عملے کی تعلیمی اسناد و رجسٹریشن اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کی فوری جانچ کی جائے شہریوں کا کہنا ہے کہ اگر کسی غیر مستند شخص کی جانب سے بغیر قانونی اجازت علاج معالجہ کیا جارہا ہے تو اس کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے، جبکہ خاتون کی ہلاکت کے واقعے کی بھی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں تاکہ حقائق سامنے آسکیں۔ اور انسانی زندگیاں ضائع ہونے سے بچ سکیں۔

بقیہ سحر 33

سکتی۔ پاکستان کے ہر شہری کی انسانی، اخلاقی اور قومی ذمہ داری ہے کہ وہ پلانٹ فار پاکستان کے تحت اپنے اردگرد گلی محلوں، بازاروں، گرین بیلٹس، سرکاری وغیر سرکاری دفاتر تعلیمی اداروں جہاں جگہ اور موقع ملے وہاں شجرکاری کریں اور معاشرے میں شعور اجاگر کریں تاکہ ماحولیاتی اور موسمیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کیا جاسکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے وزیراعظم سے ایوارڈ یافتہ کلین اینڈ گرین پاکستان انڈیکس کے قومی چیمپئن وسماجی راہنما محمد اشفاق نذر سے تبادلہ خیال کے دوران کیا۔ محمد اشفاق نذر نے کہا ہماری تنظیم روز ویلفیئر آرگنائزیشن اپنی مدد آپ کے تحت عرصہ دراز سے سموگ اور فضائی آلودگی کو کم کرنے اور موسمیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرنے کیلئے نہ صرف شجرکاری کر رہی ہے بلکہ معاشرے میں آگاہی دینے کیلئے سیمینار، واکس کر رہے ہیں تاکہ موسمیاتی اور ماحولیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کیا جاسکے

بقیہ سحر 34

غریب محنت کشوں کے ساتھ ہونیوالی وارداتوں کا نوٹس لیتے ہوئے ڈی ایس پی صدر سرکل کو ملزمان کی جلد گرفتاری کی ہدایت کی۔ ڈی ایس صدر سرکل رانا ندیم طارق کی نگرانی میں ایس ایچ او تھانہ مراد پور وقاص اکبر، سب انسپکٹر محمد احسان اور پولیس ٹیم نے پیشہ وارانہ مہارت کو بروئے کار لاتے ہوئے سیف سٹی کیمروں اور ہیومن انٹیلی جنس کی مدد سے ملزمان کا سراغ لگا کر انہیں گرفتار کر لیا ہے۔ گرفتار ملزمان میں ذوالقرنین، لقمان علی اور صائم مشتاق شامل ہیں۔ ملزمان کے قبضے سے چھینی گئی ہزاروں روپے نقدی، 5 موبائل فونز اور وارداتوں میں استعمال ہونیوالے 2 عدد ناجائز پسٹل 30 بور برآمد کیے گئے ہیں۔ ڈی پی او سیالکوٹ کیپٹن (ر) دوست محمد نے کامیاب کارروائی پر پولیس ٹیم کے لیے تعریفی سرٹیفکیٹس اور نقد انعام کا اعلان کیا۔

بقیہ سحر 35

کے باعث مقررہ قوانین کے مطابق مارکیٹ ریٹس کا جائزہ لینے کے بعد مزید کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ایم ایس سول ہسپتال ڈاکٹر غلام مرتضیٰ نے میڈیا نمائندگان کی موجودگی میں ٹینڈر کا عمل شفاف انداز میں مکمل کروایا اور متعلقہ ٹھیکیداروں کو مقررہ تاریخ 29 ستمبر تک واجب الادا رقم جمع کروانے کی ہدایت کی۔ طے شدہ معاہدے کے مطابق ٹھیکے کی مدت یکم اکتوبر 2026 سے 30 جون 2027 تک ہوگی، جبکہ ٹھیکیدار کو معاہدے میں درج معیار، ریٹس، صفائی، کوالٹی اور دیگر تمام شرائط پر مکمل عملدرآمد یقینی بنانا ہوگا۔

بقیہ سحر 36

نافذ کرنیوالے ادارے دہشت گردی کے پس پردہ محرکات سامنے آئیں کیونکہ کے پی میں امن و امان کی بگڑتی صورتحال ساری قوم کیلئے لمحہ فکریہ ہے۔ دشمن وطن عزیز کیخلاف سازشوں میں مصروف ہے۔ ان سازشوں کا مقابلہ اتحاد سے کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے شہداء کے درجات کی بلندی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعا کی پاک فوج 'پولیس اور دیگر سیکیورٹی اداروں کے اہلکار اپنی جانوں کی پرواہ کیے بغیر ملک اور عوام کی حفاظت کر رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملک میں امن وامان کے قیام کیلئے وفاقی اور صوبائی اداروں کے درمیان مربوط رابطہ اور موثر معلومات کا تبادلہ ناگزیر ہے۔ پاکستان میں جاری دہشت گردی کے واقعات میں بیرونی ہاتھ کے ملوث

بعدالت جناب عاشی عظمت صاحبہ
سول/گارڈین جج کوٹ رادھا کشن

۔۔عنوان مقدمہ۔ محمد لطیف بنام عوام الناس وغیرہ درخواست سرٹیفکیٹ جانشینی۔ ہرا گاہ مسمی محمد لطیف ولد برکت علی ساکن مرتضیٰ آباد نزد ریلوے اسٹیشن رائے ونڈ ضلع لاہور نے فیملی کورٹ کوٹ رادھا کشن میں درخواست عنوان بالا داہر کی ہے جس میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ ہونی مشکل ہیلہذا بذریعہ اخبار اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کے اگر کسی کو درخواست سرٹیفکیٹ جانشینی کے مطابق کوئی عذر واعتراض ہو تو وہ مورخہ 25-09-2026 کو اصالتاً و وکالتاً عدالت حضورانور میں پیش ہو کر اپنا عذر اعتراض پیش کر سکتا ہے۔ پیش نہ ہونے کی صورت میں عوام الناس کے خلاف یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر واعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔ اشتہار آج بدستخط مہر عدالت جاری ہوا

Cr..Shahid KRK

از دفتر جناب ایڈمنسٹریٹر صاحب
یونین کونسل نمبر 3 بنگہ حیات تحصیل و ضلع پاکپتن

ہرگاہ مطلع کیا جاتا ہے کہ عاشق علی ولد غلام نبی قوم راٹھ کھوکھر سکنہ محلہ مدینہ ٹاؤن گلی نمبر 7 تحصیل وضلع پاکپتن نے درخواست گزاری ہے اس کے حقیقی بھتیجوں، احمد حسن شاہ بہرام، پسران محمد اشرف مرحوم کے پیدائش سرٹیفکیٹ میں اس کی والدہ نسیم اختر بیوہ محمد اشرف کا شناختی کارڈ نمبر درج نہ ہوسکا ہے شناختی کارڈ نمبر 3110232109814 کا اندراج میونسپل کمیٹی پاکپتن میں کروانا قانونی امر ہے، لہٰذا شناختی کارڈ نمبر درج کیا جائے

Cr..Waqar Farid

ہونے کے امکان کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا' دشمن قوتیں پاکستان کو غیر مستحکم کرنے اور ملک میں بدامنی وانتشار پیدا کرنے کی کوششیں کر سکتی ہیں تاہم وم کو ایسے عناصر کے عزائم کو ناکام بنانے کیلئے اتحاد ' یکجہتی اور قومی شعور کا مظاہرہ کرنا ہو گا۔ دہشت گردی کسی ایک جماعت یا ادارے کا نہیں بلکہ پورے ملک کا مسئلہ ہے۔

بقیہ سحر 37

کونکوٹین مصنوعات کی فروخت کی روک تھام کے لیے بھی مؤثر نگرانی کریں۔ ماہرین صحت کے مطابق نکوٹین ایک نشہ آور مادہ ہے اور کم عمری میں اس کا استعمال صحت کے لیے مختلف خطرات سے وابستہ ہوسکتا ہے۔ شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ تعلیمی اداروں اور عوامی مقامات پر آگاہی مہم چلانے کے ساتھ ویپ اور نکوٹین مصنوعات کے استعمال کی حوصلہ شکنی کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں تاکہ بچوں اور نوجوانوں کو ممکنہ صحت کے نقصانات سے محفوظ رکھا جاسکے۔

بقیہ سحر 38

نے زور پکڑ لیا، رابطوں اور انتخابی جوڑ توڑ کا سلسلہ بھی تیز ہونے کا امکان ہے

کھاریاں بار انتخابات 2028/2027

—انتخابی دنگل کا باقاعدہ آغاز

بقیہ سحر 39

ڈی پی او کمپلیکس میں کرائم میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں ایس پی انویسٹی گیشن حافظ امتیاز احمد، اے ایس پی نجیب اللہ تنگیالے، سرکل ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز نے شرکت کی۔ میٹنگ میں ضلع بھر میں جرائم کی صورتحال، زیر تفتیش مقدمات اور جرائم کی روک تھام کے لیے کیے جانے والے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد نے افسران کو ہدایت کی کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر کارروائیاں مزید تیز کی جائیں، مقدمات کی تفتیش میرٹ پر مکمل کی جائے اور شہریوں کو فوری انصاف کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ ڈی پی او گجرات نے افسران کو ہدایت کی کہ عوامی شکایات پر فوری کارروائی، تھانوں میں شہریوں کے ساتھ بہتر رویہ اور امن وامان کے قیام کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔

بقیہ سحر 40

قابل سمجھا اور ایک اہم ذمہ داری سونپی، جس پر میں ان کا تہہ دل سے ممنون ہوں۔

انہوں نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا:

< ''ان شاء اللہ، میں اپنے قائدین کی مدبرانہ سوچ اور رہنمائی کے مطابق قومی امن کمیٹی کے اغراض و مقاصد کے فروغ کے لیے بھرپور کردار ادا کروں گا۔ اخوت، امن، محبت، بین المذاہب ہم آہنگی اور انسانی حقوق کے تحفظ کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لاؤں گا۔ افواج پاکستان اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے رہتے ہوئے پاکستان کو امن، محبت اور بھائی چارے کا گہوارہ بنانے کے لیے اپنی خدمات پیش کرتا رہوں گا۔'' ملاقات میں علما ومشائخ کی شرکت۔ اس موقع پر ہونے والی ملاقات میں ڈسٹرکٹ ننکانہ صاحب کے علماومشائخ ونگ کے چیئرمین علامہ غلام عباس اعجازی بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران باہمی امور، بین المذاہب ہم آہنگی، امن ورواداری اور انسانی حقوق کے فروغ کے حوالے سے تفصیلی گفتگو ہوئی شرکائے ملاقات نے قومی یکجہتی، مذہبی ہم آہنگی اور ملک میں پائیدار امن کے لیے مشترکہ کاوشوں کی اہمیت پر زور دیا۔ مرکزی جنرل سیکریٹری جناب محمد اشرف جعفری اور سینٹرل کوآرڈینیٹر علامہ سید شاہد عباس نقوی نے مخدوم سید انصر علی کاظمی کو ان کی تقرری پر دلی مبارکباد پیش کی اور نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ ڈسٹرکٹ لاہور میں کمیٹی کے مشن اور اغراض ومقاصد کے فروغ کے لیے مؤثر کردار ادا کریں گے۔ مرکزی سیکریٹریٹ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ قومی امن کمیٹی پاکستان میں امن و سلامتی، مذہبی رواداری، بھائی چارے، قومی یکجہتی اور انسانی حقوق کے تحفظ کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔

بقیہ سحر 41

کی فائرنگ سے ہلاک۔ جبکہ دیگر ملزمان موقع سے فرار ہونے میں کامیاب۔ پولیس کے مطابق ہلاک ہونے والا ملزم متعدد مقدمات میں پولیس کو مطلوب تھا۔ اطلاع ملنے پر ریسکیو 1122 نے موقع پر پہنچ کر نعش کو پوسٹمارٹم کے لیے علامہ اقبال ٹیچنگ میموریل ہسپتال منتقل کر دیا ہے۔

بقیہ سحر 42

سیالکوٹ اویس مشتاق نے عدالتی حکم کی خلاف ورزی پر نائب تحصیلدار کو سرنڈر کیا تھا۔ ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ نے نائب تحصیلدار کے خلاف پیڈا ایکٹ 2006 کے تحت کارروائی کی بھی سفارش کی ہے۔

بقیہ سحر 43

چیئرمین تعلیمی بورڈ فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر رانا بنیامین کرتے ہوئے حکومت پنجاب کے احکامات کے مطابق 10 بجے دن رزلٹ آن لائن کریں گے جس کے ساتھ ہی رزلٹ بورڈ کی ویب سائٹ www.bisefsd.edu.pk پر بھی اپ لوڈ ہو جائے گا۔ چیئرمین بورڈ پروفیسر ڈاکٹر رانا بنیامین نے بتایا کہ نتائج انتہائی احتیاط، سخت محنت

بعدالت جناب محمد عکرمہ صاحب
سول جج/فیملی کورٹ فیصل آباد

دعویٰ خرچہ نان ونفقہ وغیرہ

عنوان: بتول شگفتہ بنام سید عطر بخاری

سید عطر بخاری ولد قاسم علی شاہ قوم سید سکنہ چک نمبر 229 رب ملکوآنہ فیصل آباد ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں رسپانڈنٹ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا ممکن نہیں لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار رسپانڈنٹ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 24-09-2026 کو بوقت صبح 8 بجے اصالتاً یا وکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..FSd

از دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ
اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ تحصیل وضلع پاکپتن

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اللہ دتہ ولد رمضان سکنہ سدو ملیکا تحصیل وضلع پاکپتن نے درخواست گزاری ہے کہ میری والدہ سرداراں بی بی زوجہ رمضان کی تاریخ وفات 01 جنوری 1996 ہے، جس کا بروقت اندراج یونین کونسل میں نہ ہوسکا، فوتگی اندراج یونین کونسل نمبر 10 موسے وال تحصیل وضلع پاکپتن میں کروانا قانونی امر ہے، اگر کسی شخص کو کوئی اعتراض ہو تو وہ 7 دن کے اندر رابطہ کر سکتا ہے، بصورت دیگر کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

Cr..Waqar Farid

وحکومت پنجاب کے ایس او پیز کے مطابق مرتب کئے گئے ہیں جن میں بظاہر غلطی کا کوئی امکان نہیں تاہم جو بچہ اپنے رزلٹ کے حوالہ سے متذبذب ہو وہ رزلٹ آنے کے بعد 15 دن کے اندر ری چیکنگ کیلئے درخواست دے کر اپنی کاپی خود چیک کر کے تسلی کر سکتا ہے اگر کاپی میں کوئی غلطی پائی گئی تو نہ صرف اس کا رزلٹ فوری ریوائزڈ کیا جائے گا بلکہ اس کی ری چیکنگ کی فیس بھی واپس ہو گی۔ علاوہ ازیں کنٹرولر امتحانات پروفیسر رانا عتیق الرحمٰن نے کہا کہ پوزیشن ہولڈرز طلباء وطالبات کے اعزاز میں ہونے والی تقریب کے تمام تر انتظامات الحمدللہ مکمل ہیں تاہم اس بارے میں اگر کسی کو مزید معلومات درکار ہوں تو وہ بورڈ کی ویب سائٹ www.bisefsd.Edu.Pk ملاحظہ کرنے کے علاوہ کنٹرولر امتحانات کے دفتری فون نمبر 0412517710 پر بھی رابطہ کر سکتا ہے۔

بقیہ سحر 44

مطابق غلہ منڈی کا لیول درست کرنے کے بعد ٹف ٹائلز بچھانے کا کام شروع کیا جائے گا، جس سے بازار کی مجموعی خوبصورتی میں اضافہ ہوگا اور ریڑھی و چھابڑی فروشوں کو بھی بہتر اور منظم جگہ میسر آئے گی۔ شہریوں اور دکانداروں نے منصوبے کا خیر مقدم کرتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ ٹف ٹائلز کی تنصیب سے نہ صرف کاروباری سرگرمیوں میں بہتری آئے گی بلکہ ریڑھی بانوں کو بھی باعزت اور بہتر ماحول میں روزگار کے مواقع میسر ہوں گے۔

بقیہ سحر 45

شپ سے متعلق دیگر ضروری امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، جس کے بعد 37 امیدواروں کو سپورٹس کمپلیکس کی ممبرشپ کے لیے کلیئر کر دیا گیا۔ ڈائریکٹر آئی ٹی ایف ڈی اے یاسر اعجاز چٹھہ بھی اس موقع پر موجود تھے۔ اس موقع پر ممبرشپ کے امیدواروں سے گفتگو کرتے ہوئے ڈی جی ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری نے کہا کہ ایف ڈی اے سٹی سپورٹس کمپلیکس میں شہریوں کو ان ڈور کھیلوں کے لیے جدید اور بین الاقوامی معیار کی سہولیات فراہم کی گئی ہیں، جہاں کھیلوں کے شائقین کو ایک محفوظ، منظم اور سازگار ماحول میں اپنی پسند کے کھیلوں سے وابستہ ہونے کے مواقع میسر آ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کھیل نہ صرف جسمانی صحت اور تندرستی کے لیے ضروری ہیں بلکہ ذہنی نشوونما، نظم و ضبط، خود اعتمادی، ٹیم ورک، باہمی تعاون اور مثبت سوچ کے فروغ میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایف ڈی اے سٹی سپورٹس کمپلیکس کی سہولیات کو مزید بہتر اور وسعت دینے کے لیے ماسٹر پلاننگ کی گئی ہے، جبکہ موجودہ سہولیات میں بہتری، ممبران کے لیے مزید محفوظ وآرام دہ ماحول کی فراہمی اور کھیلوں کی سرگرمیوں کو منظم انداز میں فروغ دینے پر بھی خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔ ڈی جی ایف ڈی اے نے نئے منتخب ہونے والے ممبران پر زور دیا کہ وہ سپورٹس کمپلیکس میں نافذ قواعد وضوابط، قائمہ ہدایات اور نظم وضبط کی مکمل پابندی کریں اور دستیاب سہولیات کا ذمہ داری اور مثبت انداز میں استعمال کریں۔ انہوں نے کہا کہ ایسے سپورٹس کلب اور کمپلیکس ایک خاندان کی مانند ہوتے ہیں، اس لیے تمام ممبران کو ایک دوسرے کے احترام، باہمی تعاون، شائستگی اور ادارے کے وقار کو ہر صورت ملحوظ خاطر رکھنا چاہیے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ڈسپلن کی خلاف ورزی کی صورت میں قصوروار ممبر کی ممبرشپ منسوخ اور اسے بلیک لسٹ کر دیا جائے گا اور وہ کسی دوسرے کلب کی ممبر شپ کے لئے بھی اہل نہیں ہوگا۔ محمد آصف چوہدری نے نئے منتخب ہونے والے ممبران کو مبارکباد دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ سپورٹس کمپلیکس کی سہولیات سے بھرپور استفادہ کرتے ہوئے نہ صرف اپنی جسمانی و ذہنی صحت کو بہتر بنائیں گے بلکہ کھیلوں اور صحت مند سرگرمیوں کے فروغ میں بھی اپنا مثبت کردار ادا کریں گے۔

بقیہ سحر 46

کو گرفتار کر لیا ہے جبکہ باقی نامزد ملزمان کی گرفتاری اور مزید تفتیش کا عمل جاری ہے۔ ڈی پی او سیالکوٹ کیپٹن (ر) دوست محمد نے پولیس ٹیموں کی مستعدی اور کامیاب کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا کہ ''غیرت یا کسی بھی دوسرے جواز کے تحت کسی کی جان لینا ناقابلِ قبول ہے۔ کسی کو قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ مقتولہ کو انصاف دلانے کے لیے مقدمے کی شفاف، میرٹ پر اور مؤثر تفتیش یقینی بنائی جائے گی۔ ٹھوس شواہد پر مبنی چالان عدالت میں پیش کر کے مؤثر پیروی کے ذریعے جرم ثابت ہونے پر ملزمان کو قرار واقعی سزا دلوانے کے لیے تمام قانونی تقاضے پورے کیے جائیں گے۔ قانون کی بالادستی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔''

بقیہ سحر 47

راستہ نہیں روک سکتا۔ انہوں نے کہا کہ ججز بحالی تحریک کے دوران شدید مشکلات اور رکاوٹوں کے باوجود میاں نواز شریف کی قیادت میں قافلہ ماڈل ٹاؤن سے شاہدرہ تک پہنچا تو اس

بعدالت جناب بشریٰ شہزادی صاحبہ
سول جج درجہ اول/ فیملی کورٹ پھالیہ
تحصیل پھالیہ

عنوان: محمد سعید وغیرہ بنام عوام الناس

دعویٰ: درخواست سرٹیفکیٹ جانشینی

اشتہار بنام: عوام الناس

ہرگاہ آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمیان محمد سعید۔ محمد ارشد۔ محمد نعیم پسران محمد یسین اقوام آرائیں سکنائے محلہ کیماں پھالیہ تحصیل پھالیہ ضلع منڈی بہاولدین۔ متوفی محمد یسین مورخہ 19-02-2026 کو رضائے الٰہی سے وفات پا گیا ہے۔ جس کے سائلان جانشین مقرر ہونا چاہتے ہیں۔ اس لیے عوام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار مورخہ 22-09-2026 کو صبح 8 بجے عدالت جناب میں اصالتاً یا وکالتاً پیش ہوں۔ ورنہ آپ کے خلاف کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

یہ اشتہار بحکم عدالت ہذا جاری ہوا ہے۔

Cr..Sarfraz

بعدالت جناب فرزانہ کوثر فرمان
صاحبہ سول جج گوجرانوالہ،

دعویٰ استقرار حق

منجانب محمد اویس ولد محمد ابراہیم قوم منہاس ساکن مکان نمبر 48 ٹیپو بلاک شالیمار ٹاؤن ضلع گوجرانوالہ، بنام عوام الناس وغیرہ

اشتہار بنام سیکرٹری میونسپل کارپوریشن قلعہ دیدار سنگھ ضلع گوجرانوالہ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس/ مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 26-ستمبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..AM

وقت تک ججز بحال ہو چکے تھے، کیونکہ عوام میاں نواز شریف کے ساتھ نکل آئی تھی۔ میاں ذیشان رفیق نے کہا کہ آج پنجاب میں عوامی خدمت اور عملی اقدامات کی سیاست کو فروغ دیا جا رہا ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے مختلف عوامی فلاحی اقدامات اور منصوبے اس امر کا ثبوت ہیں کہ حکومت کی ترجیح عوام کو بنیادی سہولیات ان کی دہلیز تک پہنچانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ستھرا پنجاب، کسان کارڈ، مینارٹی کارڈ، دی رانی پروگرام، مفت علاج و ادویات کی فراہمی، تعلیم کے فروغ کے اقدامات، گرین الیکٹرک بسوں کے ذریعے جدید سفری سہولیات، اپنا کھیت اپنا روزگار اور اپنی چھت اپنا گھر سمیت متعدد پروگرام عوامی فلاح کیلئے عملی اقدامات کی مثال ہیں۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ڈسکہ شہر کی ترقی کیلئے 15 ارب روپے کا پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام دیا ہے، جس کے تحت شہر میں بنیادی شہری سہولیات کی بہتری اور انفراسٹرکچر کی ترقی پر بیک وقت کام جاری ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ڈسکہ میں 102 کلومیٹر طویل سیور لائنز، سڑکوں اور گلیوں کی تعمیر و بحالی، 43 کلومیٹر سڑکوں کی تعمیر، ڈسپوزل اسٹیشنز اور اسٹوریج ٹینک سمیت مختلف ترقیاتی منصوبے جاری ہیں، جبکہ شہریوں کیلئے تفریحی سہولیات کی فراہمی کے سلسلے میں پارکس کی تعمیر و بہتری پر بھی کام کیا جا رہا ہے۔ میاں ذیشان رفیق نے کہا کہ ڈسکہ ٹراما سنٹر کا منصوبہ بھی وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق مکمل کر لیا گیا ہے، جس سے شہریوں کو صحت کی بہتر اور بروقت سہولیات میسر آئیں گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی کارکردگی کو محض دعوؤں سے نہیں بلکہ عملی اقدامات اور عوام کو فراہم کی جانے والی سہولیات کی بنیاد پر پرکھا جانا چاہیے۔ "مجھ سے کارکردگی کی بنیاد پر موازنہ نہ کیا جائے، ماضی میں ڈسکہ کی نمائندگی کرنے والے منتخب نمائندگان اور سابق حکومتوں سے بھی پوچھا جائے کہ انہوں نے ڈسکہ کی ترقی کیلئے کیا کیا؟" صوبائی وزیر بلدیات نے کہا کہ موجودہ حکومت ڈسکہ سمیت پنجاب کے تمام شہروں میں شہری سہولیات کی بہتری، انفراسٹرکچر کی ترقی اور عوامی مسائل کے مستقل حل کیلئے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ حکومت کا مقصد عوام کو محض وعدے نہیں بلکہ ان کی دہلیز پر حقیقی ریلیف فراہم کرنا ہے۔

بقیہ سحر 48

ہے . پاکستان کو معاشی مشکلات سے نکالنے کے لیے حکومت کے مشکل فیصلے کرنے کے مثبت نتائج سامنے آرہے ہیں، معیشت میں استحکام پیدا ہونے سے کاروباری طبقے اور سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافہ ہوگا اور معاشی سرگرمیوں کا دائرہ وسیع ہوگا . سلامتی اور قومی مفادات کے تحفظ کے لیے موثر سفارتی اور انتظامی اقدامات کیے گئے ہیں.

بقیہ سحر 49

سالگرہ کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور ان کی صحت وسلامتی کے لیے دعا کی۔

بقیہ سحر 50

کے لئے مناسب انتظامات نہ تھے لیکن اب ریونیو کورٹ کمپلیکس کی بدولت سہولیات میسر ہونگی۔ انہوں نے بتایا کہ عدالتی فیصلوں کی نقول برانچ کمشنر آفس سیکنڈ فلور سے ریونیو کورٹ فرنٹ ڈیسک پر منتقل کی جا رہی ہیں جنہیں کمپیوٹرائزڈ ای فوس سے منسلک بھی کیا جائے گا جبکہ آنے والے ایام میں نقل کی کاپی کے لئے ہوم ڈیلیوری سہولت بھی شروع کر رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ درخواست گزار بذریعہ ڈاک نقل کاپی کے لئے فارم بھجوا سکے گا جس پر اسے اس کے متعلقہ ایڈریس پر نقل کی کاپی ارسال کردی جائے گی اسی طرح ریونیو کیسز میں دور دراز کے درخواست گزاروں کو سماعت کے لئے آن لائن جوائن کرنے کی سہولت بھی فراہم کرنے کے لئے اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق سائلین کو ہر ممکن ریلیف کی فراہمی ترجیح ہے۔ ایڈووکیٹ چوہدری عبدالسلام ودیگر وکلاء نے کمشنر فیصل آباد کی طرف سے ڈویژنل ریونیو کورٹ کمپلیکس کے قیام کا خیر مقدم کیا۔

بعدالت جناب محمد بلال اعظم
صاحب تحصیلدر پھالیہ تحصیل پھالیہ

ہرگاہ عوام الناس کو اطلاع دی جاتی ہے کہ نذیراں بی بی متوفیہ بیوہ بہادر ساکن کوٹ رحم شاہ تحصیل پھالیہ ضلع منڈی بہاولدین جو کہ مورخہ کو رضائے الٰہی سے وفات پا گئی ہے۔ ان کے شرعی وارثان میں محمد ارشد۔ محمد انور۔ صفدر حسین پسران۔ عذرا پروین دختر نذیراں بی بی متوفیہ زندہ درج ہیں ان کے علاوہ کوئی اور دیگر وارث ہو تو تین یوم کے اندر اندر متعلقہ دفتر ھذا میں حاضر ہو کر رابطہ کریں۔ بصورت دیگر انتقال وارثت پاس کر دیا جائے گا۔ اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ یہ اشتہار بحکم مجاز اتھارٹی کے جاری ہوا ہے۔

Cr..Sarfraz

بعدالت جناب محمد بلال اعظم
صاحب تحصیلدر پھالیہ تحصیل پھالیہ

ہرگاہ عوام الناس کو اطلاع دی جاتی ہے کہ بشیر بیگم متوفیہ زوجہ محمد انار ساکن کوٹ رحم شاہ تحصیل پھالیہ ضلع منڈی بہاولدین جو کہ مورخہ 16-07-1996 کو رضائے الٰہی سے وفات پا گئی ہے۔ ان کے شرعی وارثان میں محمد انار خاوند متوفیہ۔ محمد آصف۔ شمشاد اختر۔ شہزادا اختر۔ جاوید اختر پسران۔ گلشن شاھین دختر بشیر بیگم متوفیہ زندہ درج ہیں ان کے علاوہ کوئی اور دیگر وارث ہو تو تین یوم کے اندر اندر متعلقہ دفتر ھذا میں حاضر ہو کر رابطہ کریں۔ بصورت دیگر انتقال وارثت پاس کر دیا جائے گا۔ اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ یہ اشتہار بحکم مجاز اتھارٹی کے جاری ہوا ہے۔

Cr..Sarfraz

بعدالت جناب یاسر مشتاق ساہی
صاحب سول جج گوجرانوالہ،

صباء تبسم بنام اقراء حسین وغیرہ

درخواست حصول سرٹیفکیٹ گارڈین

منجانب صباء تبسم دختر ارشد جاوید ذات بٹ ساکن اسلام سٹی ٹاؤن لدھیوالہ وڑائچ حال مقیم UAE شارجہ سٹی تحصیل و ضلع گوجرانوالہ بذریعہ مختار خاص ارشد جاوید ولد محمد حسین ذات بٹ ساکن کلر آبادی نوید کالونی فیصل روڈ نزد مسجد ڈاکخانہ المرتضیٰ حال مقیم اسلام سٹی لدھیوالہ وڑائچ تحصیل وضلع گوجرانوالہ، بنام عوام الناس

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 24 ستمبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..AM

بقیہ سحر 1

اسلام آباد پر دھاوا بولنے کے دعوے کیے جا رہے ہیں، جو بھی اسلام آباد پر دھاوا بولنے کی کوشش کرے گا اسے سخت نتائج کا سامنا کرنا پڑیگا، ابھی بھی وقت ہے، بند گلی میں نہ جائیں، ایسے طرز عمل سے اپنا اور اپنے لوگوں کو نقصان نہ کرائیں، خیبر پختونخواہ میں سکیورٹی کی صورتحال سب کے سامنے ہے، گزشتہ چند روز میں دہشتگردی کے واقعات میں کیپٹن، جوان اور پولیس اہلکار شہید ہوئے، جو پاکستان کے شہداء ہیں سب کو ان کے جنازوں میں شرکت کرنی چاہیے، خیبر پختونخواہ میں شہداء کے جنازوں میں صوبائی حکومت کا کوئی رکن شریک نہیں ہوا، یہ بے حسی ہے، سیاسی اختلافات جتنے مرضی ہوں انہیں اس انتہا تک نہیں لے جانا چاہیے، صوبے کی صورتحال پورا پاکستان دیکھ رہا ہے

بقیہ سحر 2

سی ایم ایچ کوہاٹ کے دورے کے موقع پر کوہاٹ واقعہ میں زخمی ہونے والے افراد سے فردا فردا ملاقات کی اور وزیراعظم محمد شہباز شریف کی جانب سے زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے نیک تمناؤں کا پیغام پہنچایا۔ زخمیوں نے وفاقی وزیر اطلاعات کو دہشت گردی کے واقعہ سے متعلق تفصیلات سے آگاہ کیا۔ زخمیوں نے عیادت کے لئے آنے پر وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ سے اظہار تشکر کیا۔ وفاقی وزیر نے دہشت گردی کے واقعہ کی شدید مذمت کرتے ہوئے زخمیوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔

بقیہ سحر 3

ممکن ہے، نوجوان ملک کا سب سے قیمتی اثاثہ ہیں اور انہیں مواقع فراہم کرنا حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ کھڈیاں خاص، ضلع قصور میں منعقدہ یوتھ کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے سپیکر ملک محمد احمد خاں نے کہا کہ حکومت نوجوانوں کی ترقی اور انہیں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنے کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے۔ حق حکمرانی عوام کا حق ہے اور منتخب نمائندوں کی اصل ذمہ داری یہ ہے کہ وہ اپنے علاقوں میں عوام کے مسائل حل کریں، کیونکہ حقیقی بہتری اسی وقت آئے گی جب نمائندے اپنے علاقوں اور عوام سے جڑے رہیں گے۔ سپیکر ملک محمد احمد خاں نے مزید کہا کہ وہ چاہتے ہیں کہ پاکستان کا نوجوان باشعور، تعلیم یافتہ اور اپنے حقوق و ذمہ داریوں سے آگاہ ہو۔

بقیہ سحر 4

افسران نے بہادری اور عزم کے ساتھ دہشت گردوں کا مقابلہ کیا۔ وفاقی وزیر اطلاعات کا سی ایم ایچ میں زیر علاج زخمی جوانوں کے حوصلے کو سراہتے ہوئے کہنا تھا کہ ان کا جذبہ قابل دید ہے۔ عطا تارڑ نے خیبر پختونخوا کے وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی سے متعلق سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ جب کوہاٹ کا واقعہ پیش آیا تو سہیل آفریدی کہاں تھے؟ ان کے بقول وہ لاہور میں ٹک ٹاک بنا رہے تھے۔ اُن کا کہنا تھا کہ سہیل آفریدی کو چاہیے کہ وہ کوہاٹ کے زخمیوں سے ملاقات کریں اور انہیں گلے لگائیں، انہوں نے الزام عائد کیا کہ سہیل آفریدی کے پاس دھرنے اور انتشار پھیلانے کا وقت ہے۔

بقیہ سحر 5

سے ان کا دل نہیں روتا؟ کیا طالبان ان کے اتحادی ہیں جو یہ کے پی کے پولیس اور بہادروں کی شہادتوں کا سدباب کرنے کی بجائے مزید انتشار اور نفرت پھیلا رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ 27 ستمبر کو جس حملے کی یہ بات کر رہے ہیں کیا وہ طالبان کا حملہ ہے؟ کیا پاکستان میں مقیم افغانی اس لشکر کا حصہ ہوں گے؟ وفاق پوری قوت سے اس کا دفاع کرے گا۔ خواجہ آصف نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی اور اس کے حواری اقتدار کے حصول کے لئے کس حد تک جاسکتے ہیں ہم نے 9 مئی کو دیکھا، 26 نومبر کو دیکھا، اب یہ شخص جوانیے عزائم بتا رہا ہے، پاکستان کے عوام ان کی اصلیت کا اندازہ لگا سکتے ہیں۔

بقیہ سحر 6

ٹھکانوں اور محفوظ پناہ گاہوں کے خلاف محدود اور بدنی فضائی حملے کیے گئے۔ وزارتِ اطلاعات و نشریات کی جانب سے جاری کیے گئے بیان میں بتایا گیا کہ کوہاٹ، ہنگو اور ٹل میں 20 ستمبر کو کی گئی زمینی کارروائی کے دوران 9 خوارج ہلاک مارے گئے۔ افغانستان سے ملحقہ سرحدی علاقے میں دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو بھی نشانہ بنایا گیا، فتنہ الخوارج اور اس سے وابستہ دہشت گردوں کے تین ٹھکانے تباہ کیے گئے۔

بقیہ سحر 7

جسٹس مس عالیہ نیلم نے ڈی آئی جی ناصر عمر ورک کو اگلے گریڈ میں ترقی نہ دینے کے خلاف کیس کی سماعت کی۔ سماعت سے چند منٹ قبل وفاقی سیکرٹری اسٹیبلشمنٹ نبیل اعوان فون سننے کیلئے کمرہ عدالت سے باہر چلے گئے۔ اس دوران سماعت کا آغاز ہوا تو چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ مس عالیہ نیلم نے وفاقی سیکرٹری اسٹیبلشمنٹ کی عدم پیشی پر استفسار کیا کہ کدھر ہیں وفاقی سیکرٹری اسٹیبلشمنٹ؟، کب بادشاہ سلامت تشریف لا رہے ہیں؟

بقیہ سحر 8

تبدیلی کا انتظام، ایک اقوام متحدہ جو سب کے لیے کام کرے کے عنوان سے ہونے والے جنرل ڈیبیٹ سے خطاب کریں گے۔ نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81ویں اجلاس کے حوالے سے اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار احمد نے صحافیوں کو بیک گراؤنڈ بریفنگ دی ہے اور بتایا کہ 81ویں جنرل اسمبلی کا اجلاس 22 ستمبر سے 26 ستمبر اور 28 ستمبر کو منعقد ہوگا، نومنتخب صدر کی جانب سے جنرل ڈیبیٹ کا موضوع اعتماد کی بحالی، تبدیلی کا انتظام: ایک اقوام متحدہ جو سب کے لیے کام کرے مقرر کیا گیا ہے۔

بقیہ سحر 9

کریں گے۔ ملاقاتوں میں پاک ایران دوطرفہ تعلقات اور خطے کی مجموعی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔

بقیہ سحر 10

کہ دو ماہ میں ترسیلات زر 6.4 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں۔ وفاقی دارالحکومت میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے احسن اقبال کا کہنا تھا کہ حکومت کی کوشش ہے کہ پاکستان کی برآمدات میں اضافہ عارضی نہیں بلکہ طویل مدت کے لیے مستحکم بنیادوں پر ہو۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں جولائی سے اگست کے دوران آئی ٹی برآمدات 81 کروڑ ڈالر رہیں،

بقیہ سحر 11

نے پریس کانفرنس اور کہا کہ 27 ستمبر کے حوالے سے مشاورت کی گئی ہے، 26 نومبر 2024ء کو تحریک انصاف پر ظلم جبر ہوا، ڈی چوک میں ہم پر گولیاں چلائی گئیں، ریاست پر قابض ٹولہ شہادت کا ذمہ دار ہے، اس ظلم کے باوجود ہم جھکے نہیں، ریاست کے ظلم و جبر کے باوجود پی ٹی آئی ملک کی بڑی جماعت ہے، دو سال میں ہم نے خیبر پختونخوا سے باہر کوئی بڑا جلسہ نہیں کیا، ہم نے صوبائی اور قومی اسمبلی کا استعمال کیا آواز اٹھائی کوئی جواب نہیں آیا۔

بقیہ سحر 12

دیگر فریقین کو نوٹسز جاری کر دیئے۔ لاہور ہائیکورٹ کی جسٹس عبہر گل خان نے صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری کی ویڈیو لنک کے ذریعے بیان ریکارڈ کرانے کی درخواست پر سماعت کی۔

بقیہ سحر 13

سکیورٹی فورسز کے جوانوں کو بھی سراہا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اپنے بیان میں امن کی خاطر جان قربان کرنے والے شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا اور غازیوں کو سلام عقیدت پیش کیا۔ عالمی یوم امن پر اپنے پیغام میں وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے مزید کہا کہ عالمی یوم امن ہمیں برداشت اور رواداری پر عمل پیرا ہونے کے عزم کی یاد دلاتا ہے۔ پاکستان کی تعمیر وترقی کیلئے پائیدار امن ناگزیر ہے۔ امن ترقی اور خوشحالی کی بنیادی ضرورت ہے۔

بقیہ سحر 14

کے بعد چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے انڈر 19 کھلاڑیوں کو مدعو کیا، چیئرمین پی سی بی نے انڈر 19 کھلاڑیوں سے انفرادی ملاقاتیں کیں اور ان کی بھرپور حوصلہ افزائی کی، انڈر 19 کھلاڑیوں کے لیے پہلی مرتبہ سینٹرل کنٹریکٹس کا اجراء خوش آئند ہے، سینٹرل کنٹریکٹس سے نوجوان کھلاڑیوں کو بہتر کارکردگی کی ترغیب ملے گی، اچھی کارکردگی کا صلہ ملنے سے نوجوان کرکٹرز کا اعتماد بڑھتا ہے،

بقیہ سحر 15

ایران اور امریکا کے درمیان مذاکرات کی راہ ہموار کر کے امن کے عزم کا عملی مظاہرہ کیا۔ امن کے عالمی دن پر پیغام میں بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ دنیا کے مختلف خطوں میں جاری تنازعات سے ثابت ہو چکا ہے کہ عسکری محاذ آرائی سیاسی تنازعات کا پائیدار حل نہیں۔ پاکستان نے ایران اور امریکا کے درمیان مذاکرات کی راہ ہموار کر کے امن کے عزم کا عملی مظاہرہ کیا۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ ایران امریکہ کے درمیان اسلام آباد مفاہمتی یادداشت نے ثابت کیا

بقیہ سحر 16

ہیں۔ ان معاہدوں کے تحت ''پاکستان کے لیے گلوبل گیٹ وے ترقیاتی سہولت''، ''خیبر پختونخوا میں توانائی اور قدرتی ماحول کی پائیداری'' اور ''پاکستان میں قانون کی حکمرانی اور کاروباری ماحول کے لیے یورپی یونین کی معاونت'' کے عنوان سے تین پروگرام شروع کیے جائیں گے۔ یہ تعاون پاکستان اور یورپی یونین کے اقتصادی و توانائی کے شعبوں میں ترقی اور قانون کی حکمرانی کے فروغ سے متعلق مشترکہ عزم کو عملی جامہ پہنائے گا۔

بقیہ سحر 17

ہیں اس سلسلے میں روانڈا-پاکستان بزنس اینڈ انویسٹمنٹ فورم 23 سے 25 ستمبر تک کیگالی میں منعقد ہوگا، جس میں پاکستانی وفد روانڈا کے حکام اور کاروباری نمائندوں سے ملاقاتیں کرے گا۔ پاکستانی وفد کی قیادت پاکستان افریقا اکنامک کونسل کے سرپرست اعلیٰ سفیر حمید اصغر خان کریں گے۔ ملاقاتوں کے دوران تجارت و سرمایہ کاری، مشترکہ منصوبوں اور مختلف شعبوں میں باہمی تعاون پر بات چیت ہوگی۔ فورم کے دوران زراعت، ادویات، آئی ٹی، ٹیکنالوجی اور مینوفیکچرنگ کے شعبوں میں تعاون کے دستیاب مواقع بھی زیرغور آئیں گے۔ پاکستان اور روانڈا کے درمیان بڑھتا ہوا اقتصادی تعاون دونوں ممالک کے لیے دوطرفہ تجارت اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کر رہا ہے۔

بقیہ سحر 18

بی بی کی ناحق گرفتاری، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد میں کارکنوں، وزرا اور پارلیمنٹیریز پر حملوں اور گرفتاریوں نے ہم سب پر ذمہ داری کو بڑھا دیا ہے، آگے فراست اور اتفاق سے چلنا ہوگا۔ ایکس پر جاری اپنے بیان میں سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ سارے پنجاب بالخصوص لاہور پر فسطائی یلغار کے پیش نظر ضلع لاہور میں پارٹی معاملات مشاورت و اتفاق سے چلانے کے لئے ایک کمیٹی تشکیل دیدی گئی ہے، اتوار کے روز پنجاب کے چاروں ریجنز کی تنظیموں سے رابطہ رہا، اب پنجاب کے ممبران اسمبلی سے مشاورت ہو رہی ہے۔ ضلع لاہور کے لئے تشکیل دی گئی کمیٹی میں ملک ظہیر عباس کنوینز ہونگے جبکہ ہارون اکبر، اصغر گجر، اویس انجم اور یاسر گیلانی اور عامر قریشی ممبر ہوں گے۔

بقیہ سحر 19

اقوام متحدہ کو مرکز بنا کر ایک موثر اور جامع کثیر الجہتی نظام کے لیے پختہ عزم کا اعادہ کرتا ہے، یہ دن ہم سب کے لیے ایک اہم یاددہانی ہے کہ مکالمہ، سفارت کاری اور اقوام متحدہ کے چارٹر کے مقاصد و اصولوں پر عمل ہی پائیدار امن حاصل کرنے کا واحد ذریعہ ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیراعظم نے ان خیالات کا اظہار عالمی یوم امن کے موقع پر اپنے پیغام میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان عالمی برادری سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ اقوام متحدہ کے چارٹر کو برقرار رکھتے ہوئے بین الاقوامی قانون کا احترام اور تنازعات کے منصفانہ اور پائیدار حل کے لیے پرامن ذرائع سے اپنی ذمہ داریاں پوری کرے۔

بقیہ سحر 20

بڑھ گئی جبکہ عوام کی مشکلات کا مداوا نہیں کیا جا رہا، عالمی قوتوں نے اسلامی دفاعی معاہدے پر کاری ضرب لگائی ہے۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ ملک میں حکومت کسی اور کی ہے جبکہ حکمرانوں کی پالیسیز کی وجہ سے قوم تشویش میں مبتلا ہیں، ملک میں قرضوں کا دباؤ اور مہنگائی بڑھ گئی ہے جبکہ مہنگائی کے حوالے سے عوام کے دکھوں کا مداوا نہیں کیا جا رہا کیونکہ حکمران اندھے ہو چکے ہیں۔

بقیہ سحر 21

شہدا کے لواحقین اور سینئر سول و عسکری حکام نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ہنگو میں خوارج سے فائرنگ کے تبادلے میں جام شہادت نوش کرنے والے پاک فوج کے 6 شہداء میں کیپٹن ابوذر فاروق شہید، لیفٹیننٹ شیراز بابر شہید، سپاہی شکیل احمد شہید، سپاہی حمزہ شہید، سپاہی محمد عثمان عزیز شہید اور نان کمبیٹنٹ غلام سجاد شامل ہیں۔

بقیہ سحر 22

دیتے ہوئے سفیر عاصم افتخار احمد نے کہا کہ شہباز شریف کی تقریر میں کثیرالجہتی تعاون، موسمیاتی تبدیلی اور موجودہ عالمی صورتحال بھی شامل ہوگی۔ وزیراعظم شہباز شریف 25 ستمبر کو اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81ویں اجلاس سے خطاب کریں گے۔ سفیر کے مطابق وزیراعظم اپنے دورے کے دوران کئی عالمی رہنماؤں سے بھی ملاقاتیں کریں گے، وزیراعظم اور ایپل کے ایگزیکٹو چیئرمین ٹم کک کے درمیان ملاقات کا انتظام کرنے کی بھی کوشش ہو رہی ہے۔

بقیہ سحر 23

سکیورٹی فورسز کا علاقے میں موجود دہشت گردوں کے ساتھ شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا، سکیورٹی فورسز کی فائرنگ سے 4 دہشت گرد جہنم واصل ہو گئے۔ فتنہ الہندوستان کے جہنم واصل دہشت گردوں کے قبضے سے بڑی مقدار میں جدید اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق سکیورٹی فورسز کی جانب سے دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں بدستور جاری ہیں، جو آخری دہشت گرد کے خاتمے تک جاری رہیں گی۔

بقیہ سحر 24

سمیت مزید 33 کارکنوں کو حراست میں لے لیا۔ نجی ٹی وی کی رپورٹ کے مطابق این اے 40 سے پی ٹی آئی کے سابق رکن قومی اسمبلی اورنگزیب خان کو گلشن آباد سے تحویل میں لیا گیا، جبکہ کریک ڈاؤن کے دوران پی ٹی آئی کے مزید 33 کارکنوں کو بھی راولپنڈی سے حراست میں لیا گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق خصوصی پولیس ٹیمیں شہر کے مختلف علاقوں میں ٹارگٹڈ کارروائیوں میں مصروف ہیں، جبکہ ان ٹیموں کو متحرک کارکنوں کی فہرستیں پہلے ہی فراہم کی جا چکی ہیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق کریک ڈاؤن کے پہلے مرحلے میں 32 پی ٹی آئی کارکنوں کو گرفتار کر کے ایک ماہ کے لیے نظر بند کیا جا چکا ہے۔

بقیہ سحر 25

نے کہا کہ متعلقہ لوگوں سے مطالبہ کیا ہے کہ ایسے اقدامات سے گریز کیا جائے، عمران خان کے خاندان اور رہنماؤں کے ساتھ روا رکھا جانے والا سلوک افسوسناک ہے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ گرفتاریاں صورتحال کو مزید سنگین کردیں گی، اب وقت ہے کہ حالات کو مزید بگڑنے سے روکا جائے، کشیدگی کم کرنے کی ضرورت ہے۔

بقیہ سحر 26

گے۔ وزارت اقتصادی امور کے مطابق معاہدوں پر سیکرٹری اقتصادی امور محمد حمیر کریم اور یورپی یونین کے سفیر ریمونڈاس کروبلیس نے دستخط کیے۔ ان پروگراموں سے سرمایہ کاری، قانون کی حکمرانی اور کاروباری ماحول کو تقویت ملے گی۔ حکام کے مطابق اس مالی معاونت کے ذریعے توانائی اور ماحولیاتی استحکام کے اقدامات بھی آگے بڑھیں گے،

بقیہ سحر 27

ٹیلی کام شعبے نے حالیہ برسوں میں غیر معمولی ترقی کی ہے اور ملکی ٹیک برآمدات میں سالانہ 20 سے 21 فیصد کی شرح سے مسلسل اضافہ ریکارڈ کیا جا رہا ہے جس میں سے 50 فیصد سے زائد برآمدات براہ راست ریاستہائے متحدہ امریکا کو کی جا رہی ہیں جس کے باعث امریکا ہماری ٹیک کمیونٹی کا مضبوط ترین شراکت دار بن کر ابھرا ہے۔ وہ پیر کو یونائیٹڈ سٹیٹس ایجوکیشنل فاؤنڈیشن ان پاکستان کے زیر اہتمام منعقدہ انوویشن ہائیو برن کنگ سرمٹی میں بطور مہمان خصوصی کلیدی خطاب کر رہی تھیں۔ تقریب میں امریکی ناظم الامور (چارج ڈی افیئرز) نتالی بیکر اور دیگر سفارتی و تعلیمی شخصیات نے شرکت کی۔

بقیہ سحر 28

، باہمی احترام اور قانون کی حکمرانی ضروری ہے، تنازعات اور اختلافات کا حل طاقت کے بجائے مذاکرات اور پرامن ذرائع سے تلاش کیا جانا چاہیے۔ عالمی یوم امن کے موقع پر اپنے پیغام میں وفاقی وزیر قانون نے کہا کہ امن صرف جنگ کے خاتمے کا نام نہیں بلکہ انصاف، مساوی حقوق، تحفظ اور انسانی وقار بھی امن کی بنیاد ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قانون کی حکمرانی اور مؤثر نظام انصاف پائیدار امن کے لیے بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔

بقیہ سحر 29

احتجاج، دھرنا اور جلوس سیاسی جماعتوں کا جمہوری حق ہے تاہم احتجاج پرامن ہونا چاہیے اور اس کے نتیجے میں کاروبار زندگی متاثر نہیں ہونا چاہیے، تمام فریقین کو ٹھنڈے دل سے فیصلے کرنے چاہئیں جبکہ پارلیمان ہی وہ فورم ہے جہاں تمام معاملات پر اطمینان کے ساتھ اپنا موقف پیش کیا جا سکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کے روز رانا سفاری پارک پھولنگر میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

بقیہ سحر 30

کے مشیر رانا ثنا اللہ نے فیصل آباد میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دنیا بھر میں مہنگائی ہے کہیں بھی ایسے حالات میں ہنگامے یا لانگ مارچ ہوئے؟ رانا ثناء اللہ نے کہا کہ ہمارے درمیان ایسے عناصر موجود ہیں جو لوگوں کو گمراہ کرنے کی کوشش کرتے رہتے ہیں، ملک کو اس وقت امن و اتحاد کی ضرورت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ دنیا پاکستان کو ایسے ملک کے طور پر دیکھتی ہے جو اپنی اور دوسروں کی حفاظت کرنا جانتا ہے۔

بقیہ سحر 31

ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور، پارٹی کی تنظیمی سرگرمیوں، محنت کش طبقے کے مسائل اور سماجی تحفظ سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام مستحق اور کم آمدن والے خاندانوں کو سماجی تحفظ فراہم کرنے کے لئے اہم کردار ادا کر رہا ہے،

بقیہ سحر 32

گرد ہلاک کرنے پر سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش اور جام شہادت نوش کرنے والے کیپٹن ابوذر فاروق، لیفٹیننٹ شیراز بابر اور 4 جوانوں کو خراج عقیدت بھی پیش کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے شہداء کے اہل خانہ سے اظہار ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ شہید افسران اور جوانوں نے دفاع وطن کے لئے بے مثال جرات وشجاعت کا مظاہرہ کیا۔

بقیہ سحر 33

ہوگی اضافی نرخ بھی اسی ماہ لئے جائیں گے۔ 5 ماہ تک اضافی ادائیگیاں نہیں کرنی پڑے گی۔ ذرائع کے مطابق 200 یونٹ سے زیادہ بجلی استعمال پر اضافی ریٹ اسی ماہ لینے کی تجویز ہے، موجودہ فارمولے کے تحت پروٹیکٹڈ صارف کو 6 ماہ تک اضافی ادائیگی کرنا پڑتی ہے۔

بقیہ سحر 34

لائن میں کھڑے دیکھا جا سکتا ہے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے ایکس پر پوسٹ شیئر کرتے ہوئے احسن اقبال کے اس طرزعمل کو سراہا اور وی آئی پی کلچر کے خاتمے کی جانب قدم قرار دیا۔ یاد رہے کہ چند روز قبل وزیر داخلہ محسن نقوی کی دبئی سے وطن واپسی پر عام مسافروں کے ہمراہ سفر کی تصویر وائرل ہوئی تھی۔

بقیہ سحر 35

آفریدی بانی پی ٹی آئی کی بہنوں کو گرفتاری سے بچانے کیلئے رات گئے لاہور پہنچے تھے، نورین بی بی کی گرفتاری کے بعد وزیراعلیٰ واپس اسلام آباد روانہ ہوئے۔ قبل ازیں وزیراعلیٰ نے لاہور کے قریب موٹر وے پر ویڈیو پیغام جاری کرتے ہوئے کہا تھا کہ انہیں اطلاع ملی ہے کہ نورین اور عظمیٰ بی بی کو گرفتار کیا جا رہا ہے اسی لیے وہ خود لاہور جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نورین آپا کو لینے لاہور روانہ ہوا ہوں، طاقتور لوگ پاکستان کو غلط سمت میں لے جا رہے ہیں، سابق وزیراعظم کے خاندان کے ساتھ ناروا سلوک کیا جا رہا ہے۔

بقیہ سحر 36

مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط ہو گئے جس کا مقصد پاکستان میں ڈیجیٹل ادائیگی اور کارڈ سے متعلق خدمات کو وسعت دینا ہے، یہ معاہدہ دونوں اداروں کے درمیان مالیاتی اور ڈیجیٹل روابط کے فروغ کی جانب ایک نیا قدم ہے۔ گوادر پرو کے مطابق یہ معاہدہ یونین پے انٹرنیشنل کے ہیڈ کوارٹرز میں منعقدہ تقریب کے دوران طے پایا جس میں ایچ بی ایل کے صدر اور چیف ایگزیکٹو آفیسر محمد نصیر سلیم اور یونین پے انٹرنیشنل کے چیف ایگزیکٹو آفیسر لیری وانگ نے دونوں اداروں کی نمائندگی کی۔

بقیہ سحر 37

بچوں سمیت 58 غیر قانونی مقیم افغان باشندوں کو حراست میں لے لیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق گرفتار افغان باشندے پاکستان کے راستے ایران اور یورپ جانے کی کوشش کر رہے تھے۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق حراست میں لیے گئے تمام افراد کو قانونی کارروائی کے لیے متعلقہ پولیس حکام کے حوالے کر دیا گیا ہے۔

بقیہ سحر 38

، موجودہ نظام حکومت کے تحت پاکستان نہیں چلایا جا سکتا۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ چاروں صوبائی حکومتوں نے عوام کو بنیادی سہولیات سے محروم رکھا، تعلیم، صحت اور روزگار کے علاوہ پانی بجلی گیس تک فراہم نہیں، آج نئے انتظامی یونٹس کا قیام ہماری خواہش نہیں بلکہ پاکستان کی مجبوری بن چکا ہے۔ وفاقی وزیر کا کہنا ہے کہ چھوٹے انتظامی یونٹس کے قیام سے این ایف سی کا سارا پیسہ اسی یونٹ میں لگے گا، جعلی ڈومیسائل کے ذریعے میرٹ کا قتل عام بند ہو جائے گا، نوجوانوں کو انتظامی یونٹس کے حق میں کھڑے ہونا ہوگا۔

بقیہ سحر 39

تعلیمی ادارے 22 ستمبر سے بند کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے جبکہ وفاقی دارالحکومت میں اضافی پولیس نفری کے لیے رہائش کا انتظام سرکاری اسکولوں میں کیا جا رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق بند اسکولوں میں تعلیمی سرگرمیاں فی الحال معطل رہیں گی، آن لائن تعلیم یا متبادل ذرائع سے متعلق وفاقی نظامت تعلیم کی کوئی پالیسی نہیں بنائی گئی۔ واضح رہے کہ جماعت اسلامی اور تحریک انصاف نے اسلام آباد کی جانب لانگ مارچ کا اعلان کر رکھا ہے جس کے باعث دارالحکومت کی مختلف شاہراہوں پر کنٹینرز رکھ دیے گئے ہیں

بقیہ سحر 40

لیا اور انہیں بکتر بند گاڑی کے ذریعے منتقل کیا گیا۔ عظمیٰ خانم اور نورین نیازی کو دیگر کے ہمراہ رات گئے گرفتار کیے جانے کے بعد دیگر اہل خانہ کو چھوڑ دیا گیا، دونوں بہنوں کو 30 روز کے لیے نقض امن کے خطرے کے پیش نظر جیل بھجوایا گیا۔

بقیہ سحر 41

سندھ کے مطابق کراچی کے ضلع غربی، کورنگی، وسطی اور جنوبی کے 1، 1 ماحولیاتی نمونے میں پولیو وائرس پایا گیا ہے، جبکہ حیدرآباد کے 2 ماحولیاتی نمونوں میں بھی پولیو وائرس ملا ہے۔ ضلع شرقی، کیماڑی اور ملیر کے ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس نہیں پایا گیا جبکہ گھوٹکی، سکھر، جیکب آباد اور قمبر کے ماحولیاتی نمونے بھی منفی رہے۔ ای او سی کے مطابق لاڑکانہ، کشمور، دادو، بدین، جامشورو، سجاول، میر پور خاص اور سانگھڑ کے ماحولیاتی نمونوں میں بھی پولیو وائرس کی تصدیق نہیں ہوئی۔ ایمرجنسی آپریشن سینٹر سندھ کا کہنا ہے کہ مثبت نمونوں والے اضلاع میں انسدادِ پولیو ویکسینیشن اور دیگر اقدامات پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔

بقیہ سحر 42

عدالت نے کیماڑی پولیس کو حکم دیا ہے کہ ملزم نیاز محمد کو گرفتار کر کے یکم اکتوبر کو عدالت میں پیش کیا جائے۔ وکیل کے مطابق ملزم کے خلاف نوجوان طاہر کو قتل کرنے کا الزام ہے جبکہ عدالت نے ملزم کو 81 لاکھ روپے دیت ادا کرنے کا حکم دیا تھا۔ حسن بانو ایڈووکیٹ نے بتایا کہ ملزم اب تک 47 لاکھ روپے ناظر برانچ ہائیکورٹ میں جمع کرا چکا ہے، تاہم اس نے مقتول کی والدہ اور بیوہ کا حصہ ادا نہیں کیا۔ وکیل مدعی کا کہنا تھا کہ دیت کے فیصلے کے بعد ملزم ضمانت پر رہا ہو گیا تھا، مگر مکمل ادائیگی نہ ہونے پر عدالت نے وارنٹ گرفتاری جاری کر دیے۔

بقیہ سحر 43

ستمبر کو کوہاٹ میں پولیس لائن مسجد میں خودکش دھماکے میں 15 پولیس اہلکاروں سمیت 23 افراد شہید ہوئے تھے، متعدد زخمیوں کی حالت تشویشناک ہے، مقابلے میں 7 دہشت گرد مارے گئے تھے۔

بقیہ سحر 44

ھا میں بھارتی جنگی طیارہ کینبرا اور لاہور میں ایک ہنٹر مار گرایا، پاک فضائیہ نے بھارتی علاقوں آدم پور، ہلواڑہ اور جودھپور کے ہوائی اڈوں اور تنصیبات کو بھی شدید نقصان پہنچایا۔ پاک بحریہ بھارتی جارحیت کا مقابلہ کرنے اور اپنی سمندری حدود کی حفاظت میں پوری طرح چوکس رہی۔

بقیہ سحر 45

کی اولادوں کا مسکن ہے، پاکستان کی تاریخ میں اتنی بڑی ریلی اور مارچ نہیں ہوا۔ خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ ملک کی آبادی تیزی سے بڑھ رہی ہے، اسی لیے زیادہ سے زیادہ انتظامی یونٹس ہونے چاہئیں، کراچی سندھ کی آبادی کا تقریباً 57 فیصد ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ جاگیردارانہ نظام کے ہوتے ہوئے پاکستان کا مستقبل نہیں ہو سکتا، خاندانی حکومتوں کے اختتام کا وقت آچکا ہے۔ چیئرمین ایم کیو ایم نے کہا کہ اللہ کا شکر ادا کروں گا کہ اس نے ہماری نیتوں اور صبر کا پھل دیا ہے،

بقیہ سحر 46

میں سرمایہ کاری اور صنعتی تعاون کا مؤثر پلیٹ فارم ثابت ہو سکتا ہے جبکہ زرعی مشینری، معدنیات، مینوفیکچرنگ، تجارت اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں وسیع مواقع موجود ہیں۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق یہ بات انہوں نے چانگشا میں منعقدہ ہنان انٹر پرائزز گوئنگ گلوبل انویسٹمنٹ کوآپریشن میچ میکنگ کانفرنس سے کلیدی خطاب کرتے ہو کہی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق میچ میکنگ کانفرنس میں تقریباً 20 ممالک اور خطوں سے 120 سے زائد حکومتی و کاروباری نمائندوں، جبکہ ہنان کی 150 سے زائد کمپنیوں کے نمائندوں نے شرکت کی۔

بقیہ سحر 47

گہرائی 30 کلومیٹر ریکارڈ کی گئی۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کا مرکز خضدار سے 45 کلومیٹر مشرق میں تھا۔ زلزلے کے جھٹکے محسوس ہوتے ہی شہریوں میں خوف و ہراس پھیل گیا اور علاقہ مکین گھروں اور دکانوں سے کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے کھلی جگہوں پر جمع ہو گئے۔

بقیہ سحر 48

یارکند کی وادی میں قدیم راستوں پر تحقیق، شاہراہ قراقرم کے تعمیراتی کارکنوں کی زبانی تاریخ، اور پاکستان پر ڈاکٹریٹ کی سطح کی تحقیق پیش کی۔ رپورٹ کے مطابق تقریب میں چین میں پاکستان کے سفیر خلیل ہاشمی، سنگھوا یونیورسٹی کے اسکول آف جرنلزم اینڈ کمیونیکیشن کے پارٹی سیکریٹری اور اسکول بورڈ کے چیئرمین شی این بن کے علاوہ چین اور پاکستان کے مختلف علمی وثقافتی اداروں سے وابستہ اسکالرز، محققین اور نمائندوں نے شرکت کی۔

بقیہ سحر 49

اسلامی اور امیر جماعت اسلامی پر الزامات عائد کیے، شبر زیدی نے جماعت اسلامی کو عوامی جذبات چھپانے کی فائر وال قرار دیا تھا۔ شبر زیدی کے الزامات کیخلاف قانونی کارروائی کے لیے عدالت سے رجوع کیا گیا۔

بقیہ سحر 50

نے 150 افراد کو فالج کی مستقل معذوری سے بچا لیا۔ اسٹروک اٹیک کے 3 سے 4 گھنٹے میں ہسپتال پہنچنے والے مریضوں کو ٹی پی اے انجکشن لگایا گیا جس کے ذریعے دماغ میں خون کے کلاٹ بننے سے روک کر مریضوں کو فالج سے محفوظ رکھا گیا۔ ہولی فیملی ہسپتال میں 2024 میں وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر اسٹروک سینٹر قائم کیا گیا تھا۔

بقیہ سحر 51

کے مطابق مقتول کی لاش پوسٹ مارٹم کیلئے ہسپتال منتقل کر دی گئی ہے۔ پولیس کے مطابق واقعہ کی تحقیقات جاری ہیں۔ دوسری جانب اوکاڑہ کے علاقے منڈی احمد آباد کے نواحی گاؤں ویر کے میں میاں بیوی میں جھگڑے کے دوران مبینہ فائرنگ سے بیوی جاں بحق اور شوہر زخمی ہو گیا۔ پولیس کے مطابق عبدالخالق ڈوگر نے جھگڑے کے دوران اپنی بیوی پر فائرنگ کی کوشش کر رہا تھا،

بقیہ سحر 52

کوئی معاوضہ ادا نہیں کیا گیا، 2022ء ے میں بھی گاڑیاں پکڑی گئی تھیں مگر ٹرانسپورٹرز کو معاوضہ نہیں ملا، لوڈ گاڑیوں کو فی الفور ریلیز کیا جائے، روکی گئی گاڑیوں کے جتنے دن بنتے ہیں یومیہ 20 ہزار روپے معاوضہ ادا کیا جائے، گاڑیوں کے ڈرائیورز کو تحفظ، کھانے پینے اور واش روم کی سہولیات فراہم کی جائیں۔

بقیہ سحر 53

۔ذیلی قومی انسداد پولیو مہم ملک بھر کے 115 منتخب اضلاع میں 21 سے 27 ستمبر تک جاری رہے گی، جس کے دوران تقریباً 3 کروڑ 10 لاکھ پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے کہا کہ حکومت پاکستان وزیراعظم کی قیادت میں ملک سے پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ سحر 54

کے مراکز بنایا جائے گا اور کسی بچے کو تعلیم سے محروم نہیں رہنے دیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کی زیر صدارت وزیراعلیٰ ہاؤس میں تعلیمی منصوبوں سے متعلق اجلاس ہوا، اجلاس میں صوبے میں نئے اور تعمیر نو کے مراحل سے گزرنے والے سکولوں کو فعال بنانے اور داخلہ مہم شروع کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔

بقیہ سحر 55

جماعت اسلامی کا کہنا تھا کہ جماعت اسلامی کا مارچ اور تحریک پورے پاکستان کے عوام کیلئے ہے، احتجاجی مارچ کا پہلا مرحلہ کامیابی کے ساتھ مکمل کر لیا گیا ہے۔ حافظ نعیم الرحمان نے مزید کہ جماعت اسلامی کا مقصد جلاؤ گھیراؤ یا تشدد ہرگز نہیں ہے، پالیسی ریٹ کم کرنے سے معیشت کو فائدہ ہو سکتا ہے۔

بقیہ سحر 56

رکاوٹ نہیں بنی چاہئیں۔ تقریب میں مختلف کھیلوں میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے بچوں میں میڈلز، ٹرافیاں، اسناد اور دیگر انعامات تقسیم کیے گئے۔ اس موقع پر خصوصی بچے، انکے والدین، اساتذہ، کوچز، خصوصی تعلیم کے اداروں، سماجی تنظیموں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات بھی موجود تھیں۔

بقیہ سحر 57

ذمے داری نبھانے کے لیے جانے کو اپنی زندگی کا مشکل ترین تجربہ قرار دیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ پاکستان کی نمائندگی کے لیے کھلاڑیوں کو سمجھوتے اور قربانیاں دینا پڑتی ہیں۔ ایشین گیمز کے لیے جاپان روانگی کے موقع پر اولمپئن بیڈمنٹن پلیئر ماحور شہزاد نے سوشل میڈیا پیغام میں کہا کہ 2 سال 3 ماہ کی بیٹی سے پہلی مرتبہ جدا ہو رہی ہوں، یہ میری زندگی کا مشکل ترین گڈ بائے ہے، پاکستان کی نمائندگی کے لیے سمجھوتہ کرنا اور قربانی دینا پڑتی ہے۔

بقیہ سحر 58

اٹارنی جنرل نے عدالت کو بتایا کہ ملزم نے ایک ہزار سے زائد متاثرین سے رقم حاصل کی، جبکہ 3 ہزار سے زائد افراد کی ڈگریاں بھی نوکریوں کے لیے لے رکھی تھیں۔ ملزم سے ابھی تک بہت سے نوجوانوں کی ڈگریاں برآمد کرنا باقی ہیں۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل کے مطابق ملزم کے خلاف 600 متاثرین کی براہ راست شکایات بھی موجود ہیں، جبکہ ملزم کے اکاؤنٹ سے 12 کروڑ روپے برآمد ہوئے ہیں۔

بقیہ سحر 59

افتتاح کیا۔ سی ای او ریلوے نے اپگریڈ ٹرین کی مختلف کوچز کا معائنہ اور مسافروں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا۔ سی ای او محمد حفیظ نے کہا کہ مختلف مزید مسافر ٹرینوں کو مرحلہ وار اپگریڈ کیا جا رہا ہے، مسافروں کو محفوظ، آرام دہ، معیاری اور بہتر سفری سہولیات فراہم کرنا ریلوے کی ترجیح ہے۔

بقیہ سحر 60

چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ 2012 میں پنجاب اسمبلی سے بہاولپور صوبے کی قرارداد منظور کی گئی۔ چودھری جعفر اقبال نے کہا کہ نئے صوبوں کے قیام میں جاگیردار طبقہ رکاوٹ ہے، انہیں اپنی بادشاہت ختم ہونے کا خوف ہے، مسلم لیگ ن گزشتہ 12 برس سے انتظامی یونٹس کے قیام کیلئے کوششیں کر رہی ہے۔

بقیہ سحر 61

۔انہوں نے کہا ہے کہ تاریخ کا اصول واضح ہے، وقت کبھی ایک سا نہیں رہتا، آج جو اختیار میں ہیں کل انہیں بھی اپنے کیے کا حساب دینا پڑ سکتا ہے۔ راجہ ناصر عباس کا کہنا ہے کہ بنیادی انسانی وقار کو پامال کرنا کسی بھی مہذب معاشرے میں قابل قبول نہیں۔

بقیہ سحر 62

افراد کی ڈگریاں بھی نوکریوں کے لیے لے رکھی تھیں۔ ملزم سے ابھی تک بہت سے نوجوانوں کی ڈگریاں برآمد کرنا باقی ہیں۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل کے مطابق ملزم کے خلاف 600 متاثرین کی براہ راست شکایات بھی موجود ہیں، جبکہ ملزم کے اکاؤنٹ سے 12 کروڑ روپے برآمد ہوئے ہیں۔ انہوں نے عدالت کو بتایا کہ یہ 41 کروڑ روپے سے زائد کا فراڈ ہے۔ متاثرین کے وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ ملزم آج بھی جیل میں وہی کام کر رہا ہے

بقیہ سحر 63

رہا ہے، بیماری کے باعث ان کے جسم اور ٹانگوں نے کام کرنا چھوڑ دیا، یہاں تک کہ مشین کے بغیر سانس لینا بھی ممکن نہیں رہا لیکن انہوں نے ہمت نہیں ہاری۔ جسمانی مشکلات کے باوجود وہ صرف ایک انگلی کی مدد سے لیپ ٹاپ چلاتے ہیں، روزانہ گھر سے اپنی فیکٹری جاتے ہیں، کاروبار کی نگرانی کرتے ہیں، اسٹاک مارکیٹ اور ایس ای او کے شعبے میں کام کرتے ہیں اور لاکھوں روپے کماتے ہیں۔

بقیہ سحر 64

سربراہی میں قائم سلیکشن بورڈ طے کرے گا۔ تمام 332 افسران اور اہلکاروں کو ابتدائی طور پر 3 سالہ کنٹریکٹ پر تعینات کیا جائے گا۔ مزید برآں، ان بھرتیوں کے لیے کوئی اضافی فنڈز فراہم نہیں کیے جائیں گے اور تمام اخراجات موجودہ بجٹ سے ہی ادا کیے جائیں گے۔ حکام کا کہنا ہے کہ ان بھرتیوں سے پنجاب کی 36 ضلعی ٹرانسپورٹ اتھارٹیز میں عملے کی کمی کو پورا کیا جا سکے گا۔

بقیہ سحر 65

کم کرنا اور معیشت کو سہارا دینا ہے۔ حکومت نے مذاکرات میں ریلیف دینے کے لیے وزیراعظم شہباز شریف کی آمادگی کا اظہار کیا، تاہم مزید وقت مانگا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی حکومت کے مزید تاخیری حربے قبول نہیں کرے گی اور مذاکرات لامحدود مدت تک جاری نہیں رہ سکتے۔ ان کا کہنا تھا کہ مکمل اور قابل عمل ریلیف پیکیج کے بغیر مزید مذاکرات بے معنی ہوں گے۔

بقیہ سحر 66

کیا وفاق کی طرح پنجاب میں بھی ڈے کیئر سینٹرز کے حوالے سے کوئی قانون موجود ہے؟ سیکرٹری ویمن ڈویلپمنٹ ثمن رائے نے بتایا کہ فی الحال پنجاب میں ڈے کیئر سینٹرز وزیراعلیٰ کے اقدام کے تحت قائم کیے جا رہے ہیں۔ چیف وہپ رانا ارشد نے سوال کیا کہ ادارے نے ڈے کیئر سینٹرز کو باقاعدہ قانونی دائرے میں لانے کے لئے کوئی تجویز زیرغور رکھی ہے، جس پر سیکرٹری ثمن رائے نے بتایا کہ فی الحال ایسی کوئی تجویز زیرغور نہیں تاہم اس پر کام کیا جا سکتا ہے۔

بقیہ سحر 67

کہ بابا بلھے شاہ مزار کے داخلی راستوں کی دیواروں کو انکے اشعار سے مزین کیا جائے، پراجیکٹس تکمیل سے شہر کی خوبصورتی میں اضافہ اور کاروبار کو فروغ ملے گا۔ کمشنر لاہور نے کہا کہ مریم نواز ہیلتھ کلینک گنڈا سنگھ میں ڈیلیوریز، جنرل و ڈینٹل سرجریز کے ساتھ فری ادویات فراہمی ہو رہی ہے۔

بقیہ سحر 68

کے خلاف گوجرانوالہ کے تھانہ سبزی منڈی میں امانت میں خیانت کا مقدمہ درج ہے۔ سرکاری وکیل نے عدالت کو بتایا کہ ابتدائی تفتیش میں ملزم قصوروار پایا گیا ہے جبکہ مقدمے میں مزید برآمدگی بھی کرنا باقی ہے۔ سرکاری وکیل نے عدالت سے استدعا کی کہ ملزم کی عبوری ضمانت خارج کی جائے تاکہ پولیس قانون کے مطابق تفتیش آگے بڑھا سکے۔

بقیہ سحر 69

اور 50 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنادی جبکہ اسی مقدمے میں داماد یعقوب مسیح کو 2 سال قید اور 20 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی۔ عدالتی ریکارڈ کے مطابق تھانہ شمالی چھاؤنی پولیس نے 2025ء میں اس کیس کا چالان عدالت میں پیش کیا تھا۔ دوران سماعت مدعیہ فوزیہ کی جانب سے حافظ اسرار الحق ایڈووکیٹ نے 13 گواہان کے بیانات قلمبند کرائے، جس پر عدالت نے جرم ثابت ہونے پر سزا سنائی۔

بقیہ سحر 70

سخ رہی۔ مختلف مقامات پر برائلر گوشت سرکاری نرخنامے سے 20 روپے زائد قیمت پر فروخت کیا گیا۔

بقیہ سحر 71

میل ہے جس سے ملک میں نیو انرجی گاڑیوں کی مقامی تیاری کو فروغ ملنے اور آٹو موبائل شعبے میں چینی کمپنیوں کے بڑھتے ہوئے کردار میں اضافہ متوقع ہے۔ پاکستان میں الیکٹرک اور دیگر نئی ٹیکنالوجی سے لیس گاڑیوں کی طلب بتدریج بڑھ رہی ہے

بقیہ سحر 72

درج کرتے ہوئے ملزم کی تلاش شروع کی۔ پولیس کے مطابق ملزم کو چند گھنٹوں کے اندر ٹریس کر کے گرفتار کر لیا گیا جس کے بعد اسے مزید تفتیش کے لیے انویسٹی گیشن ونگ کے حوالے کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق واقعے کی مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ سحر 73

کیا کہ پی ایس بی کے منظور شدہ بجٹ سے 19 کروڑ 40 لاکھ روپے مبینہ طور پر پاکستان ہاکی فیڈریشن کے بین الاقوامی دوروں کے لئے منتقل کیے گئے، جس کے باعث پنشن کے لئے مختص رقم ختم ہوگئی۔ کمیٹی نے وفاقی وزیر رانا ثنا اللہ خان اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ پنشن فوری بحال کر کے تین ماہ کے بقایاجات بھی ادا کئے جائیں۔

بقیہ سحر 74

عظمت علی نے ایسوسی ایشن کے نمائندوں سے ملاقات کی اور ان کی حمایت طلب کی۔ ان کا پرتپاک استقبال خالد رفیق، وائس چیئرمین پنجاب؛ مسرور بانی اور ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن؛ الطاف جنجوعہ؛ یونس یوسفزئی؛ امان اللہ خان؛ اور تیمور سعید نے کیا۔ ایسوسی ایشن کے نمائندوں نے سید عظمت علی کو وژن الائنس کی بھرپور حمایت کی یقین دہانی کرائی اور ایل سی سی آئی انتخابات کے دوران تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ سحر 75

لیے گارڈین اور اپیلٹ کورٹ سے رجوع کرنے کی ہدایت کر دی۔ جسٹس عبہر گل خان نے نابالغ بیٹے سے ملاقات سے متعلق درخواست پر تحریری حکم جاری کر دیا۔ عدالت نے قرار دیا کہ والد کی شکایت کا معاملہ پہلے ہی گارڈین اور اپیلٹ کورٹ میں زیر سماعت ہے، اس لیے ہائیکورٹ نے 7 ستمبر کے گارڈین جج کے حکم کی معطلی کے معاملے میں مداخلت سے گریز کیا۔

بقیہ سحر 76

دی جائے گی۔ ترجمان نے بتایا کہ کانفرنس میں واٹر سپلائی، سینی ٹیشن، ماحولیات، واٹر گورننس، پبلک ہیلتھ اور دیگر متعلقہ موضوعات پر مختلف سیشنز منعقد کیے جائیں گے۔ ملکی و غیر ملکی محققین اپنے تحقیقی مقالے پیش کریں گے، جبکہ تحقیقی مقالے جمع کروانے کی آخری تاریخ 15 اکتوبر 2026ء مقرر کی گئی ہے۔

بقیہ سحر 77

جبکہ چوری کی روک تھام کے لیے ہیومن انٹیلی جنس اور جدید ٹیکنالوجی سے بھرپور استفادہ کرنے پر بھی تبادلہ خیال ہوا۔

بقیہ سحر 78

۔وکیل درخواست گزار کے مطابق حماد اظہر کا 20 روز ریمانڈ دیا گیا ہم نے اس ریمانڈ کو چیلنج کرنا ہے، ملاقات نہ ہونے سے وکالت نامے پر دستخط نہیں ہو رہے، ہمارا آئینی حق مجروح ہو رہا ہے۔ عدالت نے استفسار کیا کہ وکالت نامے پر دستخط کے لئے آپ نے سپرنٹنڈنٹ جیل کو درخواست دی ہے؟ جس پر وکیل ابوذر سلیمان نیازی نے بتایا کہ ملزم جیل نہیں بلکہ پولیس کی کسٹڈی میں ہے۔ جسٹس شہباز رضوی نے کہا کہ جی سرکاری وکیل صاحب آپ بتائیے کیا کہتے ہیں۔ سرکاری وکیل نے بتایا کہ ملزم ایک سیاسی شخصیت ہے،

بقیہ سحر 79

رفیق نے کہا کہ عالمی یوم امن ہمیں برداشت اور رواداری پر عمل پیرا ہونے کے عزم کا سبق دیتا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق تشدد، نفرت اور انتہا پسندی کے خاتمے کیلئے کوشاں ہیں۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ تشدد اور انتشار کا راستہ اپنانے والے پاک سرزمین کی ترقی و خوشحالی کے دشمن ہیں۔ خدا کرے کہ میری ارض پاک پر اترے وہ فصلِ گل جسے اندیشہ زوال نہ ہو۔

لاہور ریجن کرکٹ ایسوسی ایشن کے صدر خواجہ ندیم احمد بیرون ملک نجی دورے کے بعد وطن واپس پہنچ گئے

دفتر آمد کے بعد انہوں نے لاہور ریجن میں جاری کرکٹ سرگرمیوں، انتظامی امور اور مختلف پروگرامز کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ حاصل کی

لاہور (سپورٹس رپورٹر) لاہور ریجن کرکٹ ایسوسی ایشن کے صدر خواجہ ندیم احمد بیرونِ ملک نجی دورے کے بعد وطن واپس پہنچ گئے اور اپنے دفتر میں دوبارہ ذمہ داریاں سنبھال لیں۔ دفتر آمد کے بعد انہوں نے لاہور ریجن میں جاری کرکٹ سرگرمیوں، انتظامی امور اور مختلف پروگرامز کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ حاصل کی۔ اس موقع پر راوی زون کے صدر محمد اعجاز بٹ، ماڈل ٹاؤن زون کے صدر ملک عمران بچہ اور کینٹ زون کے صدر مشہود حسین شیرازی نے صدر لاہور ریجن سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ تینوں زونل صدور نے اپنے اپنے زونز میں جاری کلب کرکٹ ٹورنامنٹس، میچز کے انعقاد اور دیگر کرکٹ سرگرمیوں کے حوالے سے خواجہ ندیم احمد کو تفصیلی بریفنگ دی۔ منیجر کرکٹ آپریشنز عابد حسین نے بھی صدر لاہور ریجن کو ریجن میں جاری تمام کرکٹ سرگرمیوں، انتظامی امور، ٹورنامنٹس اور آئندہ کے شیڈول کے حوالے سے جامع بریفنگ فراہم کی۔ خواجہ ندیم احمد نے ریجن میں جاری کرکٹ سرگرمیوں پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ہدایت کی کہ تمام پروگرامز کو میرٹ، شفافیت اور بہترین انتظامی نظم وضبط کے ساتھ آگے بڑھایا جائے۔ قومی انڈر 19 ٹورنامنٹ میں لاہور ریجن بلوز اور لاہور ریجن وائٹس کی کارکردگی کے حوالے سے بھی صدر لاہور ریجن نے ٹیم مینیجرز سے تفصیلی گفتگو کی۔ انہوں نے دونوں ٹیموں کی کارکردگی، کھلاڑیوں کی پیش رفت اور ٹورنامنٹ میں جاری مقابلوں کے بارے میں معلومات حاصل کیں اور لاہور ریجن کی ٹیموں کی مجموعی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا۔ اجلاس کے دوران لاہور ریجن میں جاری سکول کرکٹ پروگرام اور آئندہ کے شیڈول کے حوالے سے بھی خواجہ ندیم احمد کو مکمل تفصیلات فراہم کی گئیں۔ انہوں نے کہا کہ سکول کرکٹ کسی بھی ملک میں کرکٹ کے فروغ اور باصلاحیت نوجوان کھلاڑیوں کی تلاش کا بنیادی ذریعہ ہے، اس لیے لاہور ریجن میں سکول کرکٹ پروگرام کو بھرپور انداز میں کامیاب بنانا اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ خواجہ ندیم احمد نے چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن رضا نقوی کی جانب سے سکول کرکٹ کے انعقاد کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس اقدام سے گراس روٹ لیول پر کرکٹ کی سرگرمیوں میں نئی روح پیدا ہوئی ہے۔ سکولوں کی سطح پر منظم کرکٹ مقابلوں کا انعقاد نوجوان کھلاڑیوں کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے مواقع فراہم کرے گا اور مستقبل کے باصلاحیت کرکٹرز کی تلاش میں اہم کردار ادا کرے گا۔ صدر لاہور ریجن نے انڈر 19 کرکٹ میں پہلی مرتبہ کھلاڑیوں کے لیے کنٹریکٹس متعارف کرانے کے چیئرمین پی سی بی کے اقدام کو بھی خوش آئند قرار دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ نوجوان کھلاڑیوں کو اس سطح پر کنٹریکٹس فراہم کرنے سے نہ صرف ان کی حوصلہ افزائی ہوگی بلکہ انہیں اپنی کرکٹ پر مکمل توجہ مرکوز کرنے اور مستقبل میں اعلیٰ سطح کی نمائندگی کے لیے مزید محنت کرنے کا بھی حوصلہ ملے گا۔ خواجہ ندیم احمد نے اس عزم کا اظہار کیا کہ لاہور ریجن کرکٹ ایسوسی ایشن گراس روٹ سے لے کر اعلیٰ سطح تک کرکٹ کے فروغ، نوجوان ٹیلنٹ کی حوصلہ افزائی اور کلب، زونل، سکول اور انڈر 19 کرکٹ کے

محمد اعجاز بٹ اور مشہود حسین شیرازی کا صدر لاہور ریجن کرکٹ ایسوسی ایشن خواجہ ندیم احمد کے ساتھ گروپ فوٹو

ایشین گیمز کیلئے پاکستان وائٹ بال ٹیم کا تربیتی کیمپ شروع

چار روزہ کیمپ میں بیٹنگ، بولنگ اور فیلڈنگ کی مشقیں، 21 رکنی قومی دستہ 24 ستمبر کی درمیانی شب جاپان روانہ ہوگا

لاہور (این این آئی) ایشین گیمز 2026ء کے لیے پاکستان وائٹ بال کرکٹ ٹیم کے مختصر تربیتی کیمپ کا آغاز ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق حنیف محمد ہائی پرفارمنس سینٹر، نیشنل سٹیڈیم میں چار روزہ تربیتی کیمپ جمعرات تک جاری رہے گا۔ پہلے دن قومی سکواڈ میں شامل کھلاڑیوں نے مختلف مشقیں کیں جن میں بولنگ، بیٹنگ اور فیلڈنگ شامل ہیں۔ کیمپ کے اختتام پر پاکستان سکواڈ کی جاپان روانگی طے ہے، 5 کھلاڑی عثمان خان، صائم ایوب، معاذ صداقت، حسن نواز اور سفیان مقیم لیگ مصروفیات کے بعد سکواڈ کا حصہ بنیں گے، 24 ستمبر کی درمیانی شب 21 رکنی قومی دستہ جاپان روانہ ہو جائے گا۔ قومی سکواڈ میں صاحبزادہ فرحان (کپتان)، عبدالصمد (نائب کپتان)، ابرار احمد، احمد دانیال، عاکف جاوید، علی رضا، عرفات منہاس، حیدر علی، حسن نواز، معاذ صداقت، محمد وسیم جونیئر، سعد مسعود، صائم ایوب، سفیان مقیم اور عثمان خان (وکٹ کیپر) شامل ہیں۔ 5 رکنی سپورٹ سٹاف مائیک ہیسن (ہیڈ کوچ)، ایشلے نوفکے (بولنگ کوچ)، شین میکڈرماٹ (فیلڈنگ کوچ)، محمد طاہر (فزیو تھراپسٹ)، عمران اللہ (ٹرینر) اور عثمان ہاشمی (اینالسٹ) پر مشتمل ہے۔ واضح رہے کہ جاپان میں جاری ایشین گیمز میں مینز کرکٹ ٹورنامنٹ کا آغاز 24 ستمبر سے ہوگا، ابتدائی راؤنڈ میں 6 ٹیمیں شرکت کریں گی جن میں سے 4 کوارٹر فائنل میں جگہ میں بنائیں گی۔ 24 ستمبر کو افغانستان کا جاپان اور ہانگ کانگ کا ملائیشیا، 25 ستمبر کو ہانگ کانگ کا عمان اور افغانستان کا نیپال جبکہ 26 ستمبر کو جاپان کا نیپال اور ملائیشیا کا عمان سے مقابلہ طے ہے۔ 28 ستمبر کو پہلے کوارٹر فائنل میں پاکستان، دوسرے کوارٹر فائنل میں بھارت، 29 ستمبر کو تیسرے کوارٹر فائنل میں سری لنکا اور چوتھے کوارٹر فائنل میں بنگلا دیش اپنی حریف ٹیموں سے مقابلہ کریں گے

پریذیڈنٹ ٹرافی گریڈ ون کا دوسرا راؤنڈ اختتام پذیر

کھیل کے چوتھے روز او جی ڈی سی ایل نے کنگز مین اکیڈمی کو نو وکٹوں سے شکست دے دی

لاہور (سپورٹس رپورٹر) پریذیڈنٹ ٹرافی گریڈ ون کا دوسرا راؤنڈ اختتام پذیر۔ کھیل کے چوتھے روز او جی ڈی سی ایل نے کنگز مین اکیڈمی کو نو وکٹوں سے شکست دے دی۔ او جی ڈی سی ایل نے دن کے آغاز پر مزید درکار 36 رنز سکور کر کے 121 کا ہدف بآسانی حاصل کر لیا او جی ڈی سی ایل کے اوپننگ بلے باز وقار احمد کے ناقابل شکست 75 رنز بنائے کے آر ایل اور ایم آئی ٹی سلیوشنز، پی ٹی وی اور سٹیٹ بینک کے میچز ڈرا ہو گئے شعیب اختر سٹیڈیم راولپنڈی میں کے آر ایل کی ٹیم نے اپنی پہلی اننگز میں پانچ آؤٹ 423 رنز سے دن کا آغاز کیا کے آر ایل کی ٹیم ایم آئی ٹی کے خلاف پہلی اننگز میں 490 پر آل آؤٹ ہو گئی، فہیم اشرف کے 69 رنز کے آر ایل کو پہلی اننگز میں 170 رنز کا خسارہ۔ ایم آئی ٹی کی ٹیم دوسری اننگز میں پچاس اوورز میں نو وکٹوں کے نقصان پر 167 رنز بنا سکی۔ کے آر ایل کے کپتان افتخار احمد کی آٹھ اوورز میں 18 رنز کے عوض پانچ وکٹیں حاصل کیں۔ افتخار احمد نے فرسٹ کلاس کیریئر میں تیسری مرتبہ ایک اننگز میں پانچ وکٹیں حاصل کی ہیں ایبٹ آباد میں سٹیٹ بینک نے سوموار کی صبح دوسری اننگز کا آغاز 84 رنز پر چار آؤٹ اور 48 رنز کی برتری سے کیا سٹیٹ بینک کے کپتان غازی غوری، عابد علی اور کاشف بھٹی نے نصف سنچریاں سکور کر کے پی ٹی وی کی جیت کی امید ختم کی سٹیٹ بینک نے دوسری اننگز آٹھ وکٹوں کے نقصان پر 328 رنز پر ڈکلیئر کی اور پی ٹی وی کو جیتنے کے لیے 27 اوورز میں 293 رنز کا ٹارگٹ دیا پی ٹی وی نے جواب میں 12 اوورز میں ایک وکٹ کے نقصان پر 64 رنز بنائے ٹورنامنٹ کے تیسرے راؤنڈ کا آغاز جمعرات کو اسلام آباد، ایبٹ آباد اور پشاور میں ہوگا ٹورنامنٹ کے شعیب اختر سٹیڈیم راولپنڈی میں ہونے والے بقیہ میچز نیشنل کرکٹ گراؤنڈ اسلام آباد میں کھیلے جائیں گے شعیب اختر سٹیڈیم راولپنڈی میں گریڈ ٹو گولڈ کے میچز کھیلے جائیں گے پوائنٹس ٹیبل پر دو راؤنڈز کے بعد غنی 36 پوائنٹس کے ساتھ پہلے، او جی ڈی سی ایل 31 کے ساتھ دوسرے اور پی ٹی وی 22 پوائنٹس کے ساتھ تیسرے نمبر پر موجود ہے۔۔۔

دوسری کوآپریٹو فرینڈز کرکٹ لیگ 2026 میں گذشتہ روز مزید ایک میچ کا فیصلہ نوامیڈ نے یو بی سپورٹس کو 44 رنز سے ہرادیا

لاہور (سپورٹس رپورٹر) دوسری کوآپریٹو فرینڈز کرکٹ لیگ 2026 میں گذشتہ روز مزید ایک میچ کا فیصلہ نوامیڈ نے یو بی سپورٹس کو 44 رنز سے ہرادیا۔ نوامیڈ نے پہلے کھیلتے ہوئے مقررہ 18 اوورز میں نو وکٹوں کے نقصان پر 99 رنز بنائے جس میں طیب علی 24 اعجاز 18 اور نعیم اختر نے 11 رنز بنائے۔ یو بی سپورٹس کی جانب سے الیاس نے تین امجد حسین اور حیدر نے 2 دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ لو سکورنگ میچ میں یو بی سپورٹس 99 رنز کے تعاقب میں صرف 55 رنز 13 اوورز میں بنا کر آؤٹ ہوگئی یو بی سپورٹس کیانیس 31 رنز سب سے زیادہ رن بنانے والے بلے باز رہے۔ انکے علاوہ کوئی کھلاڑی ڈبل فگر میں نہ پہنچ سکا۔ اسحاق خان اور شاہد نے 5 پانچ رنز بنائے۔ نوامیڈ کے مشتاق احمد اور ذیشان نے تین عمر طاہر نے دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا ذیشان کو نو رنز کے عوض 3 کھلاڑی آؤٹ کرنے پر مین آف دی میچ قرار دیا گیا۔

یونیورسٹی طلبہ کو عملی صنعتی تجربہ فراہم کرنے کے لیے مفاہمتی یادداشت پر دستخط

مفاہمتی یادداشت کے تحت سٹوڈنٹ انڈسٹریل لٹریسی پروگرام شروع کیا جائے گا، صدر چیمبر

لاہور (کامرس رپورٹر) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور نیشنل کمیشن فار ہیومن ڈویلپمنٹ پنجاب نے صنعتی کارکنوں میں خواندگی کے فروغ اور یونیورسٹی طلبہ کو عملی صنعتی تجربہ فراہم کرنے کے لیے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے ہیں۔ مفاہمتی یادداشت کے تحت سٹوڈنٹ انڈسٹریل لٹریسی پروگرام شروع کیا جائے گا، جس میں لاہور چیمبر، یونیورسٹیاں اور این سی ایچ ڈی مشترکہ طور پر کام کریں گے۔ پروگرام کا بنیادی مقصد لاہور چیمبر کی رکن صنعتوں میں فلور لیول کارکنوں کو خواندگی کی سہولت فراہم کرنا اور یونیورسٹی طلبہ کو صنعتی ماحول میں انٹرن شپ کے مواقع دینا ہے۔ پروگرام کے تحت 24 ماہ کی مدت میں لاہور چیمبر کی رکن صنعتوں کے فلور لیول کارکنوں میں 100 فیصد خواندگی حاصل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ صنعتی اداروں کو خواندگی کے پروگرام کے لیے روزانہ ایک گھنٹہ، ہفتے میں پانچ دن، 12 ہفتوں تک بامعاوضہ تعلیمی وقت فراہم کرنے کی ترغیب دی جائے گی۔ لاہور چیمبر کے صدر فہیم الرحمٰن سہگل نے اس موقع پر کہا کہ صنعتی ترقی کے لیے صرف جدید ٹیکنالوجی اور سرمایہ کاری ہی کافی نہیں بلکہ ہنرمند، تعلیم یافتہ اور باصلاحیت افرادی قوت بھی ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ صنعتی کارکنوں کو بنیادی خواندگی فراہم کرنے سے نہ صرف ان کی ذاتی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ ہوگا بلکہ صنعتوں میں کام کے معیار، حفاظت اور پیداواری صلاحیت میں بھی بہتری آئے گی۔ لاہور چیمبر کی رکن صنعتوں میں 100 فیصد خواندگی کا ہدف ایک عملی اور دیرپا اقدام ہے جس کے مثبت اثرات صنعت اور کارکن دونوں پر مرتب ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس پروگرام کا دوسرا اہم پہلو یونیورسٹی طلبہ کو صنعت کے ساتھ جوڑنا ہے، جس سے انہیں عملی تجربہ حاصل ہوگا اور وہ اپنی تعلیمی صلاحیتوں کو حقیقی صنعتی ماحول میں استعمال کر سکیں گے۔ فہیم الرحمٰن سہگل نے کہا کہ لاہور چیمبر صنعت، تعلیمی اداروں اور ترقیاتی اداروں کے درمیان روابط کو مزید مضبوط بنانے کے لیے اپنا کردار ادا کرتا رہے گا تاکہ نوجوانوں کو عملی مواقع، صنعت کو بہتر افرادی قوت اور معاشرے کو زیادہ تعلیم یافتہ اور باصلاحیت ورک فورس فراہم کی جا سکے۔ مزید براں اس اقدام کے تحت یونیورسٹی طلبہ کو صنعتی اداروں میں باقاعدہ انٹرن شپ فراہم کی جائے گی۔ طلبہ خواندگی کے عمل میں بطور استاد خدمات انجام دیں گے اور اس دوران انہیں صنعتی ماحول، ورک فورس اور صنعتی تقاضوں سے عملی واقفیت حاصل ہوگی۔ لاہور چیمبر پروگرام کے لیے رکن صنعتوں کو متحرک کرنے، ممکنہ ناخواندہ کارکنوں کی فہرست تیار کرنے، اساتذہ کے انتخاب، تربیت و نگرانی کے لیے لاجسٹک معاونت، ریکارڈ رکھنے اور پروگرام مکمل کرنے والے کارکنوں و سپروائزرز کو سرٹیفکیٹس کی فراہمی میں کردار ادا کرے گا۔ این سی ایچ ڈی اس پروگرام کے لیے کتابیں اور ٹیچر گائیڈز فراہم کرے گا۔

علیمہ کے بعد نورین نیازی اور عظمیٰ خان بھی 30 روز کیلئے نظر بند

علیمہ خانم کی رہائشگاہ سے انکی بہنوں، بھانجوں کو حراست میں لیا گیا، بکتر بند گاڑی کے ذریعے منتقل کیا گیا، بھانجوں کو رات گئے چھوڑ دیا گیا/ پولیس کی سفارش پر ڈپٹی کمشنر نے تین ایم پی او کے تحت نظری بندی کے احکامات دیئے

عظمیٰ خانم اور نورین نیازی کو دیگر کے ہمراہ رات گئے گرفتار کیے جانے کے بعد دیگر اہل خانہ کو چھوڑ دیا گیا، دونوں بہنوں کو 30 روز کے لیے نقص امن کے خطرے کے پیش نظر جیل بھجوایا گیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے 27 ستمبر کے احتجاج کی کال کے پیش نظر کریک ڈاؤن جاری ہے اور بانی پی ٹی آئی عمران خان کی بہن علیمہ خانم کے بعد عظمیٰ خانم اور نورین نیازی کو بھی گرفتار کر کے نظر بند کر دیا گیا۔ عظمیٰ خانم اور نورین نیازی کو ڈپٹی کمشنر لاہور کے احکامات پر تیس دن کے لیے نظر بند کیا گیا۔ پولیس کی سفارش پر تین ایم پی او کے تحت نظری بندی کی گئی جبکہ علیمہ خانم کے دونوں بیٹوں کو رہا کر دیا گیا۔ عظمیٰ خانم اور نورین نیازی کو رات گئے کوٹ لکھپت جیل منتقل کیا گیا۔ ذرائع نے بتایا کہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے علیمہ خانم کی رہائشگاہ سے ان کی بہنوں اور بھانجوں کو حراست میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر40)

لاہور: صوبائی وزیر صحت وایمرجنسی سروسز پنجاب خواجہ سلمان رفیق محکمہ ایمرجنسی سروسز میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

راولپنڈی، ہولی فیملی ہسپتال میں 100 بیڈز کے کینسر ٹریٹمنٹ ٹاور کی منظوری

راولپنڈی ڈویژن کے کسی سرکاری ہسپتال میں کینسر ٹریٹمنٹ کا نظام موجود نہیں تھا، کینسر ٹاور کی تعمیر کیلئے پی سی ون کی تیاری شروع

ہولی فیملی ہسپتال میں 2024 میں وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر اسٹروک سینٹر قائم کیا گیا تھا

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پنجاب حکومت کا راولپنڈی ڈویژن کے لیے کا بڑا فیصلہ، وزیراعلیٰ مریم نواز نے ہولی فیملی ہسپتال میں کینسر ٹریٹمنٹ ٹاور کی منظوری دے دی۔ راولپنڈی ڈویژن کے کسی سرکاری ہسپتال میں کینسر ٹریٹمنٹ کا نظام موجود نہیں تھا، ہولی فیملی ہسپتال میں کینسر ٹاور کی تعمیر کے لیے پی سی ون کی تیاری شروع کر دی گئی۔ کینسر ٹاور مکمل ہونے تک ماہر ڈاکٹرز، عملہ اور ضروری طبی مشینری کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی۔ ہولی فیملی ہسپتال میں کینسر کے علاج کے لیے کیرو ایبلیشن مشین پہلے ہی پہنچ چکی ہے جس کی تنصیب کا عمل جاری ہے۔ بریسٹ، پھیپھڑوں، جگر اور گردے کے کینسر کے مریضوں کے لیے کیرو ایبلیشن مشین جلد فعال کر دی جائے گی۔ دوسری جانب ہولی فیملی ہسپتال کے اسٹروک سینٹر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50)

پی ٹی آئی مارچ: اسلام آباد پولیس نے ہماری ایک ہزار گاڑیاں پکڑی ہوئی ہیں کرائے پر نہیں لیں، گڈز ٹرانسپورٹ

بیشتر گاڑیاں لوڈ ہیں اور انہیں مختلف چوراہوں پر کھڑا کر دیا ہے، یہ کہنا غلط ہے کہ انہیں کرائے پر حاصل کیا گیا، صدر

گاڑیوں کے ڈرائیورز کو تحفظ، کھانے پینے اور واش روم کی سہولیات فراہم کی جائیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) صدر آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اونرز ایسوسی ایشن اویس چودھری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ اسلام آباد میں گڈز ٹرانسپورٹرز کی ایک ہزار سے زائد گاڑیاں گزشتہ دو ہفتوں سے پولیس کے قبضے میں ہیں انہیں کرائے پر حاصل کرنے کا تاثر درست نہیں۔ اپنے بیان اویس چوہدری نے کہا کہ کنٹینرائزڈ کارگو، فلیٹ بیڈ، اوپن باڈی، دس ویلر اور مزدا سمیت مختلف گاڑیاں پکڑی گئی ہیں، بیشتر گاڑیاں لوڈ ہیں اور انہیں مختلف چوک چوراہوں میں کھڑا کیا گیا ہے، گاڑیوں کو کرائے پر حاصل کرنے اور یومیہ 20 ہزار روپے دینے کا تاثر درست نہیں۔ اویس چوہدری نے کہا کہ کسی ٹرانسپورٹر کو تاحال (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52)

لاہور: قومی انسداد پولیو مہم کے تحت ریلوے اسٹیشن پر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جا رہے ہیں

عوام کو ریلیف دینے کیلئے پٹرولیم لیوی کو مکمل ختم کیا جائے، حافظ نعیم الرحمن

لیوی ٹیکس کی وجہ سے 135 ارب روپے کا بوجھ عوام پر ڈال دیا گیا، عوام کو مہنگائی کے طوفان سے نکالا جائے، عوام کو ریلیف دینے کیلئے پٹرولیم لیوی کو مکمل ختم کیا جائے

احتجاجی مارچ کا پہلا مرحلہ کامیابی کے ساتھ مکمل کر لیا گیا ہے، جماعت اسلامی کا مقصد جلاؤ گھیراؤ یا تشدد ہرگز نہیں ہے، امیر جماعت اسلامی

سکھر (مانیٹرنگ ڈیسک) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ عوام کو ریلیف دینے کیلئے پٹرولیم لیوی کو مکمل ختم کیا جائے۔ سکھر میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان کا کہنا تھا کہ لیوی کے مسئلے پر مذاکرات کے پانچ دور ہو چکے ہیں، حکومت کہتی ہے لیوی نہیں لیں گے، تو پھر بتائیں پیسے کہاں سے آئیں گے۔ انہوں نے کہا کہ لیوی ٹیکس کی وجہ سے 135 ارب روپے کا بوجھ عوام پر ڈال دیا گیا، عوام کو مہنگائی کے طوفان سے نکالا جائے، عوام کو ریلیف دینے کیلئے پٹرولیم لیوی کو مکمل ختم کیا جائے، بڑھتی ہوئی مہنگائی نے عام شہری کا جینا مشکل بنا دیا ہے۔ امیر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر55)

پی ایس بی کے 253 پنشنرز کی پنشن جون سے بند ہونے پر اظہار تشویش

پنشن کی بندش سے شدید مالی مشکلات، ایک ریٹائرڈ مالی جاں بحق، تین ماہ کے بقایاجات سمیت پنشن فوری بحال کرنے کا مطالبہ

لاہور (سپورٹس رپورٹر) پاکستان اسپورٹس بورڈ کے 253 ریٹائرڈ ملازمین، بیواؤں اور یتیموں کی پنشن جون 2026ء سے بند ہونے پر پنشنرز ایکشن کمیٹی نے شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ کمیٹی کے مطابق پنشن کی بندش سے پنشنرز شدید مالی مشکلات اور ذہنی اضطراب کا شکار ہیں جبکہ ایک ریٹائرڈ مالی عبدالقادر یکم اگست 2026ء کو دل کا دورہ پڑنے سے جاں بحق ہو چکے ہیں۔ کمیٹی نے الزام عائد (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 73)

لاہور: صوبائی وزیر محنت محمد منشاء اللہ بٹ کپاس کی پکار موبائل ایپلیکیشن کا افتتاح کر رہے ہیں

پنجاب میں پہلی بین الاقوامی سسٹین ایبل، سمارٹ اینڈ کلائمیٹ ریزیلینٹ واٹر سسٹمز کانفرنس کے انعقاد کا فیصلہ

بین الاقوامی کانفرنس کا انعقاد صوبائی دارالحکومت لاہور میں مارچ 2027ء میں کیا جائے گا

لاہور (وقائع نگار) پنجاب میں پہلی بین الاقوامی سسٹین ایبل، سمارٹ اینڈ کلائمیٹ ریزیلینٹ واٹر سسٹمز کانفرنس کے انعقاد کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ بین الاقوامی کانفرنس کا انعقاد صوبائی دارالحکومت لاہور میں مارچ 2027ء میں کیا جائے گا۔ تین روزہ کانفرنس پنجاب واسا، الجزاری واٹر اکیڈمی، یونیسیف، آگاہی، ویلٹ ہنگر ہائی لائف اور دیگر ڈویلپمنٹ پارٹنرز کے اشتراک سے منعقد ہوگی۔ محکمہ ہاؤسنگ کے ترجمان کے مطابق کانفرنس میں غیر ملکی محققین اور ماہرین خصوصی شرکت کریں گے، جبکہ متعلقہ سرکاری و نجی اداروں، تعلیمی اداروں، این جی اوز، ڈویلپمنٹ پارٹنرز اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کو بھی شرکت کی دعوت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر76)

حماد اظہر سے فیملی، وکلاء کی ملاقات کی درخواست پر فیصلہ محفوظ

ملاقات نہ ہونے سے وکالت نامے پر دستخط نہیں ہو رہے، ہمارا آئینی حق مجروح ہو رہا ہے' وکیل

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے پی ٹی آئی رہنما و سابق وفاقی وزیر میاں حماد اظہر سے فیملی اور وکلاء کی ملاقات کے لیے دائر درخواست پر فیصلہ محفوظ کر لیا۔ جسٹس شہباز رضوی کی سربراہی میں دو رکنی بینچ نے حماد اظہر کی والدہ کی درخواست پر سماعت کی۔ وکیل ابوذر سلیمان نیازی نے موقف اپنایا کہ اے ٹی سی جج نے فیملی اور وکلاء سے ملاقات کی درخواست خارج کی، اے ٹی سی جج نے درخواست گزار کو پولیس سے رجوع کرنے کی ہدایت کی۔ پولیس والے تو ہمیں تھانے کے اندر داخل نہیں ہونے دیتے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 78)

امن کی خاطر جان قربان کرنیوالے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں

خواجہ سلمان رفیق

پاکستان کی تعمیر و ترقی پائیدار امن میں مضمر ہے۔ امن ترقی و خوشحالی کی بنیادی اکائی ہے، پاکستان کے ان شہداء نے اپنی جان و مال کی قربانی دے کر کئی نسلوں کو بچایا ہے

تشدد اور انتشار کا راستہ اپنانے والے پاک سرزمین کی ترقی و خوشحالی کے دشمن ہیں۔ خدا کرے کہ میری ارض پاک پر اترے وہ فصلِ گل جسے اندیشۂ زوال نہ ہو

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن و امان خواجہ سلمان رفیق نے عالمی یومِ امن پر اپنے پیغام میں کہا کہ قیام امن کیلئے سرحدوں کی حفاظت پر مامور افواج و دیگر سکیورٹی فورسز، امن و امان کے لئے سرگرم عمل پولیس و دیگر اداروں کے جوانوں اور امن کی خاطر جان قربان کرنے والے شہداء کو سلام اور خراجِ عقیدت پیش کرتے ہیں۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ پاکستان کی تعمیر و ترقی پائیدار امن میں مضمر ہے۔ امن ترقی و خوشحالی کی بنیادی اکائی ہے۔ پاکستان کے ان شہداء نے اپنی جان و مال کی قربانی دے کر کئی نسلوں کو بچایا ہے۔ صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن و امان خواجہ سلمان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 79)

لاہور: صوبائی وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

جماعت اسلامی کیخلاف شبر زیدی کے الزامات، ایف آئی اے سے ابتدائی رپورٹ طلب

کراچی (بیورو رپورٹ) جماعت اسلامی پر پیسے لیکر احتجاج کا الزام، شبر زیدی کیخلاف ڈائریکٹ کمپلین پر عدالت نے ایف آئی اے کو 30 دن میں ابتدائی رپورٹ جمع کرانے کی ہدایت کر دی۔ سابق چیئرمین ایف بی آر شبر زیدی کیخلاف جماعت اسلامی کراچی کے جنرل سیکریٹری توفیق الدین صدیقی نے شکایت دائر کی ہے۔ کمپلین کے مطابق شبر زیدی نے 10 جون کو آن لائن انٹرویو میں جماعت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49)

بہاولپور، اوکاڑ، پتوکی، ایک بیوی نے شوہر، دو نے بیویوں کو قتل کر دیا

بہاولپور، اوکاڑہ، پتوکی (مانیٹرنگ ڈیسک) بہاول پور کے علاقے شمس کالونی میں بیوی نے فائرنگ کر کے شوہر کو قتل کر دیا۔ پولیس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51)

وفاقی وزیر صحت کا وزیر اعظم کی فوکل پرسن برائے انسدادِ پولیو عائشہ رضا فاروق کے ہمراہ ذیلی قومی انسدادِ پولیو مہم کا افتتاح

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیرِ صحت سید مصطفیٰ کمال نے وزیراعظم کی فوکل پرسن برائے انسدادِ پولیو عائشہ رضا فاروق کے ہمراہ ذیلی قومی انسدادِ پولیو مہم کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیرِ صحت اور وزیراعظم کی فوکل پرسن برائے انسدادِ پولیو نے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53)

نئے سکولوں کو صرف عمارتیں نہیں بلکہ تعلیم، خواندگی اور سماجی ترقی کے مراکز بنایا جائے گا اور کسی بچے کو تعلیم سے محروم نہیں رہنے دیا جائے گا، مراد علی شاہ

کراچی (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے کہا کہ نئے سکولوں کو صرف عمارتیں نہیں بلکہ تعلیم، خواندگی اور سماجی ترقی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54)

مانگا منڈی پولیس کی بروقت کارروائی، بچے سے بدفعلی کی کوشش کرنیوالا استاد گرفتار

لاہور (کرائم رپورٹر) مانگا منڈی پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے کمسن بچے سے مبینہ بدفعلی کی کوشش کرنے والے استاد کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزم عاقب نے مبینہ طور پر بچے کو ڈرا دھمکا کر بدفعلی کی کوشش کی۔ واقعے کی اطلاع ملنے پر مانگا منڈی پولیس نے فوری مقدمہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 72)

میڈیکل ڈیوائسز ایسوسی ایشن کا لاہور چیمبر انتخابات میں وژن الائنس کی حمایت کا اعلان

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان پری اونڈ میڈیکل ڈیوائسز ایسوسی ایشن نے لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے انتخابات میں وژن الائنس (پینل 1 تا 15) کی غیر مشروط حمایت کا اعلان کیا ہے۔ ایسوسی ایٹ کلاس کے امیدوار سید (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 74)

لاہور ہائیکورٹ نے یوٹیوبر رجب علی بٹ کی کمسن بیٹے سے ملاقات کے معاملے پر دائر رٹ درخواست نمٹا دی

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے یوٹیوبر رجب علی بٹ کی کمسن بیٹے سے ملاقات کے معاملے پر دائر رٹ درخواست نمٹا دی اور والد کو ملاقات سے متعلق انتظامات کی بحالی کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 75)

چوری شدہ موبائل فونز کے آئی ایم ای آئی نمبرز تبدیل کرنے والے عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن کا فیصلہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) کیپٹل سٹی پولیس آفیسر لاہور بلال صدیق کمیانہ کی زیر صدارت شہر میں چوری کی وارداتوں کی روک تھام سے متعلق ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں چوری کی وارداتوں میں ملوث منظم گینگز کی سرکوبی کیلئے مختلف اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں چوری کی وارداتوں کے ہاٹ اسپاٹس کی جیوفینسنگ اور ان مقامات کی مؤثر نگرانی کے حوالے سے غور و خوض کیا گیا، (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 77)

کوہاٹ، پولیس لائن مسجد دھماکے کے مزید 2 زخمی ہسپتال میں دم توڑ گئے

شہید ہونے والوں کی تعداد 25 ہوگئی، جاں بحق ہونے والوں میں ڈاکٹر رب نواز بھی شامل

کوہاٹ (مانیٹرنگ ڈیسک) پولیس لائن مسجد میں ہونے والے دھماکے کے مزید دو زخمی ہسپتال میں دم توڑ گئے جس کے بعد شہید ہونے والوں کی تعداد 25 ہوگئی۔ پولیس کے مطابق جاں بحق ہونے والوں میں ڈاکٹر رب نواز بھی شامل ہیں، جبکہ دھماکے میں زخمی ہونے والا ایک ریڑھی بان لڑکا بھی زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جان کی بازی ہار گیا۔ پولیس کے مطابق دھماکے کے زخمیوں کو مختلف ہسپتالوں میں طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے جبکہ واقعے سے متعلق مزید تحقیقات جاری ہیں۔ یاد رہے کہ 18 (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43)

جنگ ستمبر کا 21 واں روز، ٹینکوں کی بڑی لڑائی میں پاکستان کی فیصلہ کن فتح

افواج پاکستان نے سیالکوٹ، کھیم کرن اور حسینی والا سیکٹر میں اہم کامیابیاں حاصل کیں

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ستمبر 1965 کی جنگ کے 21 واں روز سیالکوٹ میں ٹینکوں کی بڑی لڑائی میں پاکستان نے فیصلہ کن فتح حاصل کی۔ افواج پاکستان نے سیالکوٹ، کھیم کرن اور حسینی والا سیکٹر میں اہم کامیابیاں حاصل کیں، سیالکوٹ کے محاذ پر پاک فوج نے دشمن کے 6 ٹینک تباہ کئے اور دشمن کو بھاری جانی نقصان پہنچایا گیا۔ پاک فوج نے فاضلکے سیکٹر میں دشمن کے 11 ٹینک، 6 مشین گن اور بہت سا گولہ بارود قبضہ میں لیا اور دشمن کی 3 اینٹی ٹینک گنز کو تباہ کر دیا، راجستھان سیکٹر میں بھارتی فوج نے پیش قدمی کرنے کی کوشش کی مگر پاکستانی فوج نے انہیں مار بھگایا۔ پاک فضائیہ نے سرگود (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44)

دریائے سندھ اور یانگ زی نے قدیم تہذیبوں کو پروان چڑھایا، تحقیق

شاہراہ قراقرم چین پاکستان دوستی کی ٹھوس گواہ ہے، چینی اسکالرز کی گفتگو

بیجنگ (مانیٹرنگ ڈیسک) چین اور پاکستان کے درمیان صدیوں پر محیط تاریخی، تہذیبی اور ثقافتی روابط پر نئی تحقیق سامنے آگئی۔ تحقیق میں دریائے سندھ اور یانگ زی کی قدیم تہذیبوں، تاریخی تجارتی راستوں، بدھ مت کے پھیلاؤ اور شاہراہ قراقرم کی تعمیر سے جڑی یادوں کو دونوں ممالک کے دیرینہ تعلقات کی اہم کڑیاں قرار دیا گیا ہے۔ دونوں ممالک سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سالگرہ منا رہے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق یہ تحقیق سنگھوا یونیورسٹی میں منعقدہ ایک مکالمے کے دوران پیش کی گئی، جہاں اسکالرز نے کثیر لسانی کتاب سندھ اور یانگ زی: ایک ہی منبع سے نکلنے والے دو دریاؤں کا سفر، دریائے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48)

اسپیشل بچوں صلاحیتوں میں کسی سے کم نہیں، ڈاکٹر رمیش کمار وانکوانی

پریم نگر کا بنیادی فلسفہ بھی یہی ہے کہ خدمتِ انسانیت میں کسی مذہب، ذات، زبان، علاقے یا سماجی حیثیت کی بنیاد پر کوئی فرق نہیں ہونا چاہیے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پریم نگر کے چیئرمین ڈاکٹر رمیش کمار وانکوانی نے کہا ہے کہ اسپیشل بچوں صلاحیتوں میں کسی سے کم نہیں۔ پریم نگر دی لینڈ آف لو کی جانب سے اسلام آباد میں منعقدہ خصوصی بچوں کے اسپورٹس مقابلوں کے فاتحین اور نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے بچوں میں انعامات تقسیم کرنے کیلئے پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ خصوصی بچوں کیلئے منعقد کیے گئے کھیلوں کے مقابلے محض ایک اسپورٹس سرگرمی نہیں بلکہ معاشرے کو یہ پیغام دینے کی ایک کوشش تھے کہ جسمانی یا ذہنی مشکلات کسی بچے کی صلاحیتوں، خوابوں اور خوشیوں کی راہ میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56)

لاہور: چیف ایگزیکٹو آفیسر پاکستان ریلوے محمد حفیظ اللہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے

پنجاب میں ٹرانسپورٹ اتھارٹی میں 332 تقرریوں کی منظوری

بھرتیوں کے لیے کوئی اضافی فنڈز فراہم نہیں کیے جائیں گے، تمام اخراجات موجودہ بجٹ سے ہی ادا کیے جائیں گے

ان بھرتیوں سے پنجاب کی 36 ضلعی ٹرانسپورٹ اتھارٹیز میں عملے کی کمی کو پورا کیا جا سکے گا، حکام

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب حکومت نے صوبے بھر میں ٹرانسپورٹ اتھارٹی کے لیے 332 نئی تقرریوں کی منظوری دے دی۔ منظوری کے مطابق گریڈ 14 کے 25 ٹرانسپورٹ افسران اور گریڈ 11 کے 25 جونیئر ٹرانسپورٹ افسران بھرتی کیے جائیں گے۔ اس کے علاوہ پنجاب ٹرانسپورٹ اتھارٹی میں 123 ہیڈ کانسٹیبلز اور 123 کانسٹیبلز کی بھرتی بھی منظور کی گئی ہے۔ محکمہ ٹرانسپورٹ کے مطابق یکمشت تنخواہی پیکیج پر 36 ڈرائیورز بھی بھرتی کیے جائیں گے، جن کا تنخواہی پیکیج چیف سیکرٹری کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 64)

پرامن اسلام آباد سپر لانگ مارچ جاری رہے گا' جماعت اسلامی پاکستان

حکومت عوام کو حقیقی ریلیف دینے کے لیے ٹھوس اقدامات کا اعلان کرے' نائب امیر لیاقت بلوچ

جماعت اسلامی کسی بھی حکومتی کوشش کے نتیجے میں دونوں جماعتوں کے کارکنوں کے درمیان تصادم نہیں چاہتی

لاہور (سٹاف رپورٹر) جماعت اسلامی پاکستان کی جانب سے واضح کیا گیا ہے کہ پٹرولیم لیوی کے خاتمے اور عوام کو معاشی ریلیف دلانے کے لیے جاری ملک گیر پرامن احتجاج اسلام آباد سپر لانگ مارچ کی صورت میں اگلے مرحلے میں داخل ہو گیا ہے اور حکومت کی جانب سے ٹھوس اقدامات سامنے آنے تک احتجاج ختم نہیں کیا جائے گا۔ نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ پارٹی کی پُرامن سیاسی، جمہوری اور آئینی جدوجہد کے تحت ملک بھر میں احتجاج، ہڑتالیں اور دھرنے کیے گئے، جبکہ لاہور، پشاور، کراچی، کوئٹہ سمیت متعدد مقامات پر کئی ہفتوں سے احتجاج جاری ہے۔ پارٹی نے 20 ستمبر کو کراچی سے امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن کی قیادت میں اسلام آباد کے لیے ٹرین مارچ بھی شروع کیا۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ جماعت اسلامی کی مذاکراتی کمیٹی نے حکومت کو پٹرولیم لیوی ختم کرنے اور اس کے متبادل محصولات کے لیے ٹھوس تجاویز پیش کی ہیں، جن کا مقصد عوام کو ریلیف دینا، پیداواری لاگت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 65)

کمشنر لاہور نعمان یوسف کا ضلع قصور میں جاری ترقیاتی و بیوٹیفکیشن پراجیکٹس کا دورہ

اس موقع پر ضلعی انتظامیہ نے ڈویلپمنٹ پراجیکٹس کے حوالے سے بریفنگ دی

لاہور (وقائع نگار) کمشنر لاہور نعمان یوسف نے ضلع قصور میں جاری ترقیاتی و بیوٹیفکیشن پراجیکٹس کا دورہ کیا۔ کمشنر لاہور نے ضلعی انتظامیہ کے ہمراہ مریم نواز ہیلتھ کلینک گنڈا سنگھ، بابا بلھے شاہ مزار تزئین و آرائش اور ڈویلپمنٹ پراجیکٹس پیشرفت کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ضلعی انتظامیہ نے ڈویلپمنٹ پراجیکٹس کے حوالے سے بریفنگ دی۔ کمشنر لاہور نے گرین بس اسٹینڈ، سٹی فوڈ کورٹ، ماڈل بازار میں جاری ترقیاتی و بیوٹیفکیشن کام کا جائزہ لیا۔ بعد ازاں کمشنر لاہور نعمان یوسف نے بابا بلھے شاہ دربار کا دورہ کیا اور دربار پر جاری تزئین و آرائش کاموں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے بابا بلھے شاہ لائبریری و گیلری میں کلام بلھے شاہ، تاریخ و کتب کا بھی جائزہ لیا۔ کمشنر لاہور ڈویژن نعمان یوسف نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر قصور کے اہم و بڑے بازار کی اپ گریڈیشن و بیوٹیفکیشن تکمیل کے قریب ہے۔ انہوں نے کہا کہ تزئین و آرائش کے حوالے سے بس اسٹینڈ اور فوڈ کورٹس بہترین کام ہوا ہے۔ کمشنر لاہور نے کہا کہ انتظامیہ کو ہدایت دی ہے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 67)

لاہور ہائیکورٹ میں عبوری ضمانت خارج ہونے پر ملزم کی فرار کی کوشش ناکام

امانت میں خیانت کے مقدمے میں ملزم عثمان چٹھہ کی تفتیشی افسر سے ہاتھا پائی، پولیس نے قابو کر لیا

عدالتی فیصلہ آتے ہی ملزم نے مبینہ طور پر عدالت سے نکلنے کی کوشش کی، اس دوران تفتیشی افسر اور ملزم کے درمیان گتھم گتھا ہوگئی

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ میں امانت میں خیانت کے مقدمے میں عبوری ضمانت خارج ہونے کے بعد ملزم عثمان چٹھہ کی مبینہ فرار کی کوشش ناکام ہوگئی، ضمانت خارج ہوتے ہی ملزم اور تفتیشی افسر کے درمیان ہاتھا پائی ہوگئی، جس پر متعلقہ پولیس اہلکاروں نے ملزم کو قابو کر لیا۔ جسٹس خالد ابن عزیز نے ملزم عثمان چٹھہ کی عبوری درخواست ضمانت پر سماعت کی۔ سماعت کے دوران پولیس کی جانب سے ملزم کے خلاف درج مقدمے کا ریکارڈ عدالت میں پیش کیا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزم عثمان چٹھہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 68)

موجودہ صورتحال میں قومی آل پارٹیز کانفرنس بلائی جائے' پیاف

سیاسی جماعتیں ایکدوسرے کو سپیس دیں، ملکی استحکام کیلئے وسیع تر مشاورت ضروری ہے' پیٹرن سہیل لاشاری

صنعتکاروں اور تاجروں کو بھی مدعو کیا جائے، آئندہ کی حکمت عملی مل کر طے کی جائے' چیئرمین محمود غزنوی

لاہور (کامرس رپورٹر) پاکستان انڈسٹری اینڈ ٹریڈرز ایسوسی ایشن فرنٹ (پیاف) کے بانی میاں شفقت علی، پیٹرن چیف پیاف انجینئر سہیل لاشاری، چیئرمین سید محمود غزنوی، سینئر وائس چیئرمین خواجہ کاشف الٰہی، وائس چیئرمین راجہ وسیم حسن اور چیئرمین ایسوسی ایٹ کلاس فرخ احسان خان نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ موجودہ مشکل معاشی حالات، سکیورٹی چیلنجز اور خطے کی کشیدہ صورتحال کے پیش نظر فوری طور پر قومی آل پارٹیز کانفرنس بلائی جائے جس میں تمام سیاسی و مذہبی جماعتوں کے ساتھ صنعتکاروں، تاجروں اور کاروباری برادری کی نمائندہ تنظیموں کو بھی مدعو کیا جائے تاکہ وسیع تر مشاورت کے ذریعے ملک کو درپیش مسائل کا جائزہ اور حل تجویز کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں قومی سطح پر اتفاق رائے پیدا کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے اور تمام اسٹیک ہولڈرز کو ملکی مفاد میں اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔

لاہور: سی ای او پاکستان ریلوے محمد حفیظ اللہ جدید سفری سہولتوں سے آراستہ اپ گریڈ قراقرم ایکسپریس کا افتتاح کرتے ہوئے

ایم کیو ایم کی اتوار والی ریلی ریفرنڈم تھا، دھمکیوں سے نہیں ڈرتے: خالد مقبول صدیقی

جاگیردارانہ نظام کے ہوتے ہوئے پاکستان کا مستقبل نہیں ہوسکتا، خاندانی حکومتوں کے اختتام کا وقت آچکا ہے

ریلی نے بہت ساری سازشوں کو خاک میں ملا دیا ہے اور ایم کیو ایم کے کارکنان کو کامیاب ریلی پر مبارکباد دیتا ہوں

مصنوعی اکثریت کے ذریعے سندھ کے شہری علاقوں کو غلام بنانے کا سلسلہ ختم ہونا چاہیے

کراچی (بیورو رپورٹ) چیئرمین ایم کیو ایم پاکستان خالد مقبول صدیقی نے کہا ہے کہ کراچی میں ایم کیو ایم کی ریلی ایک ریفرنڈم تھا، عوام نے تمام رکاوٹوں کے باوجود بڑی تعداد میں سڑکوں پر نکل کر تاریخ رقم کر دی۔ کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے خالد مقبول صدیقی کا کہنا تھا کہ 22 اگست کے بعد ایم کیو ایم کے لیے قدم قدم پر رکاوٹیں کھڑی کی گئیں، تاہم کراچی کے عوام نے تمام رکاوٹوں کے باوجود کامیاب ریلی نکالی۔ انہوں نے کہا کہ ریلی نے بہت ساری سازشوں کو خاک میں ملا دیا ہے اور ایم کیو ایم کے کارکنان کو کامیاب ریلی پر مبارکباد دیتا ہوں۔ چیئرمین ایم کیو ایم کا کہنا تھا کہ کراچی کے عوام نے کل سڑکوں پر آکر خود کو منوا دیا اور یہ بھی بتا دیا کہ کراچی بانیانِ پاکستان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45)

سندھ، 5 اضلاع میں اگست کے ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی تصدیق

کراچی (بیورو رپورٹ) سندھ میں رواں سال اگست کے دوران 5 اضلاع سے لیے گئے ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی تصدیق ہوئی ہے۔ ایمرجنسی آپریشن سینٹر (ای او سی) (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر41)

سندھ ہائیکورٹ، دیت کی رقم مکمل ادا نہ کرنے پر ملزم کے وارنٹ گرفتاری جاری، ملزم نیاز محمد کو گرفتار کر کے یکم اکتوبر کو پیش کیا جائے، کیماڑی پولیس کو حکم

کراچی (بیورو رپورٹ) کراچی: سندھ ہائیکورٹ نے دیت کی مکمل رقم ادا نہ کرنے والے ملزم کے وارنٹ گرفتاری جاری کر دیئے۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42)

پنجاب میں چینی سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں

چوہدری شافع حسین

سی پیک ہنان کی کمپنیوں کیلئے پنجاب میں سرمایہ کاری اور صنعتی تعاون کا مؤثر پلیٹ فارم ثابت ہوسکتا ہے، وزیر تجارت پنجاب

صوبے نے بیرونِ ملک سرمایہ کاری اور تعاون کے لیے آٹھ اہم شعبوں میں نمایاں صلاحیتیں پیدا کی ہیں

چانگشا (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر صنعت، تجارت و سرمایہ کاری پنجاب چوہدری شافع حسین نے کہا ہے کہ چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) ہنان کی کمپنیوں کے لیے پنجاب (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46)

P
P
P
HAPPY
BIRTH DAY
BILAWAL
CHAIRMAN
BHUTTO
ZARDARI Sb

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان کارکنوں کے ہمراہ چیئرمین پی پی پی بلاول بھٹو زرداری کی سالگرہ کا کیک کاٹ رہے ہیں

بلوچستان کے ضلع خضدار میں زلزلے کے جھٹکے، شدت 4.5 ریکارڈ کیا گیا

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) بلوچستان کے ضلع خضدار میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق خضدار میں آنے والے زلزلے کی شدت 4.5 ریکارڈ ہوئی ہے جبکہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47)

بیٹی کو چھوڑ کر ایشین گیمز کیلئے جاپان روانگی، ماحور شہزاد آبدیدہ

لاہور (سپورٹس رپورٹر) اولمپئن بیڈمنٹن پلیئر ماحور شہزاد ایشین گیمز میں پاکستان کی نمائندگی کے لیے جاپان روانہ ہوگئیں۔ ماحور شہزاد نے پہلی مرتبہ 2 سال 3 ماہ کی بیٹی کو چھوڑ کر قومی سطح کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر57)

سپریم کورٹ، خبیرون ملک بھجوانے کا جھانسہ دے کر کروڑوں کا فراڈ کرنیوالے ملزم کی ضمانت منظور

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) شہریوں کو بیرون ملک بھجوانے کا جھانسہ دے کر کروڑوں روپے لوٹنے کے کیس میں سپریم کورٹ نے ملزم محمد جہانزیب کی ضمانت منظور کر لی۔ ایڈیشنل (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58)

اپ گریڈڈ قراقرم ایکسپریس کا لاہور سے افتتاح، مسافروں کو محفوظ، آرام دہ اور معیاری سفری سہولیات کی فراہمی ریلوے کی ترجیح ہے' سی ای او محمد حفیظ اللہ

لاہور (وقائع نگار) جدید سفری سہولتوں سے آراستہ اپ گریڈڈ قراقرم ایکسپریس کا لاہور سے افتتاح کر دیا گیا۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر پاکستان ریلوے محمد حفیظ اللہ نے ڈی ایس لاہور انعام اللہ، سمیت دیگر افسران کے ہمراہ باقاعدہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59)

پاکستان کا اسٹیفن ہاکنگ، ایک انگلی سے لیپ ٹاپ چلا کر لاکھوں روپے کمانے والا عبدالمعید

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان کا اسٹیفن ہاکنگ کہلانے والے عبدالمعید گزشتہ 16 سال سے وینٹیلیٹر کے سہارے زندگی گزار (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 63)

نئے صوبوں، صدارتی اور بلدیاتی نظام میں زیادہ دیر نہیں، چودھری جعفر اقبال

بہاولپور اور اسلام آباد صوبوں کے قیام میں کوئی رکاوٹ نہیں، حکومت کو بنا دینے چاہئیں، بیان

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر چودھری جعفر اقبال نے کہا ہے کہ نئے صوبوں، صدارتی اور بلدیاتی نظام میں زیادہ دیر نہیں۔ لیگی سینیٹر چودھری جعفر اقبال نے اپنے بیان میں کہا کہ بہاولپور اور اسلام آباد صوبوں کے قیام میں کوئی رکاوٹ نہیں، حکومت کو بنا دینے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60)

بانیء پی ٹی آئی کی بہنوں کے ساتھ پنجاب حکومت کے سلوک کی مذمت کرتا ہوں: راجہ ناصر عباس

بنیادی انسانی وقار کو پامال کرنا کسی بھی مہذب معاشرے میں قابل قبول نہیں

اسلام آباد (سی ایم لنکس) سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر علامہ راجہ ناصر عباس نے بانیء پی ٹی آئی کی بہنوں کے ساتھ پنجاب حکومت کے سلوک کی مذمت کی ہے۔ اپنے بیان میں راجہ ناصر عباس نے کہا ہے کہ اقتدار پر قابض لوگ اپنے اقتدار کو طول دینے کے لیے ظلم اور جبر کرتے ہیں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 61)

بیرون ملک بھجوانے کا جھانسہ دے کر کروڑوں کا فراڈ کرنیوالے ملزم کی ضمانت منظور

ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے عدالت کو بتایا کہ ملزم نے ایک ہزار سے زائد متاثرین سے رقم حاصل کی

ملزم سے ابھی تک بہت سے نوجوانوں کی ڈگریاں برآمد کرنا باقی ہیں

اسلام آباد (سی ایم لنکس) شہریوں کو بیرون ملک بھجوانے کا جھانسہ دے کر کروڑوں روپے لوٹنے کے کیس میں سپریم کورٹ نے ملزم محمد جہانزیب کی ضمانت منظور کر لی۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے عدالت کو بتایا کہ ملزم نے ایک ہزار سے زائد متاثرین سے رقم حاصل کی، جبکہ 3 ہزار سے زائد (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 62)

ڈے کیئر سینٹرز کو قانونی دائرے میں لانے کا فیصلہ، قانون سازی کی یقین دہانی

باقاعدہ قانون سازی کیلئے مسودہ جلد تیار کیا جائیگا، سیکرٹری ویمن ڈویلپمنٹ کی قائمہ کمیٹی کو یقین دہانی

کمیٹی کی تجویز پر عملدرآمد کیا جائے گا اور اس معاملے پر پہلی فرصت میں اجلاس منعقد کر کے قانون سازی کا عمل آگے بڑھایا جائے گا

لاہور (سٹاف رپورٹر) کم سن بچوں کی نگہداشت کے لئے قائم ڈے کیئر سینٹرز کو قانونی دائرے میں لانے کا فیصلہ کر لیا گیا، سیکرٹری ویمن ڈویلپمنٹ ثمن رائے نے قائمہ کمیٹی برائے ویمن ڈویلپمنٹ کو یقین دہانی کرائی ہے کہ ڈے کیئر سینٹرز کے حوالے سے باقاعدہ قانونی فریم ورک تشکیل دینے کے لئے قانون سازی کی جائے گی اور اس کا مسودہ جلد تیار کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ قائمہ کمیٹی کے اجلاس میں چیف وہپ مسلم لیگ (ن) رانا ارشد نے استفسار کیا کہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 66)

لاہور: اکاؤنٹنٹ جنرل پنجاب محترمہ نعمان گل رخ 53 ویں کامن کے پاکستان آڈٹ اینڈ اکاؤنٹس کے زیر تربیت افسران کے ساتھ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان میں نیو انرجی گاڑیوں کی مقامی تیاری کی جانب اہم پیشرفت

بی وائی ڈی کی سیلین 6 کی پاکستان میں مقامی اسمبلنگ شروع کرنے کا اعلان

سیلین 6 پہلی مقامی طور پر اسمبل ہونے والی گاڑی ہوگی، مجموعی رینج 1100 کلومیٹر تک ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) چینی نیو انرجی وہیکل کمپنی بی وائی ڈی نے پاکستان میں اپنی موجودگی مزید مستحکم کرنے کی جانب اہم قدم اٹھاتے ہوئے چوتھی سہ ماہی 2026 سے اپنی گاڑی ''سیلین 6'' کی مقامی اسمبلنگ شروع کرنے کا اعلان کر دیا ہے۔ بی وائی ڈی کی پاکستانی پارٹنر کمپنی میگا موٹر کمپنی کے مطابق سیلین 6 پاکستان میں مقامی طور پر اسمبل ہونے والی کمپنی کی پہلی گاڑی ہوگی جس سے گاڑیوں کی درآمد کے بجائے ملک میں مقامی پیداوار کی جانب اہم پیشرفت ہوگی۔ یہ اعلان لاہور میں منعقدہ پاکستان آٹو شو کے دوران کیا گیا، جہاں بی وائی ڈی اور میگا موٹر کمپنی نے چینی کمپنی کی الیکٹرک اور پلگ اِن ہائبرڈ گاڑیوں کی وسیع رینج، لگژری ٹیکنالوجی برانڈ ''ڈینزا'' اور بی وائی ڈی کے مختلف اصل ماڈلز بھی نمائش کے لیے پیش کیے گئے۔ کمپنی کے مطابق سیلین 6 کی مقامی اسمبلنگ پاکستان میں بی وائی ڈی کی طویل المدتی حکمت عملی کا اہم سنگ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 71)

صوبوں کے بجائے کالا باغ ڈیم سمیت
بڑے ڈیم بنائے جائیں۔
پنجاب کی تقسیم نامنظور۔ نامنظور
منجانب: ہیلپ پور وویمن اینڈ چائلڈ آرگنائزیشن پاکستان اینڈ پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹرین

لاہور: ہیلپ پور وویمن اینڈ چائلڈ آرگنائزیشن پاکستان کے زیر اہتمام احتجاجی مظاہرہ کیا جا رہا ہے

بیٹی کے قتل کا جرم ثابت، باپ کو سزائے موت، داماد کو 2 سال قید، دوران سماعت مدعیہ فوزیہ کی جانب سے حافظ اسرار الحق ایڈووکیٹ نے 13 گواہان کے بیانات قلمبند کرائے

لاہور (کورٹ رپورٹر) شمالی چھاؤنی میں بیٹی کو قتل کرنے کے کیس کا فیصلہ سنا دیا گیا، ایڈیشنل سیشن جج افضال احمد ثاقب نے جرم ثابت ہونے پر مجرم باپ برکت مسیح کو سزائے موت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر69)

برائلر گوشت کی قیمت میں 8 روپے کلو کمی کر دی گئی

لاہور (سٹاف رپورٹر) شہر میں پرچون سطح پر فی کلو برائلر گوشت کی قیمت مزید 8 روپے کمی سے 439 روپے، زندہ برائلر کی قیمت 5 روپے کمی سے 303 روپے فی کلو جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت 255 روپے فی درجن کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر70)

ایڈیٹر: رانا خالد قمر، مینجنگ ایڈیٹر: رانا مجتبیٰ
پبلشر ملک سلیم اعوان نے پوائنٹ پرنٹرز (الجریدہ) گڑھی شاہو سے چھپوا کر LDA55/S بلاک B فیصل ٹاؤن سے شائع کیا فون: 0423-5194748
E:Mail
dailysehar1@gmail.com